# کا

۱۲۳

# رسالہ

# مقاصد انجمن نعمانیہ ہند مقام لاہور

## (اصول جو تبدیل نہیں ہو سکتے)

(الف) اس انجمن کے ہر ایک کام میں اتباع شریعت غرائے مصطفوی علیٰ صاحبہا التحیۃ والسلام حسب مذہب حنیف حنفی لازم ہوگا +

(ب) مجموعۂ عقائد مرتبہ انجمن ہذا جو اس کے ساتھ بطور ضمیمہ شامل ہے اس کی پابندی ہر ایک رکن پر لازم و واجب ہوگی +

**مقاصد انجمن** (۱) حنفیہ کرام بالخصوص علمائے حنیف حنفی کی جماعت کو ترقی دینا اور عقائد و اعمال حنفیہ کی تعلیم کا انتظام کرنا +

(۲) تبلیغ اسلام بقید مذہب حنفی + (۳) اہل سنت وجماعت مسلمانوں میں دینی اتحاد پیدا کرنا + (۴) سیاسی امور سے علیحدہ رہکر اہل سنت وجماعت کے دینی مفاد کے لئے گورنمنٹ عالیہ کیخدمتمیں حسب ضرورت وقتاً فوقتاً مؤدبانہ گزارشات کرنا اور انکے خیالات کی نیابت کرنا اور جو احکام گورنمنٹ کیطرف سے کسی دینی معاملہ کے متعلق آئیں اُنکو اپنی رسائی تک شائع کرنا +

**عملی تجاویز** مندرجۂ بالا مقاصد کی تکمیل کے لئے حسب گنجائش تجاویز ذیل عمل میں لائی جائیں گی +

(الف) ایک حنفی دار العلوم کا قائم رکھنا اور اُس کے متعلق ہند کے مختلف حصوں میں مردانہ و زنانہ مدارس کا جاری کرنا اور موجودہ حنفی [illegible]ں کو دار العلوم کے متعلق کرنا اور سب مدارس میں یکساں نصاب اور تعلیم و تربیت کا انتظام کرنا +

(ب) ایک دار الافتاء کا قائم رکھنا + (ج) اہل سنت وجماعت کے یتیم خانہ کا قائم کرنا + (د) اسلامی کتب خانوں کا قائم کرنا اور موجود حنفی کتب خانوں کو تقویت دینا + (ہ) واعظوں اور سفیروں ا[illegible] تصنیفات و تالیفات اور رسالوں اور فتووں وغیرہ کے ذریعے تبلیغ احکام اسلام باتباع مذہب حنفیہ کرنا اور مقاصد اور کارروائی انجمن کی اشاعت کرنا +

# انجمن نعمانیہ لاہور

حامداً و مصلیاً و مسلماً

## اعتذار والتماس

ناظرین کرام کو یاد ہوگا کہ ماہ ذی الحجہ ۱۳۳۷ھ کا
ماہوار رسالہ آپ کی خدمت میں ماہ صفر ۱۳۳۸ھ
میں ارسال ہوا تھا۔ اس کے بعد جلسہ سالانہ آگیا
جس کی وجہ سے رسالہ کے شیوع آئندہ کی
...یف متوجہ ہونے کا موقع نہ ملا۔
...ل دقت بھی ایک حد تک سدِ راہ رہی ہے
...ظر برین حالات امید ہے کہ ناظرین کرام ...

## غیر معمولی تاخیر کے لئے ہمیں معذور سمجھیں گے

### والعذر عند کرام الناس مقبول

اس عالمگیر قحط کے زمانہ میں جبکہ ہر طرف سے نفسی نفسی کی صدائیں آ رہی ہیں۔ اس انجمن کے لنگر کا جاری رہنا محض عنایت ایزدی ہے۔ خدا تعالیٰ ان اصحاب کو جزائے خیر دے جنہوں نے ایسے حالات میں اپنے اخراجات میں سے پس انداز کرکے اس انجمن کی اعانت فرمائی۔ لوگ بالعموم ماہ رجب المرجب و شعبان المعظم و رمضان المبارک میں اپنے مالوں کی زکوٰۃ نکالا کرتے ہیں۔ لہٰذا ہم اپنے حنفی بھائیوں سے پرزور سے التماس کرتے ہیں کہ وہ زکوٰۃ و صدقات کے لئے اس واحد دینی انجمن کا ضرور خیال رکھیں

کیونکہ یہ انجمن بنا بر فتوائے علمائے نامدار ہر قسم کے صدقات کا سب سے اچھا مصرف ہے۔
پیارے بھائیو! آپکے عطیات طلبہ دین متین کے مصارف میں کام آئینگے۔ یہی طلبہ ہیں جنسے تبلیغ اسلام جیسے اہم کام کا سرانجام پانا متصور ہے۔ اراکین انجمن جس قدر ہیں سب کے سب اعزازی طور پر خالصاً لوجہ اللہ کام کرتے ہیں۔ بلکہ حتے المقدور اپنی گرہ سے بھی وقتاً فوقتاً انجمن کی مالی امداد کرتے رہتے ہیں۔ آپ دیکھتے ہیں کہ نئے نئے فرقے اپنے عقائد باطلہ کی ترویج میں کس طرح کوششیں کر رہے ہیں۔ مگر حیف آپ اپنے عقائد حقہ کی اشاعت میں اُنکے عشر عشیر بھی کوشش نہیں کرتے اگر حنفیہ کرام جو مُلک ہند بلکہ دُنیا میں سواد اعظم ہیں۔ خواب غفلت سے بیدار ہو جائیں۔ تو اس انجمن

کو آئے دن مالی دقتوں کا سامنا پیش نہ آئے۔
انجمن کے ضروریات کی طرف بارہا ناظرین کی
توجہ مبذول کرائی گئی ہے۔ مکان انجمن میں توسیع
کی سخت ضرورت لاحق ہے۔ گذشتہ ایام میں
کتب خانۂ انجمن میں ایک معقول اضافہ ہوا
ہے۔ مگر بانیانِ انجمن کی خواہش ہے کہ اس کتب خانہ
میں ہر قسم کی کتابیں موجود ہونی چاہئیں۔
دار العلوم نعمانیہ اور شعبہ تصنیف و تالیف کے لئے
چند مشاہیر علمار کی ضرورت ہے۔ اللہ تعالےٰ جس
بھائی کو توفیق دے وہ جس شعبہ میں امداد کرنا چاہے
کر سکتا ہے جلسہ سالانہ پر جو مضامین پیش ہوئے تھے۔ وہ
سب کے سب اس رسالہ میں مناسب موقع پر درج ہیں اور رسالہ
کی ضخامت معمول سے زیادہ ہو گئی ہے۔ لہذا اس رسالہ کے
اخراجات ہمارے تخمینہ سے بوجہ گرانی اشیا بہت بڑھ گئے ہیں۔ مدیر رسالہ

مگر پاؤں کو نہ دھوئے - پھر اپنے سر اور داڑھی اور تمام جسم پر پانی بہائے اور سب کو دھوئے یہانتک کہ اُس کو پاک کر دے - پھر غسل کی جگہ سے دور ہو جائے اور اپنے دونوں پاؤں کو دھوئے - اگر سر اور تمام جسم پر تین بار پانی بہائے - تو اُسے کافی ہے - کم سے کم مقدار جو غسل کے لئے کافی ہو - ایک صاع ہے اور وضو کے لئے کم سے کم ایک مُد ہے - عورت کا غسل حیض سے اور جنابت سے پاک ہونے کے لئے اسی طرح ہے جیسا کہ مرد کا غسل جنابت سے پاک ہونے کے لئے ہوتا ہے - اگر عورت اپنے سر کے بال نہ کھولے مگر پانی بالوں کی جڑوں تک پہنچ جائے - تو اُسے کافی ہے - اگر غسل جنابت سے برتن میں کچھ چھینٹے پڑیں - تو پانی ناپاک نہ ہوگا - کیونکہ اس سے بچ نہیں سکتے - اگر اپنے سر یا جسم پر پانی بہائے یا اپنی شرمگاہ کو دھوئے اور اُس تمام پانی کو برتن میں جمع کرے تو یہہ پانی ناپاک ہوگا - اگر کسی پاک برتن میں وضو کرے - اور دوسرا شخص اُسی سے وضو کرے تو کافی نہیں کیونکہ اُس پانی سے ایک دفعہ وضو کیا گیا ہے - لہٰذا جو اس کے بعد اس سے وضو کرے گا اُسے کافی نہ ہوگا - اور اگر اس وضو سے ایک دن یا زیادہ نماز پڑھے - تو اُس پر واجب ہے کہ وضو پھر کرے اور تمام نمازوں کو از سرِ نو پڑھے - اگر حیض والی عورت پانی پیئے یا پانی سے وضو کرے تو اُس پانی سے جو برتن میں بچ رہے وضو کرنا جائز ہے کیونکہ وہ

---

ملہ صاع سے مراد صاع عراقی ہے جو چار مُد کا ہوتا ہے اور مد دو رطل کا اور رطل ایک سو تیس درم کا ہوتا ہے - پس صاع وہ پیمانہ ہوا جس میں ایک ہزار چالیس درم بھر مونگ یا مسور آجائیں ۱۲ +

ماء طاهر وكذا لوكان الذى شرب او توضا جنبا ولو
ادخلت حائض يدها فى حب او اناء فيه ماء فلا باس بشربه
والوضوء منه اذا لم يكن فى يدها قذر وان كان فى
يدها قذر لم يشرب ولا يتوضا به وكذا الجنب فلو
ادخل الجنب يده فى الاناء قبل ان يغسلها ثم اغتسل بذالك
الماء اجزأه ان لم يكن فى يده قذر وان كان فى يده قذر لم
يجزيه واحب ان يبدأ بذكر اسم الله تعالى حين يبدأ فى الوضوء
وفى الغسل ولو ترك ذلك ناسيا او متعمدا لم يضره
فلو بزق من يتوضا او امتخط فوقع فى انائه فتوضأ به وصلى
فلا باس به وصلاته تامة واحب ان يتوضا بغير سور الهر
فان فعل وصلى اجزأه ويكره الوضو بسؤر الدجاجة ان كانت
مخلى عنها فلو توضا به فصلى اجزأه لانه لم ير فى منقارها قذرا
واحب الى ان يتوضا بغيره وان كانت محبوسة فلا باس بالوضوء
به ولو رأى فى منقارها قذرا فشربت من الاناء لم يتوضا منه ولو فعل فصلى

پاک پانی ہے۔ اور اگر پانی پینے والا یا وضو کرنے والا جنبی ہو۔ تو اُس کا بھی یہی حکم ہے۔ اور اگر حیض والی عورت پانی کے مٹکے یا برتن میں اپنا ہاتھ ڈال دے۔ تو اس پانی کے پی لینے اور اس سے وضو کرنے میں کچھ ڈر نہیں جبکہ اس کے ہاتھ پر پلیدی نہ ہو۔ اور اگر اس کے ہاتھ پر پلیدی ہو۔ تو اس پانی کو نہ پینا چاہیئے اور نہ اس سے وضو کرنا چاہیئے۔ اور یہی حکم جنبی کا ہے۔ پس اگر جنبی ہاتھ دھونے سے پہلے برتن میں اپنا ہاتھ ڈال دے۔ پھر اس پانی سے غسل کرلے۔ تو یہ اُسے کافی ہے اگر اس کے ہاتھ پر پلیدی نہ ہو۔ اور اگر جنبی کے ہاتھ پر پلیدی ہو۔ تو اُسے کافی نہیں۔ اور میں پسند کرتا ہوں کہ وضو اور غسل شروع کرتے وقت بسم اللہ پڑھی جائے۔ اگر بھول کر یا جانکر بسم اللہ کو ترک کرے۔ تو مضر نہیں۔ اگر وضو کرنے والا تھوکے یا ناک صاف کرے۔ اور وہ تھوک یا ناک کی میل اس کے برتن میں گر پڑے۔ پھر وہ اس سے وضو کرلے اور نماز پڑھ لے۔ تو کچھ مضائقہ نہیں۔ اس کی نماز پوری ہے۔ میں پسند کرتا ہوں کہ بلّی کے جھوٹے پانی سے وضو نہ کرے۔ اگر کرے اور نماز پڑھ لے۔ تو کافی ہے۔ اور مرغی کے جھوٹے پانی سے وضو مکروہ ہے اگر وہ آوارہ گرد ہو۔ پس اگر اس سے وضو کرکے نماز پڑھ لے۔ تو کافی ہے کیونکہ اس کی چونچ پر پلیدی نہیں دیکھی گئی۔ اور مجھے پسند یہ ہے کہ اس سے وضو نہ کیا جائے۔ اور اگر مرغی بند رکھی جاتی ہو۔ تو اس کے جھوٹے پانی سے وضو کرنے میں کچھ مضائقہ نہیں۔ اگر مرغی کی چونچ پر پلیدی دکھائی دے۔ اور وہ برتن میں سے پانی پی لے تو اس پانی سے وضو نہ کرے۔ اگر اس سے وضو کرکے نماز پڑھ لے۔

فعليه ان يعيد الوضوء والصّلوٰة ولا باس ان يتوضا ممّا فى
اناء شرب منه طير اوشاة اوبقرة اوبعير اوفرس اوبرذون
اوشيءٌ مما يوكل لحمه ولو شرب منه شيء مما لايؤكل لحمه كالحمار
والبغل وشبه ذالك لايتوضا به ولو توضا منه وصلى يوما
اواكثرا عاد الوضوء والصّلوٰة ولو وقع فى انائه ذباب
او زنبور اوعقرب اوخنفساء اوجراد او نمل
اوصرصر فمات فيه او وجد ذلك فى حب ميتا لم
يفسد الماء لانه ليس له دم فلا باس بالوضوء منه
وكذا كل شيءٍ ليس له دم سائل ولو وقع فى انائه
شيءٌ من خمر اودم او بول او عذرة او وقع
ذالك فى الحب وهو قليل اوكثير لم يتوضا به ولا
يشرب منه فلو توضا وصلى اياما فعليه ان يعيد الوضوء
والصّلوات كلها ولو وقع فى وضوئه لعاب مايؤكل لحمه
او وقع فى الحبّ لم يفسد الماء ولا باس ان يتوضا به ويشرب
منه ولو وقع بول ما يؤكل لحمه فى الاناء او فى الحب فسد الماء
عند الشيخين وهو فاسد فان توضا به وصلى اعاد الوضوء

تو اسے وضو اور نماز کا اعادہ کرنا چاہیئے۔ اور مضائقہ نہیں کہ اُن تن کے پانی سے وضو کیا جائے جس میں سے کوئی پرندہ یا بکری یا بیل یا اونٹ یا گھوڑا یا تاتاری گھوڑا یا اور جانور پانی پی جائے جس کا گوشت کھایا جاتا ہو۔ اگر ایسا جانور کہ جس کا گوشت نہ کھایا جاتا ہو ( مثلاً گدھا خچر وغیرہ ) برتن میں سے پانی پی لے۔ تو اس سے وضو نہ کرنا چاہیئے۔ اگر کرلے اور ایک دن یا زیادہ کی نمازیں پڑھ لے۔ تو وضو اور تمام نمازوں کا اعادہ کرے۔ اگر مکھی یا بھڑ یا بچھو یا گبریلا یا ٹڈی یا چیونٹی یا جھینگر برتن میں گر پڑے اور مر جائے یا مٹکے میں مردہ پایا جائے۔ تو اس سے پانی ناپاک نہیں ہوتا کیونکہ ان میں خون نہیں ہوتا۔ اس لئے اس پانی سے وضو کرنے میں کچھ ڈر نہیں۔ یہی حکم ہے ہر جاندار کا جس میں بہنے والا خون نہیں۔ اگر شراب یا خون یا پیشاب یا آدمی کی پلیدی میں سے کچھ کسی برتن یا مٹکے میں گر پڑے خواہ قلیل ہو یا کثیر۔ اس سے وضو نہ کرنا چاہیئے اور نہ اُسے پینا چاہیئے۔ اگر اس سے وضو کرکے کئی دن نمازیں پڑھے۔ تو وضو اور تمام نمازوں کا اعادہ کرے۔ اگر ماکول اللحم جانور کا لعاب پانی کے برتن یا مٹکے میں گر پڑے۔ تو پانی ناپاک نہ ہوگا۔ اور اس سے وضو کرنے اور پی لینے میں کچھ مضائقہ نہیں۔ اور اگر ماکول اللحم کا پیشاب برتن یا مٹکے میں گر پڑے۔ تو شیخین کے نزدیک پانی ناپاک ہو جائے گا۔ اور وہ پیشاب نجس ہے۔ اگر اس پانی سے وضو کرکے نماز پڑھے۔ تو وضو اور نماز کا

---

مسئلہ ماکول اللحم کے پیشاب کی نجاست اگرچہ شیخین کے نزدیک خفیفہ ہے جیساکہ ہدایہ وغیرہ میں مذکور ہے مگر پانی کے حق میں خفیفہ و غلیظہ یکساں ہیں جیساکہ شامی میں ہے۔ لہٰذا ماکول اللحم کے پیشاب سے پانی ناپاک ہو جائے گا ۱۲ ٭

والصلوة وقال محمد ما اكلت لحمه فلا باس ببوله
وان وقع فی ماء لم یفسد مالم یغلب علی الماء
فلا یتوضا به ولا باس بشرب بوله کالناقة وشبهها
وقال یعقوب لا باس بشرب بول ما یؤکل لحمه
ویفسد الماء وان کان قلیلا ولو بدأ المتوضی
برجلیه قبل ذراعیه او رأسه او بذراعیه قبل
وجهه او ترک بعض اعضائه حتی جف ما قد غسل
او فعل ذالک فی غسله ثم غسل ما بقی یجزیه غسله
ووضوءه تام ولکن افضل ذلک ان یبتدی
بوجهه ثم بذراعیه ثم یمسح براسه ثم یغسل
برجلیه ولو وقع فی الاناء خرء عصفور او حمام
القاه منه ثم توضا به ولو وقع فیه خرء دجاجة
لم یتوضا به ولو فعل وصلی اعاد الوضوء والصلوت
کلها ولو شرب من الاناء فارة او حیة او وزغة
لا یتوضا به فلو فعل فصلی اساء وصلاته
تامة ولو شرب منه سبع او کلب

اعادہ کرے - امام محمدؒ کا قول ہے کہ ماکول اللحم کے پیشاب کا کچھ ڈر نہیں (یعنی طاہر ہے) اگر وہ پانی میں گر پڑے - تو پانی ناپاک نہیں ہوتا جب تک کہ پانی پر غالب نہ آئے - اور غلبہ کی صورت میں اس سے وضو نہ کرنا چاہیئے - اور ماکول اللحم (مثلاً اونٹنی اور اس کے مشابہ اور جانور) کا پیشاب پینے میں کچھ مضائقہ نہیں - اور امام یعقوبؒ (ابو یوسف) کا قول ہے کہ ماکول اللحم کا پیشاب پینے میں کچھ مضائقہ[مسئلہ] نہیں - مگر یہہ پیشاب خواہ قلیل ہو پانی کو ناپاک کر دیتا ہے - اگر وضو کرنے والا اپنے ہاتھوں یا سر سے پہلے پاؤں سے ابتدا کرے یا منہہ سے پہلے اپنے ہاتھوں سے ابتدا کرے یا اپنا کوئی عضو چھوڑ جائے یہاں تک کہ دھوئے ہوئے عضو خشک ہو جائیں یا ایسا فعل غسل میں کرے - پھر باقی کو دھوئے تو اس کا غسل اُسے کافی ہے اور اس کا وضو پورا ہے - لیکن افضل یہہ ہے کہ منہہ سے ابتدا کرے پھر دونوں ہاتھ (کہنیوں سمیت) دھوئے - پھر سر کا مسح کرے - پھر دونوں پاؤں دھوئے - اگر برتن میں چڑیا یا کبوتر کی بیٹ گر پڑے - تو اُسے نکال پھینکے - پھر اس سے وضو کرلے - اگر پانی کے برتن میں مرغی کی بیٹ گر جائے - تو اُس سے وضو نہ کرے - اگر کرلے اور نمازیں پڑھ لے - تو وضو اور تمام نمازوں کا اعادہ کرے - اگر برتن میں سے چوہا یا سانپ یا گرگٹ پانی پی جائے - تو اس سے وضو نہ کرے - اگر کرے اور نماز پڑھے - تو اس نے بُرا کیا - اور اس کی نماز پوری ہے - اگر کوئی درندہ یا کتا برتن میں سے پانی پی جائے -

---

مسئلہ امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ کے نزدیک ماکول اللحم کے پیشاب کا پینا کسی صورت میں جائز نہیں - امام ابو یوسف کے نزدیک دوا کے طور پر پینا جائز ہے - امام محمدؒ کے نزدیک دوا اور غیر دوا دونوں طور پر جائز ہے کذا فی البحر ۱۲ +

لم يتوضا به فلو فعل وصلى اعاد الوضوء والصّلوات
كلّها ولو وقع فيه شيئ من البعوض او البراغيث فلا
باس با لوضوء منه لان دم هذا ليس بشيئ ولو شرب
من انائه مالا يؤكل لحمه من سباع الطير اكره الوضوء به
وان توضا به وصلى اجزاه استحسن ذالك والقياس

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# کیفیت بتیسواں سالانہ جلسہ انجمن نعمانیہ ہند لاہور

## منعقدہ

## ۴-۵-۶- ربیع الاول ۱۳۳۸ھ مطابق ۲۸-۲۹-۳۰ نومبر ۱۹۱۹ء

---

الحمد للہ رب العالمین- حمدًا یوافی نعمہ ویکافی مزید کرمہ- والصلوٰۃ والسلام علےٰ سیدنا ونبینا وشفیعنا وحبیبنا محمدٍ المخاطب وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین وعلےٰ اٰلہ الطیبین الطاہرین واصحابہ الذین جاھدوا فی اشاعۃ الدین واولیاء امتہ الذین رضی اللہ عنہم ورضوا عنہ- اما بعد- لا تعدولا تحصے شکر وسپاس اس واہب العطایا کا جس کے فضل عمیم سے بتیسواں سالانہ جلسہ انجمن نعمانیہ ہند لاہور کا بتواریخ ۴-۵-۶ ربیع الاول ۱۳۳۸ھ مطابق ۲۸-۲۹-۳۰ نومبر ۱۹۱۹ء بایام جمعۃ المبارک- ہفتہ و اتوار- بخیر وخوبی انجام پذیر ہوا- اور ہر طرح سے سالہائے ماسبق سے (باوجود تقاضائے حالات زمانہ) بہتر رہا- الحمد للہ رب العالمین +

مختصر تفصیل حسب ذیل ہے

حسب معمول مشاہیر علماء- فضلاء- شعراء- مقررین کو متواتر خطوط مع شائع

بھیجے گئے۔ اشتہارات شائع کئے گئے اور نقشہ جات انضباط اوقات میں
بہت احتیاط کے ساتھ ان حضرات کے اسماء گرامی روزانہ درج کئے جاتے
رہے۔ جن کے حتمی تحریری وعدے آچکے ہوئے تھے۔ پھر بھی کئی حضرات
یا تو بالکل شامل نہ ہوسکے یا وقت مقررہ پر نہ پہنچ سکے۔ اور ہندوستان
کے دُور دست مقامات کے عمائد و مشاہیر نے تو یہ عذرات بھی کئے کہ وہ
پنجاب کی سردی کو برداشت نہیں کر سکتے۔ اور ان کے لئے اس موقع پر سفر
خالی از وقت نہ ہوگا۔ لیکن بفضلہ تعالیٰ غیر مترقب طور پر جس موقع پر
کسی صاحب کا وقت مقرر تھا۔ اور وہ نہ پہنچ سکے۔ تو باعضال ایزدی
نعم البدل موجود ہو گئے۔ اور اس قدر کثرت علماء و واعظین مقررین
کی رہی کہ بہت سے خاص اہل پنجاب کو موقع نہ مل سکا۔ اور ان کو بوجہ
پنجابی ہونے کے ہمدردی کے پہلو میں معذرت کی گئی۔ کیونکہ انکی حیثیت
میزبان کی تھی نہ کہ مہمان کی۔

جمعۃ المبارک کو صبح سے ختم ہائے قرآن شریف بہ تقسیم اجزائے سیپارہائے
قریباً نو بجے تک کیا گیا۔ اور علماء و طلبہ دوسری طرف بخاری شریف
کا ختم کرتے رہے۔ اسکے بعد موجودہ شیرینی وغیرہ پر ختم شریف پڑھکر
ایصال ثواب بارواح طیبات سید الکائنات ؐ و آل و اصحاب تابعین
و تبع تابعین و مجتہدان دین بالخصوص امام الائمہ سراج الامہ حضرت
نعمان ابن ثابت امام اعظم ابی حنیفہ کوفی رضوان اللہ تعالےٰ
علیہم اجمعین کیا گیا۔ اور اسدن ایک بجے دوپہر تک نعت خوانی و مجلس میلاد
شریف ہوتی رہی۔ اس مجلس کے بہت با رونق ہو جانے کا باعث ایک یہ
تھا کہ حاجی محمد اکبر خلق صاحب وارثی مداح رسولخدا صلے اللہ علیہ
وسلم، معہ اپنے ہمراہین کے تشریف لائے ہوئے تھے۔ جن کے

شائق سامعین کا اسقدر ہجوم ہوتا تھا کہ مکان جلسہ گاہ میں گنجائش باقی نہ رہتی تھی - باقی ہر دو ایام شنبہ و یکشنبہ سات سے نو تک اسی پر عمل ہوتا رہا - اور روزانہ ہر نئے اجلاس کے شروع میں آدھ گھنٹہ یہی عمل جاری رہا - نعت خوانوں میں علاوہ وارثی صاحب کے حاجی قدرت اللہ صاحب دہلوی - حافظ محمد حسین صاحب امرتسری - غلام محمد خانصاحب بجنوری - مولوی عبد اللہ صاحب محرر ثانی وغیرہ حضرات شریک رہے - بعد فراغت طعام و نماز جمعہ حسب صراحت صدر ڈھائی بجے سے جلسہ شروع ہوا - افتتاحی تقریر صدارت صاحب دبیر انجمن نے بوجہ ناسازی طبع جناب مفتی حکیم سلیم اللہ خان صاحب صدر انجمن بیان کی - اسکے بعد مولوی سید محمد ابراہیم صاحب ہیڈ نقشہ نویس سرسہ نے (جو عین وقت پر پہنچے) اپنی تحریری تقریر پڑھکر سنائی جو بہت پسند کیگئی - اسکے بعد مولانا مولوی ابو النصر کمال الدین حمد اللہ صاحب (بہی) کا وقت تھا جو کسی باعث سے اخیر تک نہ پہنچ سکے اسلئے جناب مولانا مولوی مفتی سید اعظم شاہ صاحب مفتی آگرہ نے نہایت پر اثر وعظ فرمایا اور چونکہ جودت صاحب بھی نہ پہنچ سکے تھے - نماز عصر تک مفتی صاحب موصوف وعظ فرماتے رہے پھر نماز عصر کے لئے فراغت دی گئی اور بعد فراغت از طعام شب ساڑھے چھ بجے سے جلسہ حسب معمول نعت خوانی سے شروع ہوا - جس کے بعد ایک ایسے صاحب نے وعظ شروع کیا - جسکے بیان سے معلوم ہوا کہ وہ انجمن کے ہم عقیدہ نہیں اس لئے حاضرین کی فرمائش پر مولوی سعید احمد صاحب خلف الصدق مولانا مولوی فتح محمد تائب مرحوم و مغفور نے وعظ فرمایا اور چونکہ مولوی محمد یار صاحب بہاولپوری جن کا نام اسوقت کے لئے شائع

ہوا تھا تشریف نہ لائے تھے۔ مولانا صاحب ممدوح نے پورے بسط کے ساتھ
دس بجے رات تک بیان فرمایا اور دعا پر اس دن کا جلسہ ختم کیا گیا۔

**شنبہ کو** روزانہ کارروائی کے بعد جس میں منشی عمر دراز خاں صاحب
نے بھی نعت خوانی کا ثواب حاصل کیا۔ مولوی حاجی **محمد الدین صاحب**
مدرس قصور کا مضمون نصائح شیث علیہ السلام اور جناب مولوی شیخ
**محمد صدیق صاحب** لکھنوی کی تقریر متصوفانہ صاحب دبیر انجمن
نے پڑھکر سنائی۔ اور سر قاضی سید **عبد الغفار شاہ صاحب** مہتمم
مدرسہ عربیہ معسکر بنگلور کی نظم عربی بے نقط اور قاضی **محمد اسحاق**
**صاحب** قاضی ریاست انب کی نظم عربی **فقیر توکلی** نے پڑھکر سنائی
اور مولوی **روشن الدین صاحب** بہاولپوری معلم دار العلوم
جامع مسجد میرٹھ کی تقریر تحریری بعنوان "انسانی ہستی" اور ماسٹر
**غلام حیدر صاحب** پنشنر ہیڈ ماسٹر سرگودھا کی تقریر تحریری بتحریص
امداد انجمن بھی **فقیر توکلی** نے پڑھکر حاضرین کو مسرور کیا۔ اس میں
شک نہیں کہ اول الذکر مولوی روشن الدین صاحب کی تقریر نہایت دلچسپ
تھی اور بہت پسند کی گئی۔ حاضرین نے احسنت و مرحبا کے نعرے بلند
کیئے۔ واقعی نہایت عمدہ پیرایہ میں لکھی گئی تھی جو مدلل و مبرہن تھی۔ بعدہ
جناب مولوی حکیم **شاہ عبد الاحد صاحب** خلف الصدق جناب مولانا
وصی احمد محدث سورتی رحمۃ اللہ علیہ نے بہت مؤثر وعظ فرمایا جس سے حاضرین
بہت متاثر ہوئے۔ اس کے بعد جناب مولانا مولوی **شاہ معوان حسین**
صاحب مہتمم مدرسہ ارشاد العلوم (ریاست رامپور) کا وقت تھا۔ جو
بوجہ علالت طبع رونق افروز نہ ہو سکے تھے۔ انکی بجائے مولوی حاجی
**محمد یار صاحب** (بہاولپوری) سرآمد واعظین پنجاب نے نہایت

پراثر وعظ فرمایا جس سے سامعین [illegible] مولوی
**ابو یوسف محمد شریف** صاحب (کوٹلی لوہاران ضلع سیالکوٹ) [illegible] تشریف
نہ لاسکے۔ جنکے وقت میں پیرزادہ **عبد السلام** صاحب واعظ ہمدانی
(امرتسر) نے بہت خوش اسلوبی سے بقدر گنجائش وقت بیان فرمایا اور
ظہر کے لئے فراغت دیگئی۔ بعد نماز ظہر نعت خوانی کے بعد منشی **تاج الدین**
**احمد** صاحب تاج خلف مُلاں **محمد بخش** صاحب کا نظم پڑھنے کا وقت تھا
لیکن اُسیدن اور اُسی وقت اتفاق سے ایک قومی جلسہ بیرون دہلی دروازہ
مقرر ہوگیا تھا اور انکو اس میں شریک ہونا ضروری تھا اسلئے وہ یہاں سے
اجازت لے کر وہاں چلے گئے بعد ازاں مولوی **مظفر الدین** صاحب مظفر
(فرنگ لاہور) نے اپنی عمدہ نظم پڑھی۔ جسکے بعد حاجی **قاضی فضل احمد**
صاحب پنشنر انسپکٹر پولیس نقشبندی مصنف کلمہ فضل الرحمانی وغیرہ نے
اپنی تقریر تحریری بیان فرمائی۔ جس میں مولوی حکیم **خادم علی** صاحب
کوٹلی لوہاران سیالکوٹ (جو جلسہ میں نہ پہنچ سکے تھے) کا وقت بھی
ختم ہوگیا۔ مگر وہ ختم نہ ہوئی اور نماز عصر کا وقت آپہنچا۔ لہذا بدیں
وعدہ کہ تمام تقریر درج رسالہ انجمن ہو جائے گی نماز عصر کے لئے مجبوراً
جلسہ ختم کرنا پڑا۔ لیکن حاضرین قاضی صاحب کی تقریر کے سخت مشتاق
رہے۔ جو نہایت ہی مدلل اور واضح تھی۔ بعد مغرب حسب معمول نعت خوانی
وغیرہ کے بعد مولوی **سید شاہ راحت حسین** صاحب رئیس کلکتہ
اور مولوی **شفیع احمد** صاحب وارثی (اٹاوہ) کے اوقات تھے۔ جو
دونوں حضرات شریک نہ ہوسکے۔ لہذا پہلے منشی **سراج الدین** صاحب نے
اپنی نظم سنائی اور بعد مولوی حافظ **محمد امین** صاحب امام و خطیب
جامع مسجد گھیانہ جھنگ اعلٰے مدرس مدرسۂ اسلامیہ نے اپنا بیان نہایت

پرزور لہجہ میں سناکر فرماکر سامعین بالخصوص انگریزی خوان نوعمر اور
نئی روشنی والوں کو تو اپنا گرویدہ بنالیا۔ اور آپ کا بیان بہت ہی
پسند کیا گیا۔ کیونکہ آپ تعلیم زمانۂ حال میں بھی باکمال ہیں۔ مولانا موصوف
نے رات کے گیارہ بجے تک بدیں وعدہ ختم کیا کہ بقیہ مضمون کل بیان
کریں گے اور جلسہ برخاست ہوا +
یکشنبہ کے دن معمولات کے بعد مولانا مولوی مفتی اعظم شاہ
صاحب ممدوح الصدر نے اپنے وقت پر وعظ فرماکر حاضرین کے
قلوب پر سکہ بٹھایا۔ اور مولانا مولوی عبدالکریم صاحب شیخ الاشراق
سجادہ نشین دربار امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ سیالکوٹ (جو تین
دن پیشتر سے لاہور میں موجود تھے) عین وقت پر کچھ ایسی محویت طاری
ہوئی کہ وہ شریک جلسہ ہوکر بیان نہ فرما سکے۔ اس وقت میں حسب
دعوت دیرونہ مولوی حافظ محمد امین صاحب ممدوح الصدر نے
بقیہ بیان فرمایا اور اس قدر طویل اور پسند ہوا کہ سالانہ رپورٹ
بھی بدیں وعدہ ملتوی کرنی پڑی کہ رسالہ میں شائع ہوکر ہدیۂ ناظرین
ہو جائیگی۔ اس کے بعد مولوی غلام رسول صاحب (بہاولپوری) کا
نتیجہ خیز بیان شروع ہوا۔ جو بالکل مولوی حاجی محمد یار صاحب
کی وضع پر تھا اور بہت پسند کیا گیا۔ جسکی طوالت نماز عصر تک ہوئی۔
عالیجناب حضرت مولانا مولوی حافظ شاہ اسمٰعیل حسن صاحب
برکاتی اور اس کے صاحبزادہ امجد حافظ سید محمد میاں صاحب
زاد اللہ تعالےٰ فی عمرہٖ وایمانہ بھی شریک جلسہ ہوسکے جن کا دو تین
سال سے متواتر انتظار ہو رہا تھا اگرچہ اس دفعہ آپکا کوئی تحریری حتمی
وعدہ نہ تھا صرف امید افزا الفاظ تھے۔ عصر کے واسطے جلسہ برخاست

کیا گیا۔ اور بعد مغرب معمولات کے بعد حافظ محمد امین صاحب ممدوح نے اپنی نفیس نظم جو اُسی وقت لکھی تھی پڑھکر سُنائی۔ اِس کے بعد مولوی حاجی محمد یار صاحب کا وعظ ہوا۔ اور تقریر اختتامی فقیر توکلی نے کرکے معمولی جلسہ ختم کیا۔ لیکن سامعین کے اصرار پر مولانا مولوی مفتی اعظم شاہ صاحب کو یہ تکلیف دیگئی۔ جنہوں نے رات کے گیارہ بجے تک بیان فرمایا۔ باوجود اتنے حضرات کے تشریف نہ لانے کے کئی صاحبان کا وقت نکل نہ سکا۔ اور خود مدرسین دار العلوم کو تو بعذر میزبانی محروم رکھا گیا۔ تحریری تقاریر و مضامین و نظمیں بترتیب مندرجہ صدر درج ذیل کی جاتی ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ؕ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ خَلَقَ الْعَالَمِیْنَ مِنْ نُوْرِ نَبِیِّنَا وَرَفَعَ السَّمٰوٰتِ مِنْ ذِکْرِ کَرِیْمِنَا وَنَوَّرَ الْاَرْضَ مِنْ قُدُوْمِ سَیِّدِنَا وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی شَفِیْعِنَا وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ الطَّاھِرِیْنَ وَسِیْلَتِنَا۔ اما بعد فقال اللہ تبارک وتعالیٰ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ؕ ترجمہ بلند کیا ہمنے تیرے واسطے ذکر تیرا۔ سبحان اللہ کیا شان ہے ہمارے نبیؐ کی کہ اونکی شان میں خود پروردگارِ عالم یوں فرماوے۔ کہ میں نے تمہارا ذکر بلند کیا۔ جس کو رفیع السمٰوات رفعت عطا فرماوے اُس کی رفعت کا کیا انتہا ہے۔ شانِ احمدی کی رفعت بیان کرنے کے لئے مجھ ناچیز ہیچمدان کی کیا حقیقت ہے کہ اِس مقام پر فصحائے عالم کے منہ پر

مہر سکوت ہے مگر بغیر اس ذکر کے تکمیل ایمان و تسکین روح و رواں نہیں ہے بلکہ حصول عرفان ایزد منان نہیں ہے ہم تو کیا انبیاء علیہم السلام کو بھی سرورِ عالم کے ذکر کا وسیلہ۔ فرشتوں کو حضور کے نام کا وظیفہ اور ہیژدہ ہزار عالم کو حضور کی ذات کا سہارا ہے۔ یوم میثاق انبیاء علیہم السلام سے حضور پر ایمان لانے اور حضور کی پیروی کرنے کا عہد واثق ہم اوق کو نہیں نے لیا چنانچہ قرآن مجید اور فرقان حمید میں یہ ذکر موجود ہے۔ قال اللہ تبارك و تعالےٰ۔ وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِیْثَاقَ النَّبِیّٖنَ لَمَآ اٰتَیْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ط قَالَ ءَاَقْرَرْتُمْ وَاَخَذْتُمْ عَلٰی ذٰلِكُمْ اِصْرِیْ قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا قَالَ فَاشْهَدُوْا وَاَنَا مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِیْنَ ہ

ترجمہ جب عہد لیا اللہ نے نبیوں کا البتہ جو کچھ دوں میں تم کو کتاب اور حکمت سے پھر آوے تمہارے پاس ایک رسول تصدیق کرنے والا اُس کی جو تمہارے ساتھ ہے البتہ ایمان لانا تم اس پر اور مدد دینا اُس کو۔ فرمایا کیا اقرار کیا تم نے اور لیا تم نے اوپر اس کے میرا عہد واثق۔ کہا سب نے اقرار کیا ہم نے فرمایا پس گواہ رہو اور میں ساتھ تمہارے شاہد ہوں۔ آیات مذکورۂ بالا میں اول یہ امر ہے کہ تمام انبیاء علیہم السلام کی نبوت اور شریعت کا وجود حضور کی ذات کے وسیلہ سے ہے۔ دوم تمام انبیاء علیہم السلام کو حضور پر ایمان لانے اور حضور کے طریقہ و سنت کی تائید کرنے کی سخت تاکید ہے لہذا ان دونوں پر اون سے عہد واثق لیا گیا۔ عماد بن کثیر نے اپنی تفسیر میں یہی مضمون لکھا ہے اور ابن عساکر اور بغوی رحمہما اللہ تعالےٰ نے

مقربحاث کا خلاصہ بہ سند حدیث یہہ ہے کہ جب اللہ تعالےٰ نے پیدا کیا
نور ہمارے نبیؐ کا اور نکالے اُس سے انوار انبیاء کے تب حکم کیا اُسکو
کہ نظر کرے طرف انوارِ انبیاء کے پس دب گئے انوار اون کے نبی صلے اللہ
علیہ وآلہ وسلم کے نور سے تب کہا اُنہوں نے اے رب کس کے نور نے ہمارے نور کو
دبا لیا فرمایا اللہ تعالےٰ نے یہہ نور محمدؐ ابن عبداللہ کا ہے اگر ایمان لاؤ تم اسپر
کروں میں تم کو نبی۔ کہا اُنہوں نے ایمان لائے ہم اسپر اور اس کی نبوت پر الخ
جیساکہ شیخ تقی الدین سبکی رحہ نے بھی مذکورۂ بالا مضمون کی تصریح فرمائی ہے
ہذا مضمون مذکورۂ بالا سے جو مستنبط بہ آیات قرآنی ہے سرور عالم صلے اللہ
علیہ وآلہ وسلم کا نبی الانبیاء ہونا اظہر من الشمس ہے جو حضورؐ کی عظیم الشان
رفعت ظاہر کر رہا ہے۔ اللہ رے رفعتِ شانِ احمدی کہ حضرت آدم
علیہ السلام پانی اور مٹی کے درمیان تھے یعنی اونکا خمیر ہی تھا کہ رسول
کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم اُسوقت نبی تھے جیساکہ حدیث میں وارد ہے۔
کُنْتُ نَبِیًّا وَّ آدَمُ بَیْنَ الْمَآءِ وَالطِّیْنِ ہ علےٰ ہذا شبِ معراج میں
حضورؐ کا بیت المقدس میں تمام انبیاء علیہم السلام کا امام ہونا اور کل
انبیاء کا مقتدی ہونا۔ حتےٰ کہ روز قیامت میں لواء حمد کا حضورؐ کے ہاتھ
میں ہونا اور آدم علیہ السلام اور ان کے سوائے سب انبیاء کا آپ کے
لواء کے سایہ میں پناہ گزیں ہونا جو مؤید بہ احادیثِ صحیحہ ہے حضورؐ کی
شان و ذکر کی رفعت کو شمس نصف النہار کی مانند ظاہر کر رہا ہے۔
مُسلمانو! اس ناچیز نے صرف ایک حجاب سے انوار محمدیؐ کی ایک
ذراسی جھلک آپ کو دکھائی ہے۔ اب ایک اور عظیم الشان حجاب سے
ذراسی جھلک آپ کو دکھاتا ہے۔ وھو ھذا۔
خداوند جل وعلا نے اپنی بے مثل توحید کے ساتھ جس کا اسلام کو تمام

مذاہب پر فخر اکمل حاصل ہے۔ ذکر شانِ رسولؐ کو لازم رکھا ہے۔ گویا توحید الٰہی کی تکمیل کا حصر حضور کی شانِ والا کے اقرار پر ہے نیز نماز میں جو افضلترین عبادات ہے اور تقرب الٰہی کا اعلےٰ پایہ ہے اور ماسوی اللہ کے استیصال اور توحید الٰہیہ کے استحکام میں ممتاز پایہ رکھتی ہے حضور کا ذکر شانِ عبودیت لئے ہوئے کمال رفعت کے ساتھ موجود ہے یعنی تشہد میں حضور کے لئے اول سلام بصیغۂ خطاب حاضر اور پھر درود شریف کروڑہا مسلم پانچوں وقت کی نماز میں پڑھتے ہیں۔ بغیر حضور کے ذکر کے نماز نہیں ہوتی۔ چنانچہ فرمایا ضحاک رحمہ نے نہیں ہوتی نماز مگر ساتھ ذکر نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اور نہیں جائز ہوتا خطبہ مگر ساتھ ذکر نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے۔ حسان ابن ثابت رضؓ فرماتے ہیں۔ وَضَمَّ الْاِلٰهُ اِسْمَ النَّبِيِّ اِلَى اِسْمِهٖ یعنی ملایا اللہ تعالےٰ نے نام نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اپنے نام کے ساتھ۔ علاوہ ازیں حضور کا ذکر کلمہ طیبہ میں۔ اذان میں تکبیر میں یعنے مہد سے لے کر لحد تک ذکر الٰہی سے ملا ہوا ہے۔ حتےٰ کہ قبر میں جو پہلی منزل منازل اُخروی سے ہے حق کے پیادے (نکیرین) توحید اور ایمان کے سوال کے ساتھ حضور کی یاد آوری کراتے ہیں۔ جیسا کہ احادیث متواترہ مرفوعہ متصلہ شاہد ہیں۔

مسلمانو! اِس پردہ کی ذراسی جھلک نے مؤمنوں اور محبوں کو تو مست الست کر دیا ہوگا۔ اور منافق اور کھوڑوں کے سینہ میں آتش شقاق بھڑکا دی ہوگی۔ احمدؐ کی جھلک احد کے پردہ سے جسے دیکھنا ہو وہ دیکھ لے اور احد اور احمدؐ کے راز کو سمجھ لے۔ مسلمانو۔ شکر کرنے کا مقام ہے کہ ہم ایسے نبی محترم کی غلامی کا فخر رکھتے ہیں۔ جن کی غلامی کا فخر انبیاء علیہم السلام و ملائکہ و جمیع مخلوق کو ہے۔ اور ہم اس انجمن نعمانیہ ہند لاہور کے از حد مرہونِ منت ہیں جو کہ علمائے حقانی کے مہیا کرنے میں بتیس سال سے

اپنی گراں بہا خدمات نہایت سرگرمی سے بجا لا رہی ہے مگر افسوس ہے کہ ہم اس انجمن کی کما حقہ قدردانی نہیں کرتے۔ اپنے گھروں میں ہم پلاؤ زردے قورمے کھاتے ہیں کبھی ہم نے انجمن کے غریب اور یتیم طلبار کا خیال تک نہیں کیا کہ ان بیچاروں کا کیا حال ہے۔ اپنے بچوں کو ہم ریشم اور مخمل کے کپڑے پہناتے ہیں۔ مگر انجمن کے یتیم بچوں کے کپڑوں کا خیال نہیں۔ یہ نونہالانِ اسلام ہمارے بھائیوں کی اولاد ہیں۔ اگر ان کی خبر ہم نے نہ لی تو بیشک ہم پروردگارِ عالم کے روبرو جوابدہ ہوں گے۔ اللہ تعالےٰ اس انجمن کے کارکنان اور معاونان کو اجر عظیم دے جو نہایت جانکاہی اور فراخ دلی سے انجمن ہذا کا کام چلا رہے ہیں۔ انجمن ہذا کا تبتیسواں ۳۲ سالانہ جلسہ ہے اور آپ نے اس عاجز سے اپنے نبیؐ کی رفیع الشانی کا کچھ ذکر سُنا ہے۔ اب اپنی عُلوہمتی سے چاروں طرف سے چھنا چھن شروع کردو۔ اللہ تعالےٰ برکت دارین آپ کو عطا فرماوے گا۔ فقط وصلے اللہ تعالےٰ علیٰ خیر خلقہٖ محمدٍ وآلہٖ واصحابہٖ اجمعین

برحمتک یاارحم الراحمین ہ

کتبہ

الراجی الےٰ رحمۃ الرحیم مسکین محمد ابراہیم بخاری حنفی قادری
ہیڈ نقشہ نویس ڈسٹرکٹ بورڈ سرسہ ضلع حصار۔ ۱۸ صفر ۱۳۳۱ھ مطابق ۲۷ نومبر ۱۹۱۲ء

---

## حضرت شیث علیہ السلام نے فرمایا کہ مومن حقیقی وہ ہے جس میں سولہ ۱۶ خصلتیں ہوں

(۱) معرفتِ حق حاصل کرنا + (۲) اشیار کا حسن و قبح پہچاننا +

(۳) بادشاہ کی اطاعت و فرمانبرداری کرنا + (۴) ماں باپ سے نیکی کرنا۔ اور انہیں کسی طرح کی تکلیف نہ دینا۔ جیساکہ اللہ تعالے نے فرمایا۔ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا + (۵) تمام خلق سے برسر خیر رہنا۔ جیساکہ ارشاد ہوا۔ وَ قُوْلُوْا لِلنَّاسِ حُسْنًا + (۶) محتاجوں اور مسکینوں کی دلجوئی کرنا + (۷) مسافروں کی عزت و خاطر داری کرنا +

(۸) خالق کبریا کی عبادت میں سعی و کوشش کرنا + (۹) اپنے نفس کو شرور و قبائح سے دور رکھنا + (۱۰) مصیبتوں اور آفتوں میں صبر کرنا۔ فَاِنَّ الصَّبْرَ وَسِيْلَةُ الظَّفْرِ + (۱۱) ہمیشہ سچ بولنا + (۱۲) عدل و انصاف سے کام کرنا + (۱۳) شکر نعمائے الٰہی میں نذر اور قربانی خدا کیواسطے ادا کرنا + (۱۴) قناعت کی عادت کرنا +

(۱۵) حلم اور بردباری اختیار کرنا + (۱۶) ہر دم شکر الٰہی بجالانا +

**نیز آپ فرمایا کرتے تھے** کہ جس شخص میں تاوقتیکہ بارہ خصلتیں نہ ہوں۔ ولائت کی مسند پر اُسے سجادہ نشین ہونا ہرگز جائز نہیں۔ وہ بارہ خصلتیں جو ولائت کی مسند پر بیٹھنے والے کے لئے ضروری ہیں یہ ہیں۔ اوّل دو خصلتیں خدا تعالےٰ سے سیکھے۔ عیب پوشی اور رحمدلی۔ اور دو خصلتیں جناب سرور کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام سے سیکھے۔ شفقت و رفاقت۔ اور دو خصلتیں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے سیکھے۔ راستی۔ اور راست گوئی۔

اور دو خصلتیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے سیکھے۔ ہر ایک کو نیک بات بتلانا اور برائی سے روکنا۔ اور دو خصلتیں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے سیکھے۔ کھانا کھلانا اور شب بیداری کرکے عبادت الٰہی کرتے رہنا۔ اور دو خصلتیں حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے سیکھے۔ عالم بننا۔

اور شجاعت و جوانمردی اختیار کرنا +

پھر آپ نے فرمایا کہ مقتدا بننے کے لائق وہ شخص ہے کہ جو علوم شرعیہ طیبہ سے ماہر اور اصطلاحات صوفیہ سے واقف ہو۔ بدون اسکے کوئی شخص مقتدا بننے کے لائق نہیں +

شیخ الصوفیہ حضرت جنید بغدادی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں۔ ہمارا علم قرآن حدیث میں دائر ہے۔ جس شخص نے کتاب اللہ و حدیث رسول اللہ کو ضبط نہ کیا ہو۔ فقاہت (دینی فہم) نہ رکھتا ہو۔ اصطلاحات صوفیہ سے ناواقف ہو۔ وہ مقتدا بننے کے لائق نہیں۔

نیازمند محمد الدین عفی عنہ سکنہ قصور کوٹ مراد خاں ضلع لاہور
۲۵۔ نومبر ۱۹۱۹ء

## تحقیق جدید متعلق ترفعات تعلیات

(۱) حضرت واجب الوجود نے نور محمدی صلے اللہ علیہ وسلم کو مرتبہ اطلاق سے مرتبہ تعین میں لاکر اپنا مظہر صفات کمالیہ و مبدء اعیان ثابتہ جسکو اصطلاح فلاسفہ ماہیات کہتے ہیں بنادیا

(۲) عالم امکان کو ایک رکن (عنصر آب) سے خلق فرمایا ہے یعنی نورِ مُطلق نے چند باطنی تغیرات کے بعد پانی کی صورت اختیار کی ہے اور عناصر بہ اعتبار لطافت و کثافت بہت ہیں جن میں ہر آن تغیر ہوتا رہتا ہے جسطرح بلحاظ حالات جسمانی عمر انسان کے تین درجے ہیں۔ طفلی، شباب و پیری اُسی طرح جسم عنصری لطیف کے لئے جو مرنے کے بعد ملتا ہے مختلف طبقات ہیں +

(۳) حضرت اقدس نے ابو البشر حضرت آدم کو ظاہراً و باطناً اپنی نیابت و خلافت سے ممتاز فرماکر ہر انسان میں اپنے صفات کمالیہ کے تین مدارج قائم فرمائے ہیں۔ (۱) عبدیت (۲) رسالت (۳) معبودیت اس لئے ہر بشر جامع کمالات اور فی حد ذاتہ و صفاتہ ہر سہ صفات کے ساتھ متصف ہے مگر مرتبہ نبوت و رسالت بدرجۂ اتم و اکمل جامع کمالات صوری و معنوی ہے۔ کل انبیاء علیہم السلام نفس واحد ہیں اور غرض بعثت سب کی ایک ہے گو باہمی مدارج تقرب میں تفاوت ہو +

(۴) ذات محمدیؐ جامع جمیع حقائق آلہی دکونی ہے اور بعد تکمیل مراتب عبودیت و رسالت اس عالم سے پردہ فرمانا مطلقاً مراتب معبودیت میں عروج فرمانے کی دلیل ہے۔ احدیت ذات رب الارباب کے نام سے موسوم اور وہی محمد صلے اللہ علیہ وسلم کا رب ہے +

(۵) فنا فی الرسول مطلق کا درجہ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کو حاصل ہے اور آنحضرت کے قدم بقدم علے سبیل التعاقب عروج فرمارہے ہیں +

(۶) اللہ سبحانہٗ تعالےٰ اعظم نعمات و احسانات چھ ہیں۔ (۱) ہمیں اشرف المخلوقات بنایا۔ (۲) انبیاء علیہم السلام کو ہماری ہدایت کے لئے مبعوث فرمایا۔ (۳) ہمیں امت محمد صلے اللہ علیہ وسلم میں خلق فرمایا۔ (۴) سلاطین کو امن قائم کرنے اور اپنی مخلوق کے جان و مال کی حفاظت کے لئے زمین کی خلافت مرحمت فرمائی (۵) علماء شریعت غرا کو مذہب حقہ کی تعلیم کے لئے خلق فرمایا +
(۶) فقراء اولیا کو اپنی درد و محبت کا مزہ چکھایا +

اس عالم میں آخر الذکر تین حضرات کو نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی نیابت حاصل ہے ۔ اور فقراء اولیا مجموعہ صفات ثلثہ اور دار آخرت کے سلاطین ہیں حضرات ائمہ و خلفاء راشدین رضی اللہ عنہم اور فقراء اولیا میں تین اور چھ مراتب کا فرق ہے ۔ یعنے (۱) جانشینی پیغمبر آخر الزمان ۔ (۲) تمکین دین اور (۳) خلافت میں ۔ ان تین مزید صفات کے ساتھ حضرات ائمہ و خلفاء راشدین فقراء اولیا پر فضیلت رکھتے ہیں ۔ اور خصوصیت جانشینی حضرت صدیق اکبر بلا فصل اور جانشینی حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ جس کا تعین و تقرر منجانب اللہ و رسول ثابت ہے اور آپ کے قائمقام دوسرے تمام مومنین بلکہ اخیار امت سے افضل ہیں ۔ یہہ فضیلت ایسی نہیں جو من وجہہ اور خفیف ہو بلکہ فضل ظاہر اور امتیاز بدیہی ثابت ہے ۔

**نتائج مفید از اصول موضوعہ** } (۱) یہہ مسئلہ مسلمہ قدیم ہے مگر تحقیقات جدید سے پایۂ ثبوت تک بفضلہ تعالے پہنچ گیا ہے (۲) عالم مثال و ارواح و اجرام علویہ کے جسم مادی ہیں لہذا جسم ماہتاب کا خرق و التیام امر بدیہی ہے ۔ شمس و قمر میں فی نفسہ کوئی ضیاء و نور نہیں ہے محض نور محمدی صلے اللہ علیہ وسلم کا جلالی و جمالی انعکاس ہے ہر خفیف عنصر ثقیل اور ہر ثقیل خفیف ہو جاتا ہے لہذا مسئلہ حشر اجساد میں کہ آیا معاد محض عدم سے ہوگا یا متفرق اجزاء کے اجتماع سے کسی تاویل کی ضرورت نہیں ہے ۔

کیسی کیسی ہے عناصر میں بھی صورت بازی
شعبدے لاکھ طرح کے ہیں انہیں چاروں میں

(۳) ذات اقدس منشاء انتزاع ہے چھ صفات کمالیہ انسانیہ کی بناء علیہ نبی اور غیر نبی علی الخصوص محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور فقراء اولیا میں تین اور چھ منازل کا فرق بین ثابت ہو گیا فافہم

(۴) وہ ذات مبارک کہ جامع جمیع حقائق الٰہی و کونی تھی اوس نے صفات عبدیت و رسالت دونوں یعنے چھ مراتب کو ختم فرما کر اس عالم سے پردہ فرمایا ہے اور اب ذات مطلقہ باری تعالے میں علے سبیل الکمال عروج فرما رہی ہے۔ مقام محمود اللہ تعالے ہے اور مقام آنحضرت دفع دوئی و حصول عینیت بوجہ اتم واکمل ہے۔ مگر دیگر انبیاء و رسل کا کامل صفات عبودیت کو طے فرماکر اس عالم سے پردہ فرمانا ثابت نہیں ہے۔ فافہم۔

(۵) بعون اللہ تعالے حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ نے مرتبہ عبودیت سے ایسا کامل واکمل عروج فرمایا ہے کہ بعد طے مراتب رسالت آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قدم بقدم عروج فرما رہے ہیں۔ حضور نبی صلے اللہ علیہ وسلم اور حضرت پیران پیر میں جو کچھ فرق مراتب ہے وہ بھی اظہر من الشمس ہوگیا۔ فافہم ٭

(۶) پیران طریقت رضوان اللہ علیہم اجمعین نے فنائیت کے تین مدارج قائم فرمائے ہیں۔ (۱) فنا فی الوجود (۲) فنا فی الشیخ (۳) فنا فی الرسول۔ منزل اول کو فنا فی الشیخ۔ دوسری کو فنا فی الرسول اور تیسری کو فنا فی اللہ کہتے ہیں ؎

چونکہ کردی ذات مرشد را قبول۔
ہم خدا در ذاتش آمد ہم رسول

یہہ عام قاعدہ ہے کہ ہر عالم شریعت یا شیخ طریقت سے علم ظاہر و باطن

حاصل کرنے کے بعد متعلم یا مرید پر عالم شریعت یا شیخ طریقت کی تعریف صادق آجاتی ہے دوسرے الفاظ میں مرید اپنی ذات میں صفات رسالت و معبودیت کا جلوہ دیکھنے لگتا ہے لہذا خودشناسی یہ ہے کہ اپنی ہی ذات میں یہ دونوں منازل ختم ہو جاویں۔ خارج کی دید نہ قابل اعتبار ہے اور نہ دوسرے شخص کی صفات سے طالب کی ذات کو حقیقتاً کوئی نفع ہے۔

؎ گر شیخ تا خدا برساند مرا چہ کار ۔ اے من فدائے آنکہ رساند بمن مرا

احقر محمد صدیق خادم مصحف شریف عفی عنہ

۱۷ صفر المظفر ۱۳۳۵ھ

## نظم عربی بے نقط

احمد الاحامد للہ اس دھرہ لکمال علوہ وامد سرمدہ لدوام سموہ

لحکمہ صعود سماء السلوک لامرہ حدود سماء الرسول کل لحدہ مارد و ما عدا

وطاطا لامرہ سمک السماء العالم و ما حواہ کلہ طوعا ما اسطاع حمد لہ سرمدا

اسطر درر مدحہ ما سرحہا واھل کہ موحد لہ ما حواھا ھو المعصم لکل مسؤل و امرہ

وکلہم مطوع کل العالم

ولہ الدوام وما سواہ ھالک ۔ ولہ الامور الکل وھو مالک

امدح رسولہ مطلع علوم الاسرار مصدر محامد الاطوار ما علا مصادر اسرارہ

وھم سائر وما اسطاع صعود سماء علومہ وھو روح طاہر وآل الکرام ورھط السلام

سماء علو للمعالم سامد ۔ کلام سدا دلماول حامد

ما اسطر مدح مطاع العالم محی السنۃ والاسلام موصل اصول الاحکام راس الصلحا

عالم الاسماء صدر العلا محمد الورا سالک مسالک السلوک ولد رسول اللہ سر لسر اللہ

ارحم اللہ لہ ولسائر السطور

الواح علمام طلسم مكرم * ملاك كلام للمعالم معلم
كلام كمال للاكامل مسالك * صراط سداد للاكارم اسلم
مآل كلام للمدارس اعود * دعاء سماء للصوامع محرم
حسام سماح للمصادم اسطع * لواء ولاء للمعارك احكم
او صل رام السلام هو مرصص اساس الكلام وصل سطورك الوداد
ولاح حالك السداد وطد امركم وعلا اسمكم
المحرر فى ١٢ صفر المظفر سنة ١٣٣٨ هجري صلعم
حرره المسكين السر قاضي المفتي الحاج السيد الشاه محمد عبد الغفار
القادري الحنفي الساكن فى المسجد الجامع المعسكر النجلو المتصلة
بالمدراس بيده

## نظم عربی

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله فى غلس وابكار * حمدا يفوق بطيب نشر ازهار
وعالم السر منى حيث استره * وغيره ما له علم باسراري
حاشاه عن صفات النقص كيف وكم * ومتى واين وعن كون باقطار
سبحان من انشأ المخلوق من عدم * هو القديم الجليل القادر البارى
سبحان من ارسل الهادي النبي الى * جميع خلق لاحكام واخبار
ذا هجرة الدهر واسرار النبوة ذا * روح الزمان شفيع خير مختار
مستودع الخلق والآداب ذو شرف * بالخير اسبق من هب الصبا الذاري
ذاك البشير النذير المصطفى وبه * نرجوا الخلاص بيوم الحشر من نار
انى اهتمى لمصحب الجهد خالصة * لله فى الحشر بالجنات من باري

هم الخيار اراكين المدارس في — لا هون بالفيض من ابناء اعصار
واستسوا الدرس في تاسيس مدرسة — بنوها لعلم وفضل دائم جاري
هي المسماة بنعمانية بنيت — على الكمال الحضار وذوار
قواعد الدرس فيها بالنهى وضعت — من مدة بفيوضات وانوار
مدتهم وها كرام لا مثال لهم — في الفيض والخير هم اخيار مختار
اعلى مراتبهم اسنى مناصبهم — ابهى فضائلهم في كل امصار
لهم حقوق على المخلوق اكثر من — حق النفوس وحق الولد في الدار
فنحن ننظر هذا الارتقاء لهم — ما ليس ننظر للاخيار من جار
فالعون بالمال حق ثابت بهم — على الورى وبنقد جيد جاري
فيا اخا الحزم ان تسلك على اثري — سلوك ارباب اسماع وابصار
دع من يكون عدوا حاسدا لهم — كي ان يذوب بنار الذل من عار
فلا تكدر بحرا جيفة رميت — ولا يضر ببدر منبح هرار

فيختم الآن ضيق الوقت مرتجلا
قاضي التناول اسحاق باشعار

## قاضی محمد اسحاق از رياست انبه ضلع ہزارہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ماخلقت الجن والانس الا ليعبدون

**حاضرین جلسہ!** ہم سب ابتداسے ایک ماں باپ کی اولاد ہیں۔ سے
الناس من جهة التمثال اكفاء — ابوهم آدم والام حواء

اس لئے ہر ایک کے ذمہ ہر ایک کی خیر خواہی ایک لازمی اور واجبی امر ہے
نظر برایں چند کلمات معروض ہیں۔ شاید کسی کو ان منصفانہ کلمات
کے سننے سے ہدایت ہو جائے اور میرے لئے ثواب جو کہ خیر من حمر النعم
کا مصداق ہے حاصل ہو کر ذریعہ نجات ہو سکے۔

**میرے معزز دوستو!** اس دار فانی میں انسان کو عبادت خداوندی
کے لئے بھیجا گیا ہے۔ دلیل اس کی یہ ہے کہ کوئی ذی ہوش اس امر کا قائل
نہیں ہو سکتا کہ انسان کو حق تعالیٰ نے مہمل پیدا کیا ہے اب سوال یہ ہے
کہ وہ کیا بات تھی جو انسانی ہستی کے بغیر پوری نہ ہو سکتی تھی اس کا جواب
خود کلام پاک میں مذکور ہے۔ (ما خلقت الجن والانس الا لیعبدون)
علاوہ اس کے ہم اس دعوے کے لئے ایک ایسی دلیل پیش کرتے ہیں کہ ہر کہ
ومہ کو بلا خصوصیت کسی ملت کے اس دعوے کے تسلیم سے چارہ نہ ہو۔

**غور سے سنئے۔** عالم میں ہر چیز ذرہ سے لے کر آفتاب تک جس کو دیکھو
سب کے سب ہمارے لئے پیدا کی گئی ہیں اور ہمارے ہی کار آمد ہیں کہ ہم
اپنے بقاء میں زمین و آسمان اور مافیہا سب کے محتاج ہیں۔ اور یہ اشیاء
موجودہ اپنے بقاء میں ہماری محتاج نہیں ہیں اگر انسان نہ ہو تو کسی چیز
کے بقاء میں خلل نہیں آتا چنانچہ ایک زمانہ ایسا گذر چکا ہے کہ آدمی نہیں
تھے اور آسمان و زمین شجر و حجر سب چیزیں موجود تھیں چنانچہ جو
کسی مذہب کے پابند نہیں ہیں وہ بھی اور جو مذہب کے متبع ہیں وہ بھی
سب کے سب علے السویہ اس کو تسلیم کرتے ہیں لیکن ایسا زمانہ کوئی نہیں
گذرا کہ انسان ہوا اور کوئی شے عالم میں سے نہ ہو تمام عالم تو علیحدہ اگر
ایک شے بھی کم ہو جائے تو زندگی وبال ہو جائے گی پس معلوم ہوا کہ سب
چیزیں ہمارے کام کی ہیں اور انسان کسی کے کام کا نظر نہیں آتا۔ یعنی

انسان نہو تو کسی چیز میں خلل نہیں پڑتا اور اگر ان اشیاء میں سے ایک بھی نہو تو انسان کا ہلاک یا ہلاک ہو جائے۔

نیز دیکھا جاتا ہے کہ ماوراء انسان کے اور مخلوق آپس میں ایک دوسرے کے محتاج ہیں یعنی ہر ایک محتاج بھی ہے اور محتاج الیہ بھی مگر یہ انسان صاحب محتاج الیہ نہیں محتاج ہی ہیں۔ تو اتنے غور کے بعد ہماری حیرت کی کوئی حد نہیں رہجاتی جب ہمیں وہ امر نہیں معلوم ہوتا کہ جس کے لیئے انسانی ہستی کی ضرورت تھی۔ اور ایسا بھی نہیں ہو سکتا کہ انسانی ہستی بیکار پیدا کی گئی ہو کیونکہ اس سے ایک تو ہماری طرف ناکارہ ہونے کا الزام عائد ہوگا علاوہ اس کے حق تعالےٰ کی طرف لغو کام کرنے کا الزام عائد ہوگا جو کہ فعل الحکیم لا یخلو عن الحکمۃ کے خلاف ہے ہاں اگر حق تعالےٰ کا حکیم ہونا ہی مسلم نہو تو امر آخر ہے مگر یہ خیال از قبیل جنون ہوگا اس لیئے کہ ایک وہ زمانہ تھا کہ ہم پردۂ عدم میں مستور تھے وجود کا ہمارے کہیں نام و نشان ہی نہ تھا اس کے علاوہ ہزارہا تغیرات اور نقصانات کا ہمارے اندر موجود ہونا دونوں امر اس بات کی بیّن دلیل ہیں کہ وجود ہمارے قبضۂ قدرت میں نہیں ہے ورنہ اپنے اندر سب کمالات موجود کر لیتے کیونکہ نقصان نام ہے کمال کے نہ ہونے کا تو معلوم ہوا کہ ہمارا وجود خانہ زاد نہیں بلکہ کسی ایسے ذات سے مستعار ہے کہ جس کا وجود خانہ زاد ہے جیسے آب گرم کی گرمی آتش سے مستعار ہے اور آتش کی گرمی خانہ زاد ہے یہی وجہ ہے کہ آب گرم سے گرمی زائل ہو جاتی ہے اور آتش سے وجود و عدم دونوں میں جدائی نہیں ہوتی ہے۔ جب یہ ثابت ہوا کہ ہمارا وجود کسی ایسی ہستی سے مستعار ہے جس کا وجود خانہ زاد ہے تو جتنے اوصاف

ہمارے اندر موجود ہوں گے سب کے سب اسی سے مستعار ہونگے اور اس کے اندر یہ اوصاف بالذات ہونگے مستعار من الغیر نہ ہونگے جب یہہ ثابت ہو تو منجملہ اوصاف کے حکمت بھی ایک وصف ہے جو ہمارے اندر موجود ہے تو لا محالہ یہہ وصف بھی حق تعالے سے مستعار ہوگی اگر وہ حکیم نہ ہوتا تو ہمارے بعض افراد میں یہ وصف کیسے ہو سکتے جب یہ ثابت ہوا تو اب اس مقدمہ کو ملاؤ کہ فعل الحکیم لا یخلو عن الحکمۃ تو عیاں ہو جائیگا کہ جیسے آگ ہمیشہ جلاتی ہے بجھاتی نہیں اور پانی ہمیشہ بجھاتا ہے جلاتا نہیں اسیطرح حکیم بھی علے الاطلاق حکمت کے کام کرتا ہے کوئی لغو کام نہیں کرتا تو جب انسان بھی ایک خدا کا فعل ہے تو لا محالہ یہ بھی کسی کام کے لئے پیدا کیا گیا اور انسان مخلوق کے کام کا تو ہے نہیں ہو نہو حق تعالے کے کام کا ہوگا اسیکو حق تعالے فرماتے ہیں ما خلقت الجن والانس الا لیعبدون۔ تو بحمد للہ ثابت ہوگیا کہ انسان عبادت کے لئے پیدا کیا گیا ہے۔ یہ تو مقصود اصلی ہے اب اس کا طریق معلوم کرنا چاہئے وہ مرکب ہے دو چیزوں سے (علم اور عمل) کیونکہ طاعۃ کہتے ہیں مرضیات پر عمل کرنا اور غیر مرضیات سے اعراض کرنا اور اسکے لئے پہلے اس بات کی ضرورت ہے کہ مرضیات اور غیر مرضیات کو معلوم کرلے تاکہ عمل کر سکے تو معلوم ہوا کہ علم دین کی بوجہ موقوف علیہ مقصود ہونے کے اشد ضرورت ہے مگر افسوس کہ اس کی طرف قوم کی کچھ بھی توجہ نہیں ہے علوم مروجہ کو جس قدر روز افزوں ترقی ہے علم دین سے اسی قدر بے توجہی ہے حالانکہ ضرورت علم دین کی ایک بین دلیل یہ بھی ہے کہ فطرتی قاعدہ ہے کہ جس قدر کسی چیز کی ضرورت ہوتی ہے اسی قدر اسمیں ارزانی ہوتی

ہے چنانچہ یہ عقدہ ہوا اور مٹی اور پانی کے مشاہدہ سے حل ہو جاتا ہے تو علم دین کو دیکھو کہ کس قدر ارزان ہے جن جن کتابوں کی ضرورت ہے ہر جگہ میسر آسکتی ہیں تعلیم میں اُلٹے وظائف ملتے ہیں بمقابل اسکے علوم مروجہ کو خیال فرمائیے کہ جبتک ۲۵ ہزار روپیہ صرف نہ ہولے ایک لڑکا کامیاب نہیں ہوتا اسی پر غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ علم دین کی اشد ضرورت ہے مگر افسوس کہ آجکل اس کی طرف کچھ بھی توجہ نہیں تعلیم کے لئے اگر انتخاب بھی ہوتا ہے تو ان بچوں کا کہ جو بوجہ غباوت کے انگریزی کے لائق نہیں ہوتے حالانکہ عربی کے لئے بہ نسبت انگریزی کے زیادہ ذکاوت کی ضرورت ہے -

صاحبو! غفلت کو چھوڑو اور موت کو یاد کرو اور سوچو کہ تم دنیا میں کس لئے بھیجے گئے ہو مقصود اصلی ہر طرح قابلِ تحصیل ہے - ہادی ہدایت کرے - وما علینا الا البلاغ وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین *


عفی عنہ

محمد روشن الدین بہاولپوری ثم محمد پوری

معلم دار العلوم جامع مسجد میرٹھ شہر


## انجمن نعمانیہ ہند لاہور کا ۳۲ واں سالانہ جلسہ

رحمت العالمین کی امت خیر الامت ہے -

نحمدہٗ ونصلی علٰی رسولہ الکریم - حاضرین! ہم قرآن شریف میں پڑھتے ہیں (وَمَا اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ - یعنے اے نبی صلعم

ہم نے تم کو اہل جہان کیواسطے رحمت بناکر بھیجا ہے۔ آپ نے اپنے فرائض کو ایسا عمدگی سے نباہا اور جہان میں انسان کیواسطے اُس کی ہر ایک جائز حیثیت کا ایسا کامل نمونہ پیش کیا کہ اللہ تعالےٰ معہ آسمانی ملایک کے خوشنودی کے اظہار میں آنپر رحمت بھیج رہا ہے۔ اُنکے طفیل قرآن مجید میں ہم اُنکی امت کی نسبت بھی یہہ آیت پڑھتے ہیں۔ (کُنْتُمْ خَیْرَ اُمَّۃٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْھَوْنَ عَنِ الْمُنْکَرِ وَتُوْمِنُوْنَ بِاللّٰہِ۔ سورۂ آل عمران) یعنے اے مسلمانو تم سب امتوں سے جو لوگوں کے واسطے پیدا کی گئی ہیں افضل ہو۔ کیونکہ تم نیک کام کا حکم کرتے ہو اور بُرے کام سے منع کرتے ہو اور اللہ پر ایمان لاتے ہو۔ اب اس امت کی خاص فضیلت کی وجہہ خود قرآن شریف نے بتلادی ہے۔ اگر ہم میں وہ پائی جاتی ہے تو الحمد للہ ورنہ بدون اس شرط کے ہماری فضیلت کا دعوےٰ باطل۔ خیر امت کا لقب ہمکو بطور آنریری ڈگری کے نہیں ملا۔ بلکہ مشروط بہ شرطیں ہے۔ اس باعلم اور معزز مجلس میں بعض غالباً ایک دوسری آیت (وَلْتَکُنْ مِّنْکُمْ اُمَّۃٌ یَّدْعُوْنَ اِلَی الْخَیْرِ وَیَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَیَنْھَوْنَ عَنِ الْمُنْکَرِ وَاُولٰٓئِکَ ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَ۔ سورۂ آل عمران) سے استدلال کرکے کہدیں گے کہ اس خاص کام کے واسطے ایک علیحدہ جماعت قائم ہونی چاہیئے مگر اس جماعتِ خاص کا تقرر فرض کفایہ میں داخل ہے۔ جسکی ضرورت بنابر تبلیغ و انفصال معاملات و تعلیم علم دین ہے۔ جس آیت کی بنا پر یہہ امت خیر امت ہے اُس میں حکم ضروری مسائل دین کے سیکھنے کا ہے اور وہ فرض عین ہے جس کے بغیر کوئی مسلمان بھی خیر اُمت کا اعزاز حاصل نہیں کرسکتا۔ اسلام ہر ایک مسلمان کو اُس کے محدود حلقہ میں ضرور بنانا چاہتا ہے اور اگر مسلمان اس آیت پر عمل کریں تو جیل خانوں میں اسقدر

تعداد ہرگز داخل نہ ہو۔ تعلیم یافتوں کے حلقوں میں ہر سال جیسی ظہور میں آئے۔
گداگروں کو اس کثرت سے ہم دیکھیں۔ اسلام کو ایک دینی گاڑی سمجھو اور
مذکورہ بالا دو آیات کو اس کے پہیئے۔ مگر گاڑی کو چلانے کے واسطے بھی کسی
مسلمان کی ضرورت ہے جو بوجہ اپنے علم اور عمل کے ایک زندہ نمونہ ہو۔ علماء
وصوفیائے کرام میں سے بعض اس کام کو بیشک انجام دے رہے ہیں۔
مگر جس وسیع پیمانہ پر اس کام کو ہونا چاہیئے اوس پر اسلامی انجمنوں کو اُسی
صورت میں قدرت حاصل ہوسکتی ہے کہ بیت المال قائم کرنے کی ایک مستقل
تجویز سوچی جائے۔ زکوٰۃ دینے والوں کی ایک فہرست انجمن کے دفتر میں
موجود ہونی چاہیئے۔ اس کی وصول کا مناسب انتظام لازمی ہے۔ شادی
ختنہ۔ عقیقہ وغیرہ کی تقریبوں پر ایک خاص گشتی معتبر ملازم رسید دیکر
بہت کچھ حصہ اس فنڈ میں داخل کرسکتا ہے۔ میلوں کے مجمع میں جاکر ضرور
کچھ نہ کچھ مل سکتا ہے۔ دارالعلوم نعمانیہ ہند لاہور مدت سے
دینی خدمت ادا کر رہا ہے۔ اس کے ساتھ ایک یتیم خانہ بھی شامل ہے جسمیں
علاوہ دینی تعلیم حاصل کرنے کے کوئی نہ کوئی کسب یا معاش کا ذریعہ بھی یتیموں
کو سکھلانے کے تجاویز زیر بحث ہیں۔ یہ دارالعلوم یتیموں کو غیر مذہب میں جانے اور گداگری کے
پیشہ سے بچا رہا ہے۔ پس یہ جگہ بہترین مصرف زکوٰۃ اور خیرات کی ہے
جو اس جگہ دیتا ہے (خواہ کسی صورت میں دے) وہ آخرت میں اپنے
واسطے عمدہ ذخیرہ جمع کرتا ہے جس کے پاس اپنے عیال کی ضروریات سے
باہر دینے کے لئے مطلقاً گنجائش نہیں اسلام اُس سے کوئی مالی صدقہ طلب
نہیں کرتا مگر جس کے پاس حاجت سے زائد ہے خواہ قلیل خواہ کثیر اسکو قرض
حسنہ دینا واجب ہے کیونکہ (واقرضوا اللہ قرضاً حسناً) کا حکم ایسے
ہی مسلمانوں کیواسطے ہے۔ دوسری آیت۔ (من ذی الذی یقرض اللہ

قرضاً حسناً) استفہام کے رنگ میں عجیب فصاحت اور لطافت اپنے اندر لئے ہوئے ہے جس کا لطف صحابہ رضی نے جس طرح بوجہ اہل زبان ہونے کے اُٹھایا وہ کیا تھا؟ کوئی ثلث مال کوئی نصف کوئی ربع جناب صلعم کے پاس لے آیا مگر صدیق رضی اللہ عنہ اپنا کل مال لے آئے۔ جب جناب صلعم نے پوچھا کہ گھر کے واسطے کیا رکھ آئے ہو تو جواب دیا کہ اللہ۔ ہم بے شک صحابہ رضی اللہ عنہم تو نہیں بن سکتے مگر کیا اتنی مسلمانی بھی ہم میں نہیں کہ (مما رزقنا هم ينفقون) کے مصداق ہی ہو کر دوسرے بھائیوں کو اپنی مثال سے ترغیب دلائیں؟ دوسری قوموں نے جس قدر سرمایہ اپنے مدارس وغیرہ کیواسطے جمع کر لیا ہے اور کر رہی ہیں اوسکو معلوم کر کے ہمکو کوئی غیرت نہیں آتی۔ ہم نے اپنے آپ کو وارثانِ جنّت قرار دے رکھا ہے۔ اگر ہم اس آیت پر غور کریں تو شاید ہمارے دعوے کا بطلان ہمپر ظاہر ہو جائے (اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْٓا اَنْ يَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَهُمْ لَا يُفْتَنُوْنَ)۔ سورۂ عنکبوت) یعنے کیا لوگوں نے یہہ سمجھ رکھا ہے کہ وہ اتنا کہہ کر چھوٹ جائینگے کہ ہم ایمان لائے اور اُنکا امتحان نہ کیا جائیگا؟ آج مال ہمارا ہے ہم کو اوسپر قبضہ حاصل ہے کل یا بعد چند یوم کے یہہ وارثوں کا ہے۔ اگر اللہ تعالےٰ نے ہم کو اپنے فضل سے ہماری حاجات سے زائد مال عطا فرمایا ہے تو یہہ اُسکا خاص احسان ہے اور وہ چاہتا ہے کہ اس زائد عطیہ سے ہم آخرت کا اپنے واسطے ذخیرہ جمع کریں مگر یہہ پرلے درجے کی احسان فراموشی اور ناشکری ہے کہ ہم للہ خرچ کا نام ہی سنکر ایسے ہو جاتے ہیں کہ ہمارے سر پر گویا بجلی گرنے کو ہے۔ (ما قدروا الله حق قدره) کے ہم مصداق

ہو رہے ہیں۔ اسلام نے صحابہ کا نمونہ ہمارے سامنے رکھدیا ہے۔ اگر ہم اسکو ہمیشہ پیش نظر رکھیں تو انشاءاللہ ہمارے دلوں میں بھی حقیقی ایمان کا جلوہ چمکنے لگے۔ پھر بدون کسی تحریک کے ہم اپنے زائد مال کا مصرف خود بخود ڈھونڈ لینگے۔ آئندہ اگر اس دارالعلوم میں کوئی خاص کتاب صحابہ کے حالات کے متعلق نصاب میں ایزاد کردی جائے تو خاکسار کے نزدیک نہایت قرین مصلحت ہے۔ اللہ تعالے ہم کو نور ہدایت سے منور کرکے خیرامت میں حقیقی طور سے شامل فرمائے۔ آمین!

خاکسار غلام حیدر۔ سابق ہیڈ ماسٹر۔ پنشنر۔ مقیم سرگودہ پنجاب

۱۲۔ نومبر سنہ ۱۹۱۹ء

## نظم مولوی منظفر الدین صاحب منظفر

گر میرے دلمیں جلوۂ جاناں کا نور ہو | جانِ جہاں کا جانمیں میرے ظہور ہو
ظلمت جو شرک کی ہے وہ میرے دلسے دور ہو | گر لب پہ میرے نعرۂ رب غفور ہو
پھر دیکھئے کہ قلب میں کیسا سرور ہو

جلوہ ہو سامنے تیرا ہر وقت جانِ جاں | انوارِ لایزال مرے دلمیں ہوں نہاں
آنکھوں سے اشک شوق میں تیرے ہمیشہ ہوں رواں | یعنی کہ صرف یاد تیری دل میں ہو نہاں
یہہ آرزو نہیں مرے پہلو میں حور ہو

تیرا خیال روبرو اپنے ہو بار بار | دکھلائے تیرا حسن ہمیں خلد کی بہار
آنکھوں میں تیرا جلوہ رہے دل ہو بیقرار | جنت میں جسطرح بھی رہیں تیرے لیئے ہو نثار
سینے میں سوز عشق کی لذت ضرور ہو

مفتوں تیرا جان سے میں یا آلہ ہوں | مرنیکے بعد بھی میں ترے خیال میں ہوں

برزخ میں ساتھ اپنے تصور ترا رکھوں
خوابِ عدم سے نام ترا لیکے چونک اٹھوں

جس دم کہ روزِ حشر میں آوازِ صور ہو

عصیاں کی ہی مرض مجھے یارب ہیں ہول سقیم
ستار عیب پوش ہے تو اور بڑا حلیم
غفار ہے غفور ہے رحمٰن ہے رحیم
اعمالِ زشت سے ہوں میں شرمندہ یا کریم

پردہ مرے گناہ پہ روزِ نشور ہو

وہ جان جسپہ مہر کی فرمائے تو نظر
اسپر کبھی نہ گردشِ دوراں کا ہو اثر
رنج و غمِ زمانہ کا مطلق نہ ہو گذر
وہ قلب جسمیں تیری تجلی ہو جلوہ گر

ممکن نہیں کہ سنگِ حوادث سے چور ہو

جو اپنی عہد شکنی سی ہر دم ڈرا کرے
اس کا خیال دلمیں قیامت بپا کرے
جانِ جہاں کی یاد میں بیخود رہا کرے
مستِ مے الست اُسے پی کے کہا کرے

حصہ میں زاہدوں کے شرابِ طہور ہو

ہر دم خدا کے ذکر کا مذکور چاہیئے
نزدیکئے ہوس سے رہے دُور چاہیئے
حرص و ہوائے نفس پہ منصور چاہیئے
ہر وقت اسکی یاد سے معمور چاہیئے

وہ دل ہے کیا جو مائلِ حور و قصور ہو

ذی شان ہے وہ مالکِ عرشِ عظیم ہے
خلاق ہے سمیع و بصیر و علیم ہے
بخشش ہے اسکی عام بڑا وہ کریم ہے
بندہ ہوں اسکا میں جو غفور و رحیم ہے

بیجا نہیں ہے اُسکا جو مجھکو غرور ہو

جو صدق دل سے آکے نہ در پر ترے جھکے
جانے حقیر اور کو اپنے مقابلے
آوارہ ہو اور خوار ہو وہ دربدر پھرے
ممکن نہیں کہ اسکا ٹھکانا کہیں لگے

کم بخت ہے وہ جو تیری رحمت سے دور ہو

یارب دعا مظفرِ مسکین کی یہ ہے
جو مانگے تیرا بندہ وہ تو اُسکو عطا کرے
جو کچھ ہو اُسکے دل کی تمنا اُسے ملے
ہادی کی آرزو ہے کہ وہ آملیں مجھے

جس چیز پر نگاہ پڑے کوہِ طور ہو۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# عزت و توقیر سیدِ مکہ ۱۳۳۸ھ

(یعنی)

## شانِ محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم حبیب ایزد ۱۳۳۸ ہجری

جنابِ صدر انجمن صاحب و حاضرین معاشر المسلمین

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ!

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی سید المرسلین و خاتم النبیین محمد مصطفےٰ احمد مجتبیٰ صلے اللہ تعالےٰ علیہ و آلہ واصحابہ واہلبیتہ واتباعہ اجمعین الی یوم الدین بالتبجیل حسبنا اللہ ونعم الوکیل - درود تاج حفظ

**اما بعد** - عرض کرتا ہے یہ حقیر و فقیر نادان و ہیچمدان کہ اللہ تعالےٰ اپنی کلام قدیم قرآنِ عظیم میں فرماتا ہے - انّا ارسلنٰک شاھدا ومبشرًا و نذیرا ہ لتؤمنوا باللہ ورسولہ وتعزروہ وتوقروہ وتسبحوہ بکرۃ واصیلا - یعنے اے نبی (صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم)

بیشک ہمنے بھیجا تجھکو گواہ اور خوشخبری دیتا اور ڈر سناتا تاکہ (اے لوگو) تم اللہ اور اس کے رسول (صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان لاؤ اور رسول کی تعظیم اور توقیر کرو اور صبح اور شام اللہ کی پاکی (عبادت بیان کرو)۔

حضرات! اس آیت شریفہ میں اللہ تعالےٰ ہمکو تین باتوں کا حکم فرماتا ہے اوّل یہ کہ ہم لوگ اللہ تعالےٰ اور اس کے رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لائیں۔ دوم یہ کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم تعظیم اور توقیر کریں سوم یہ کہ ہم لوگ اللہ تعالےٰ کی عبادت کریں۔ ان تینوں امروں کی ترتیب کو ملاحظہ فرمایئے کہ اسنے ان تینوں جلیل باتوں کی کیسی جمیل ترتیب تکمیل فرمائی ہے اور خیال کرو کہ سب سے پہلے ایمان لانے کی تاکید فرمائی اور سب سے پیچھے اپنی عبادت کا حکم فرمایا۔ لیکن درمیان میں اپنے پیارے حبیب محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعظیم کا حکم فرمایا کیونکہ بغیر ایمان کے تعظیم رسول اکرم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کارآمد نہیں ہے۔ بھتیرے غیر مسلم لوگوں نے رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعظیم وتکریم میں کتابیں تصنیف کی ہیں اور بڑے بڑے لیکچر دے چکے ہیں۔ مگر جب کہ وہ ایمان نہ لائے کچھ مفید نہوا۔ کیونکہ یہہ ظاہری تعظیم ہے دل میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سچی محبت اور عظمت اور الفت اگر ہوتی تو ایمان لاتے۔ یعنے جب تک سچی عظمت اور تعظیم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نہو عمر بھر عبادت وریاضت میں مصروف رہے سب بیکار اور مطرود و مردود ہے۔ بھتیرے جوگی۔ بیراگی۔ سنیاسی تیاگی اور راہب لاہب برسہابرس ترک دنیا کرکے اپنے طور پر ذکر اور عبادت آلہی میں اپنے بدن کو خشک

کر کر عمر خود صرف کر دیتے ہیں بلکہ بعض دنیں سے ایسے بھی ہیں - کہ
لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ کا ذکر سیکھتے ہیں اور ضربیں لگاتے ہیں - مگر جب تک
حضرت محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لا کر تعظیم نہیں کرتے اصلا
قابل قبول بارگاہ الٰہی نہیں اور نہ کچھ فائدہ حاصل - انہیں لوگوں کے
حق میں اللہ تعالےٰ فرماتا ہے - وقدمنا الیٰ ما عملوا من عمل فجعلنٰہ
ھباءً منثورا - یعنے جو کچھ اعمال انہوں نے کئے ہمنے برباد کر دئے پھر
ایسوں ہی کے حق میں فرمایا - عاملۃٌ ناصبۃ ۰ تصلےٰ نارًا حامیۃً
یعنے مشقتیں اور محنتیں کر کے عمل کریں اور بدلہ اسکا یہ ہوگا کہ بھڑکتی
ہوئی آگ میں بیٹھینگے العیاذ باللہ - نتیجہ کیا ہوا کہ جب تک اللہ تعالےٰ
اور اس کے رسول الکرم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان نہ لاویں اور
ساتھ ہی اس کے یہ کہ جب تک آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عزت
وعظمت وتعظیم وتوقیر نہ کریں کوئی عبادت کوئی عمل صالح کوئی نیکی انکی
قبول نہیں تمام اعمال حبط اور ضائع وبرباد ہیں کیونکہ اس تعظیم وتکریم
کے بعد اللہ تعالےٰ نے اپنی عبادت کا حکم دیا ہے - لیکن جب تک پہلے حکم
کی تعمیل نہو تب تک دوسرے حکم کی بجا آوری لا حاصل ہے - اور اس حکم
کی تعمیل تب ہی ہو سکتی ہے کہ جب آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے
کمال محبت ہو اور جب تک حضور سے محبت نہو گی یا عزت وعظمت
دل میں نہ ہو گی تب تک اللہ تعالےٰ کی محبت ہو نہیں سکتی - اسمیں کوئی
شبہ کو گنجائش نہیں کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی اللہ تعالےٰ کی محبت
حاصل کرنے کا ذریعہ اور وسیلہ ہیں - اسیو اسطے اللہ تعالےٰ فرماتا ہے
رسول اکرم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو قل ان کنتم تحبّون اللہ فاتّبعونی
یحببکم اللہ ویغفرلکم ذنوبکم واللہ غفورٌ رّحیم - یعنے کہدے اے

بیشک ہمنے بھیجا تجھکو گواہ اور خوشخبری دیتا اور ڈر سناتا تاکہ (اے لوگو) تم اللہ اور اس کے رسول (صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان لاؤ اور رسول کی تعظیم اور توقیر کرو اور صبح اور شام اللہ کی پاکی (عبادت بیان کرو)۔

حضرات! اس آیت شریفہ میں اللہ تعالے ہمکو تین باتوں کا حکم فرماتا ہے اوّل یہ کہ ہم لوگ اللہ تعالےٰ اور اس کے رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لائیں۔ دوم یہ کہ رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم تعظیم اور توقیر کریں سوم یہ کہ ہم لوگ اللہ تعالے کی عبادت کریں۔ ان تینوں امروں کی ترتیب کو ملاحظہ فرمائیے کہ اسنے ان تینوں جلیل باتوں کی کیسی جمیل ترتیب تکمیل فرمائی ہے اور خیال کرو کہ سب سے پہلے ایمان لانے کی تاکید فرمائی اور سب سے پیچھے اپنی عبادت کا حکم فرمایا۔ لیکن درمیان میں اپنے پیارے حبیب محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعظیم کا حکم فرمایا کیونکہ بغیر ایمان کے تعظیم رسول اکرم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کارآمد نہیں ہے۔ بھتیرے غیر مسلم لوگوں نے رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعظیم وتکریم میں کتابیں تصنیف کی ہیں اور بڑے بڑے لیکچر دے چکے ہیں۔ مگر جب کہ وہ ایمان نہ لائے کچھ مفید نہوا۔ کیونکہ یہہ ظاہری تعظیم ہے دل میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سچی محبت اور عظمت اور الفت اگر ہوتی تو ایمان لاتے۔ یعنے جب تک سچی عظمت اور تعظیم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نہو عمر بھر عبادت و ریاضت میں مصروف رہے سب بیکار اور مطرود و مردود ہے۔ بھتیرے جوگی۔ براگی۔ سنیاسی تیاگی اور راہب لاہب برست ترک دنیا کرکے اپنے طور پر ذکر اور عبادت الٰہی میں اپنے بدن کو خشک

کرکر او خود صرف کر دیتے ہیں بلکہ بعض ادمنیں سے ایسے بھی ہیں۔ کہ لا الٰہ الا اللہ کا ذکر سیکھتے ہیں اور ضربیں لگاتے ہیں۔ مگر جب تک حضرت محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لاکر تعظیم نہیں کرتے اصلا قابل قبول بارگاہ الٰہی نہیں اور نہ کچھ فائدہ حاصل۔ انہیں لوگوں کے حق میں اللہ تعالےٰ فرماتا ہے۔ وقدمنا الیٰ ما عملوا من عمل فجعلنٰہ هباءً منثورا۔ یعنے جو کچھ اعمال انہوں نے کئے ہمنے برباد کردئے پھر ایسوں ہی کے حق میں فرمایا۔ عاملۃٌ ناصبۃ ۝ تصلیٰ ناراً حامیۃً یعنے مشقتیں اور محنتیں کرکے عمل کریں اور بدلہ اسکا یہ ہوگا کہ بھڑکتی ہوئی آگ میں بیٹھینگے العیاذ باللہ۔ نتیجہ کیا ہوا کہ جب تک اللہ تعالےٰ اور اس کے رسول المکرم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان نہ لاویں اور ساتھ ہی اس کے یہ کہ جب تک آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عزت وعظمت وتعظیم وتوقیر نہ کریں کوئی عبادت کوئی عمل صالح کوئی نیکی انکی قبول نہیں تمام اعمال حبط اور ضائع وبرباد ہیں کیونکہ اس تعظیم وتکریم کے بعد اللہ تعالےٰ نے اپنی عبادت کا حکم دیا ہے۔ لیکن جب تک پہلے حکم کی تعمیل نہو تب تک دوسرے حکم کی بجاآوری لاحاصل ہے۔ اور اس حکم کی تعمیل تب ہی ہو سکتی ہے کہ جب آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کمال محبت ہو اور جب تک حضور سے محبت نہو گی یا عزت وعظمت دل میں نہ ہوگی تب تک اللہ تعالےٰ کی محبت ہو نہیں سکتی۔ اسمیں کوئی شبہ کو گنجائش نہیں کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی اللہ تعالےٰ کی محبت حاصل ہونے کا ذریعہ اور وسیلہ ہیں۔ اسیواسطے اللہ تعالےٰ فرماتا ہے رسول اکرم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ ویغفرلکم ذنوبکم واللہ غفور رحیم۔ یعنے کہدے اے

رسول (صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم) مسلمانوں سے اگر تم اللہ تعالےٰ سے محبت کرنا چاہتے ہو تو میری پیروی تابعداری کرو۔ اور پھر تمہارے گناہ اللہ تعالےٰ بخشدیگا کیونکہ اللہ تعالےٰ بخشنے والا بڑا رحیم ہے۔ پس اس آیت شریف سے یہ ثابت ہوا کہ خدا کی محبت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت اور تابعداری ہی میں ہے اور گناہوں کی معافی نجات اسی میں ہے۔ کیونکہ سوائے محبت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کوئی شخص ایماندار نہیں ہو سکتا۔ اور نہ مومن و مسلمان کہلا سکتا ہے۔ اسی حکم خداوندی کے مطابق خود حضور سرور عالم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں لایومن احدکم حتّی اکون احبّ الیہ من والدہٖ و ولدہٖ والناس اجمعین ایک دوسری حدیث میں الفاظ من نفسہ و مالہ بھی آیا ہے یعنے کوئی شخص مسلمان ہی نہو گا جب تک آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنی جان سے مال سے اپنے باپ سے بیٹے سے اور تمام دنیا کے لوگوں سے زیادہ محبوب نہ بنائیگا۔ ؎

حبّ محبوبِ خدا ایدل جسے حاصل نہیں ٭ لاکھ مومن ہو مگر ایمان میں کامل نہیں

فرمائیے! بموجب ارشاد لازم الانقیاد ہمارے میں کون مسلمانی کا پورا دعویدار ہے ہاں البتہ حسب مراتب محبت وعظمت و تعظیم و تکریم قلبی آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مسلمان ہیں۔ لیکن سوال یہ ہے کہ جو لوگ بڑے بڑے جبّے۔ عمامے۔ قبّے والے ہمارے علاقی واخیافی حبّ جاہ کے طالب دستار فضیحت لئے ہوئے نظر آتے رہیں جنکو رسول اکرم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت تو درکنار عداوت قلبی اور شقاوت و قساوت دلی انکے قلب میں جاگزیں ہے اور جا بجا وعظوں اور تصنیفوں میں توہین واہانت کرتے رہتے ہیں اور کسر شان

رسول معظم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اُنکا وظیفہ مقرر ہے۔ جنکے اعتقاد میں
ہی یہ ہے کہ حضور سرور عالم افضل المرسلین وسید النبیین صلے اللہ علیہ
وآلہ وسلم بڑے بھائی سے زیادہ رتبہ نہیں رکھتے بلکہ نعوذ باللہ
منہا نقل کفر کفر نباشد ہر مخلوق خواہ بڑا ہو یا چھوٹا خدا کی شان کے سامنے
چمار سے بھی زیادہ ذلیل ہیں (اس میں تمام انبیاء و اصفیاء
آگئے) یہاں تک بھی دریدہ دہنی ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ
وسلم کا خیال نماز میں آجائے تو بیل اور گدھے سے بدتر ہے۔
اور حضور سرور عالم اعلم الثقلین صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا علم غیب
ایسا ہی ہے جیسے لڑکے یا پاگل یا تمام ڈنگروں اور چوپائیوں کا ہے۔
وغیرہ وغیرہ۔ انکے ایمان کا حساب کیجئے کہ کوئی ہندسہ یا عدد سوائے
صفر کے برآمد ہوتا ہے ہرگز نہیں۔ اگرچہ ہمارے علماء کرام اور
صوفیاء عظام نے سمجھانے کی تہ دل سے بہت سعی فرمائی وعظوں میں
تقریروں تحریروں میں کتابوں اور رسالوں میں ہر چند برادرانہ طور
پر سمجھایا مگر ہنوز روز اول بلکہ غضب و غیظ میں آکر دو چند سہ چند بلکہ
کئی چند دور ہی دور چلے گئے اور اپنی مرض کا علاج کرنے میں سخت درسخت
بدپرہیزی کا ہی استعمال کرتے چلے گئے اپنی صحت کا کچھ خیال نہ کیا بقول
شخصے سے مریض دین پر رحمت خدا کی + مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی
انا للہ وانا الیہ راجعون

کلام! میری غرض یہ تھی کہ شان عظمت رفعت و طلعت و سطوت تعظیم
وتکریم عظیم اور عزت و وقعت اور توقیر خطیر رسول اکرم صلے اللہ علیہ وآلہ
وسلم کا بیان کرنا میرے جیسے ہیچمدان ژولیدہ زبان کے لئے چھوٹا منہ بڑی
بات کی مثال ہے جن کی بابت اللہ تعالے خود فرماتا ہے وانک لعلی خلق

عظیم۔ اب اس عظیم خلق و عزت و تعظیم کی شرح کون کرسکتا ہے بڑے بڑے اکابر علماء و فضلاء نے بڑی بڑی ضخیم کتابیں اس موضوع پر تصنیف فرمائیں اور بڑے بڑے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور صوفیا اصفیاء عظام صاحب کشف اور الہام نے انکی شان والا مکان میں غواصی فرمائی مگر ایک شمہ بھی اُنکی عظمت و علو شان رسالت و نبوت و اعجاز و علوم الٰہی کا پتہ نہ لگا سکے اور آخر کو عاجز آکر اس رباعی پر ختم فرمادیا۔ رباعی۔

یا صاحب الجمال و یا سید البشر ٭ من وجہک المنیر لقد نوّر القمر

لا یمکن الثناء کما کان حقہ ٭ بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

یہہ کتنی بڑی عظیم بات ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سایہ نہ تھا اور مکس کبھی جسم اطہر پر نہ بیٹھی۔ اور جیسے آگے سے دیکھتے تھے ویسے ہی پیچھے سے۔ یہہ اسلئے کہ حضور انور کا جسم مقدس کلہم نور اور نور الانوار تھا۔ اور نور کا خاصہ ہی ہے کہ اس کا سایہ نہو جیسے ماہتاب آفتاب کا سایہ نہیں اور اس میں بھی خداوند تعالےٰ نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عظمت و عزت کا لحاظ فرمایا تاکہ سایۂ پاک زیر پا آکر لوگ گستاخی میں ماخوذ ہوں۔ جیسے مدارج النبوت میں درج ہے۔ بیت

نشاد سایۂ ازاں خورشید رخ دور ٭ کہ باہم راست نامد ظلمت و نور

ازاں بالا تر آمد پایۂ او ٭ کہ افتد در تہہ پا سایۂ او

چونکہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمانا کہ انا من نور اللہ میں خدا تعالےٰ کے نور سے ہوں اسلئے نام اللہ جو ذاتی نام خداوند کریم کا ہے اس کے چار حروف ہیں اور اسی طرح حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسم مبارک ذاتی محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بھی وہی چار حروف ہیں جس طرح اللہ کے نام کے اوپر تشدید کا تاج ہے اسی طرح نام مبارک

محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بھی وہی ملح مرقع موجود ہے ایک نکتہ اور بھی اس میں پنہاں ہے وہ یہ کہ جس طرح اللہ تعالےٰ کے نام پر کوئی نقطہ نہیں ہے اسی طرح حضرت محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام مقدس پر بھی نہیں ہے۔ اور یہہ نقطہ بصورت مگس ہے اسلئے حضور کے جسم اطہر پر مگس کا بیٹھنا بھی جائز نہیں۔ پھر اسی طرح اور غور فرمائیے کہ کلمہ طیبہ لا الٰہ الا اللہ پر بھی کوئی نقطہ نہیں۔ اسی طرح محمد رسول اللہ پر بھی کوئی نقطہ نہیں سبحان اللہ خداوند کریم نے کیسی صفائی رکھی ہے بہر حال خدا تعالےٰ اور اُس کے رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسم مبارک پر نقطہ کا نہ آنا علو شان شفیع کون ومکان کو ظاہر کر رہا ہے ایسی تطبیق قدرتی کا ہونا عجائبات سے ہے اور اللہ تبارک وتعالےٰ نے اس خصوصیت کو خاص النخاص فرما دیا لیکن ایک اور خصوصیت اس میں مضمر ہے وہ یہہ ہے کہ جس طرح کلمہ طیبہ لا الٰہ الا اللہ کے حروف بارہ ہیں اسی طرح محمد رسول اللہ کے بھی وہی بارہ حروف ہیں۔ اسی طرح خدا کی قدرت سے نظام دنیا میں آسمانوں پر بھی بارہ ہی برج ہیں۔ اور ہر سال کے بھی بارہ ماہ ہیں۔ اور حضور سرور عالم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد بارہ امام رضی اللہ عنہم ہیں جن پر دنیا کا خاتمہ ہے۔ اسی طرح خداوند کریم نے اپنے فضل سے ظہور عظمت اپنی سے حضرت رسالت پناہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خادمان جان نثار کو بھی۔ بارہ حروف کی شمولیت میں شرف بخشا ہے۔ چنانچہ صحابہ کرام وخلفاء عظام و دیگر بزرگان دین اس قدر قل میں شامل ہیں۔ دیکھئے جس طرح اللہ تعالےٰ کی توحید کے کلمہ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے رسالت کے کلمہ میں بارہ بارہ حروف ہیں اسی طرح حضرت ابا بکر الصدیق (رضی اللہ عنہ) کے بھی بارہ حروف ہیں۔ پھر اسی

طرح حضرت عمر ابن الخطاب (رضی اللہ عنہ) کے نام کے بھی وہی بارہ[۱۲]
حروف ہیں۔ اور اسی طرح حضرت عثمان ابن عفان (رضی اللہ عنہ)
کے بھی وہی بارہ حروف ہیں۔ پھر اسی طرح حضرت علی بن ابی طالب
(رضی اللہ عنہ) کے بھی وہی بارہ حروف ہیں۔ آگے چلیئے ہمارے امام الائمہ
سراج امت حضرت نعمان ابن ثابت اور حضرت امام اعظم
(رضی اللہ عنہ) کے بھی وہی بارہ حروف ہیں۔ اور دیکھئے اور ہماری
خوش خوش قسمتی کو ملاحظہ فرمایئے کہ جس انجمن میں آج ہم سب حاضر
ہیں اس کا نام مبارک انجمن نعمانیہ ہے اور حضرت رسول صلے اللہ
علیہ وآلہ وسلم کے فضل سے اس کے بھی بارہ ہی حروف ہیں۔ ایک اور
مزہ کی بات اور خدا کے فضل کو ملاحظہ کیجئے کہ بانئ انجمن نعمانیہ صاحب
جو یہ بزرگ سامنے تشریف فرما ہیں ان کا نام نامی تاج الدین احمد
ہے خدا کی قدرت اور علم کو دھیان میں لائیے کہ اس کے بھی وہی بارہ
حروف ہیں اور ساتھ ہی اون کے حضرت مفتی سلیم اللہ کے
بھی وہی بارہ ہی حروف ہیں۔ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَاءُ
حضرات! اب میں حضرت سراج الامت امام الائمہ ابو حنیفہ
امام اعظم رضی اللہ عنہ جو حضور سرور عالم صلے اللہ علیہ وآلہ
وسلم کے خادمان خادم ہیں اُنکے چند مناقب عرض کرتا ہوں اسلئے کہ یہ
انجمن مبارک اُنہیں کے نام نامی اور اسم گرامی سے منسوب و محسوب و
محجوب ہے۔ جس میں سُنی حنفی علماء دین کی تعلیم و تدریس انیس ہے۔
تاکہ عظمت اور علو مرتبت شان عظیم رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم
کی معلوم ہو۔

نام جناب کا نعمان ابن ثابت ہے اور کنیت آپکی ابو حنیفہ

اور لقب جناب کا امام اعظم رضی اللہ عنہ ہے وہ خیر التابعین سے ہیں اور حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے فیض یافتہ ہیں اور سات کس صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو آپ نے اپنی حیات میں دیکھا اور انسے احادیث کی روائت کی ولادت حضرت کی سنہ ۸۰ھ استی ہجری میں ہوئی جو الفاظ بے نیاز۔ نیک۔ حسیب۔ ید اللہ۔ آل امجاد۔ مدد ایزدی کے اعداد کے مطابق ہے۔ اور وفات حضرت امام رضی اللہ عنہ کی سنہ ۱۵۰ھ ایک سو پچاس میں واقع ہوئی جو الفاظ محبوب امام۔ سلطان۔ عیسٰے علیم۔ ہو الحق۔ سیف۔ محلّے۔ مطالع۔ الاطمع۔ لئیق۔ احصان۔ ہلال عید۔ دامن امید۔ قوی دل۔ والانسب جہاں نما۔ لعل بے بہا۔ زیب ممالک۔ ماہ عدل۔ نیک حسب۔ کامل جہاں۔ کمال جہاں۔ اکلیل جہاں۔ طالب حق۔ کوکب ایمان کے اعداد جمل کے مطابق ہے۔ الحمد للہ علیٰ ذالک۔

(۱) شجرۂ نسب اس طرح ہے حضرت امام ابو حنیفہ نعمان بن ثابت بن قیس یزدجرد بن شہریار بن پرویز بن نوشیروان عادل۔ فارسی النسل

(۲) چار ہزار صحابی و تابعی اور استادوں سے آپ نے علم حاصل کیا۔

(۳) آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا آب دہن مبارک امانتاً حضرت انس بن مالک کے سپرد فرمایا کہ ابو حنیفہ (رضی اللہ عنہ) جب پیدا ہوں انکو پہنچانا۔ اور وہ آبِ دہن مبارک حضرت انس رضی اللہ عنہ کے موںھ میں بصورت آبلہ ہو گیا تھا جب حضرت امام اعظم رضی اللہ عنہ پیدا ہوئے تو وہ امانت حضرت انس رضی اللہ عنہ نے اُن کے موںھ میں سپرد

فرمائی۔

(۴) ۔حضرت امام اعظم رضی اللہ عنہ ہر شب ہزار رکعت نفل ادا فرماتے تھے اور چالیس سال تک عشا کے وضو کے ساتھ نماز صبح پڑھی۔

(۵) ایک دفعہ حضرت امام رضی اللہ عنہ نے ارادہ عزلت و خلوت برائے یاد حق تعالےٰ کے کیا اُسی رات کو آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خواب میں فرمایا کہ اے ابوحنیفہ آپ کو اس لئے پیدا نہیں کیا گیا بلکہ اس لئے کہ آپ میری سنت کے مطابق لوگوں کو ہدایت کریں تب آپ نے اس ارادہ کو ترک فرمایا۔

(۶) ایک دفعہ ایک محلہ میں ایک شخص فوت ہوگیا جو حضرت امام رضی اللہ عنہ کے شاگردوں میں سے تھا اسکے جنازہ کے لئے تشریف لیگئے۔ اسی محلہ میں اُنکا ایک مدیون بھی رہتا تھا دھوپ سخت پڑ رہی تھی تا غسل میت دھوپ میں کھڑے رہے لیکن اس مدیون کی دیوار کے سائہ کے نیچے کھڑے نہوئے کہ ایسا نہو کہ مدیون کی دیوار کے سائہ میں کھڑا ہونا میرا سود میں نہ آجائے۔

(۷) ایک شخص مالدار حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے دشمنی رکھتا تھا یہانتک کہ حضرت ذوالنورین رضی اللہ عنہ کو نعوذ باللہ یہودی کے نام سے بلایا کرتا تھا۔ حضرت امام رضی اللہ عنہ نے یہہ بات سن کر اُس مالدار شخص کو بُلایا اور اس سے پوچھا کہ تم اپنی دختر کو فلاں یہودی کے نکاح میں دوگے۔ اُس نے کہا اے امام آپ مسلمانوں کے امام ہیں آپ کیا جائز جانتے ہو کہ ایک مسلمان کی لڑکی یہودی کو دیجائے میں مسلمان ہوں کیا میں اس بات کو روا رکھ سکتا ہوں۔ حضرت امام نے فرمایا۔ سُبحان اللہ! کہ تم اپنی لڑکی کو ایک یہودی کے نکاح میں دینا روا نہیں رکھتے۔ پس حضرت پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود اپنی دو لڑکیوں

کو ایک یہودی کے نکاح میں دینا کیونکر روا رکھا۔ اسپر وہ مالدار شخص سمجھ گیا۔ حضرت امام کے ہاتھ پر تائب ہوگیا۔

(۸) حضرت امام رضی اللہ عنہ جب کبھی زیارت روضہ مطہرہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیواسطے حاضر ہوتے کہتے۔ السلام علیك یا امام المرسلین روضۂ منورہ سے جواب آتا وعلیك السلام یا امام المسلمین

(۹) فصول ستہ میں حضرت محمد پارسا علیہ الرحمۃ لکھتے ہیں کہ امام اعظم بزرگترین معجزات رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم میں سے ہیں اور حضرت عیسٰے علیہ السلام جب آسمان پر سے نزول فرمائینگے تو چالیس سال تک بموجب مذہب امام اعظم رضی اللہ عنہ عملدرآمد فرمائینگے۔

(۱۰)۔ (غائتہ الاوطار ترجمہ در مختار) فرمایا رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ مقرر آدم علیہ السلام نے میرے سبب سے فخر کیا اور میں فخر کرتا ہوں ایک مرد کے سبب سے جو میری امت میں ہے نام اس کا نعمان اور کنیت اسکی ابو حنیفہ ہے اور وہ میری امت کا چراغ ہے۔

(۱۱) دوسری حدیث (غائتہ الاوطار) فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ تمام انبیاء میرے سبب سے فخر کرتے ہیں اور میں ابو حنیفہ کے سبب سے فخر کرتا ہوں جو اس کے ساتھ محبت رکھے سو مقرر اسنے میرے ساتھ محبت رکھی اور جو اس کے ساتھ دشمنی رکھے سو البتہ اسنے میرے ساتھ دشمنی رکھی۔ (صفحہ ۲۲) جلد اول۔

(۱۲) (غائتہ الاوطار) امام الائمہ رضی اللہ عنہ نے اپنی زندگی میں پچپن حج کئے اور اپنے اخیر حج میں کعبۃ اللہ شریف کے خادموں سے ایک رات بیت اللہ شریف میں داخل ہونے کی اجازت لی۔ بیت اللہ شریف کے دو ستونوں کے درمیاں کھڑے ہوئے دو رکعت نماز میں

قرآن شریف کو ختم فرمایا۔ سلام پھیر کر بہت روئے اور اپنے رب کی مناجات کی کہا الٰہی تیرے اس بندہ ضعیف نے تیری عبادت نہیں کی جیسے کہ تجھکو لائق ہے لیکن تجھکو جانا جیسے کہ تیری جاننے کا حق ہے تو اس کی خدمت کے نقصان کو اُس کے کمالِ معرفت کے سبب سے بخشدے۔ تو بیت اللہ کے ایک جانب سے آواز غیبی آئی کہ اے ابو حنیفہ تونے ہم کو جانا جیسا کہ حق معرفت تھا اور تونے ہماری خدمت کی تو خوب ہی خدمت کی مقرر ہمنے تجھکو بخشا اور اسکو بھی بخشا جو تیرا تابع ہو ان لوگوں میں سے جو تیرے مذہب پر ہیں قیامت تک۔ صفحہ ۲۱۔

**حضرات!** خداوند تعالےٰ کا شکر ہر لحہ اس بشارت اور نعمت کا بجا لائے کہ سچے مقلدین حضرت امام رضی اللہ عنہ کے لئے کیسی کھلی نعمت کی بشارت ہے۔ اسی وجہ سے حضرت مسعر بن کدام حضرت سفیان ثوری کے استاد فرماتے ہیں۔ وھو ھذا۔ ؎

حسبی من الخیرات ما اعددتہ ❊ یوم القیٰمۃ فی رضی الرحمٰن۔

دین النبی محمد خیر الوریٰ ❊ ثم اعتقادی مذہب النعمان

یعنی کفایت کرتی ہے مجھکو قیامت کے دن نیکیوں سے وہ چیز جو مینے تیار کر رکھی ہے رحمٰن کی رضامندی میں سو وہ چیز دین نبی محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہے جو تمام خلق سے بہتر ہیں پھر بعد اسکے میرا اعتقاد نعمان کے مذہب کا یعنے ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ۔

اندریں حالت مدراسی میراسی وغیرہ دشمنان امام ہمام رضی اللہ عنہ کے ساتھ عداوت اور بغض کیوجہ سے دشمنان حضور سرورِ عالم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ثابت ہو کر خسرۃ الدنیا والاخرۃ ہو رہے ہیں۔ حضرت مسعر بن کدام اونکے حق میں فرماتے ہیں۔ (درمختار) ؎

رأیت العائبین لہ سفاہا ٭ خلاف الحق مع حجج ضعیفہ
فلعنۃ ربنا اعداد رمل ٭ علی من رد قول ابی حنیفہ

اب میں ایک بزرگ کامل و مکمل ولی اللہ خادمان خادم حضور سرور عالم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایک عجیب واقع اور کرامت دراصل معجزہ حضور صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا عرض کرتا ہوں اگرچہ حضور کے خادمان خادم ایسے بھی غوث اور قطب موجود ہیں جنکے ہاتھ اور برکت سے احیاء موتے بھی وقوع میں آئی ہیں اونکا مختصر حال بھی لکھنا مشکل ہی نہیں۔ بلکہ قریب قریب غیر ممکن ہے اُن میں سے حضرت بایزید بسطامی علیہ الرحمۃ مادر زاد ولی اللہ کا واقع درج کرتا ہوں جو کتاب عربی روضۃ الریاحین مصنفہ حضرت امام یافعی علیہ الرحمۃ میں لکھا ہے اس کا ترجمہ کیا جاتا ہے جس سے حضور سرور عالم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی علو شان و عظمت معلوم ہوگی۔

## حکایتِ اوّل

حضرت بایزید بسطامی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ میں ایک دن اپنی سیاحت خلوت میں نہایت خوش تھا اور اپنے فکر میں مستغرق اور ذکر میں مانوس تھا ناگہاں مجھے غیب سے آواز آئی کہ اے بایزید سمعان کے بت خانہ میں جاؤ اور انکی عید قربان میں رہبان کے ساتھ حاضر ہوکر شامل ہوجاؤ اور ہم نے کہا کہ یہ خبر معلوم کرنے کا قصد کرو۔ میں نے یہ بات سُنکر کہا کہ میں خدا کی پناہ مانگتا ہوں اس خیال سے اور میں نے کہا کہ میں ایسا نہیں کرونگا۔ پھر جب رات ہوئی تو ہاتف نے میرے خواب میں اسی بات کا پھر اعادہ کیا۔ تب میں اس خواب کے ہاتف سے مرعوب ہوکر غم میں فکر کرتا

ہوا خواب سے فوراً خوف زدہ ہو کر چونک پڑا۔ اس کے بعد پھر مجھے ظاہر طور پر آواز آئی کہ (اے بایزید) تجھ پر اس میں کوئی گناہ نہیں تو اس سے مت ڈر تو میرے نزدیک اولیاء اور اخیار میں سے ہے اور تیرا نام دیوان لوح محفوظ میں ابراروں میں لکھا ہوا ہے پس تو رہبان کا لباس پہن لے اور گلے میں زنار ڈال لے اور تجھ پر کوئی گناہ نہیں اس سے انکار مت کر بایزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تب میں جلدی سے اٹھا اور حکم کی تعمیل کی اور رہبان کا لباس پہنا اور سمعان کے بت خانہ میں جا کر انہیں شامل ہو گیا۔ پھر جس وقت اُن کا بڑا رہبان حاضر ہوا اور وہ سب جمع ہوئے تو اس کی بات سُننے کے لئے چپ ہو گئے۔ مگر یہہ بڑا رہبان بول نہیں سکتا تھا گویا مونھ میں لگام دیدی گئی ہے۔ تب دوسرے رہبانوں نے کہا کہ اے رہبان یہ کیا بات ہے کہ تم کچھ گفتگو نہیں کرتے تاکہ تمہاری بات سے ہدایت پا کر تیرے علم کی پیروی کریں۔ رہبان نے کہا کہ مجھے کسی شخص نے گفتگو کرنے سے نہیں روکا کہ میں بات نہ کروں لیکن بات یہ ہے کہ کوئی **شخص محمدی تمہارے** میں **بیٹھا ہوا ہے** اور تحقیق وہ تمہارے دین کے امتحان لینے کو آیا ہے۔ پس کہا اُن لوگوں نے کہ ہمیں دکھلائیے وہ کون ہے تاکہ ہم اُسکو اُسی وقت **قتل کر ڈالیں**۔ رہبان نے کہا کہ نہیں اُسے قتل مت کرو لیکن دلیل اور حجت سے۔ اُنہوں نے کہا کہ جیسا آپ چاہیں ویسا کریں۔ اور ہم فائدہ اٹھانے کے لئے حاضر ہیں۔ حضرت بایزید فرماتے ہیں۔ کہ اُن کا بڑا رہبان کھڑا ہوا اور آواز دی کہ **اے شخص محمدی** تم کو **حضرت محمد** (صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) کی **قسم ہے** کہ تم اٹھ کے کھڑے ہو جاؤ تاکہ ہم تجھے دیکھیں۔ **تب حضرت بایزید اُٹھکے کھڑے** ہو گئے۔ مگر زبان پر تسبیح اور تقدیس اور تحمید الٰہی جاری

تھی۔ سب ربان نے کہا کہ اے محمدی! میں آپ سے مسائل پوچھنا چاہتا ہوں اگر انکے جواب آپ نے دیدئے تو ہم تیرے تابع ہو جائینگے۔ اگر تم جواب دینے سے عاجز ہوگئے تو ہم تجھے قتل کر ڈالینگے۔ تب حضرت نے فرمایا کہ معقول اور منقول سے جو چاہو پوچھو۔ اللہ تعالے اسپر گواہ ہے جو کچھ میں کہوں۔ کہا ربان نے بتاؤ ایک ہے مگر دوسرا اس کا کوئی نہیں دو ہیں مگر تیسرا اس کا نہیں۔ تین ہیں مگر چوتھا اسکے ساتھ نہیں۔ چار ہیں مگر پانچواں اس کا نہیں۔ پانچ ہیں مگر چھٹا اس کا نہیں۔ چھ ہیں مگر ساتواں اس کا نہیں۔ سات ہیں مگر آٹھواں اُسکا نہیں۔ آٹھ ہیں مگر نواں اس کا نہیں۔ نو ہیں مگر دسواں اسکے ساتھ نہیں۔ دس کامل کیا ہیں اور گیارہ کیا ہیں۔ بارہ کیا ہیں تیرہ کیا ہیں۔ چودہ کیا ہیں جو اللہ تعالے سے باتیں کرتی ہیں۔ اور بتلاؤ کہ ایک قوم نے جھوٹ بولا وہ بہشت میں داخل ہوئی اور ایک قوم نے سچ بولا اور وہ دوزخ میں ڈالی گئی۔ اور بتلاؤ کہ تمہارے روح کی رہائش بدن میں کہاں ہے۔ اور ذاریات ذروا کیا ہے اور حاملات وقرا کیا ہے اور جاریات یسرا کیا ہے۔ اور مقسمات امرا کیا ہے۔ اور بتلاؤ کہ وہ کیا چیز ہے کہ بغیر روح کے دم لیتی ہے۔ اور وہ قبر کونسی ہے جو صاحب قبر کیلئے پھرتی ہے۔ اور وہ پانی کونسا ہے جو نہ تو وہ آسمان سے آیا اور نہ زمین سے نکلا۔ اور بتلاؤ وہ چار کیا ہیں جو نہ جن ہے نہ آدمی نہ فرشتہ اور نہ وہ باپ کی پشت سے اور نہ ماں کے شکم سے۔ اور بتلاؤ کہ سب سے اول زمین میں کس نے خون کیا۔ اور وہ کیا چیز ہے جس کو خدا نے پیدا کیا اور اسکو عظیم فرمایا۔ اور سب سے افضل عورت کون ہے۔ اور سب سے افضل دریا کون ہے اور سب سے افضل پہاڑ

کون ہے۔ اور سب سے افضل چار پایہ کون ہے۔ اور سب سے افضل کونسا مہینہ ہے اور سب سے افضل کونسی رات ہے اور الطامہ کیا ہے۔ اور وہ کونسا درخت ہے جس کی بارہ (۱۲) ٹہنیاں ہیں اور ہر ٹہنی میں تیس (۳۰) پتے ہیں اور ہر پتے میں پانچ شگوفے ہیں۔ دو اُنمیں دھوپ کے اندر ہیں اور تین سائے میں اور وہ کیا چیز ہے کہ بیت الحرام کا حج کرتی ہے مگر اُس میں روح نہیں اور نہ اُس پر حج فرض ہے۔ اور بتلاؤ کہ کتنے نبی اللہ تعالےٰ نے پیدا کئے اور کتنے اونمیں مرسل ہیں اور کتنے غیر مرسل ہیں۔ اور وہ چار چیز کیا ہیں کہ جن کا مزہ اور رنگ مختلف ہے۔ لیکن اُن کی اصل ایک ہے۔ اور بتلاؤ کہ نقیر اور فتیل اور قطمیر کیا ہیں۔ اور سبد اور لبد اور طم اور رقم کیا ہیں۔ اور بتلاؤ جب کُتا بھونکتا ہے تو کیا کہتا ہے۔ اور گدھا سینگتا ہے تو کیا کہتا ہے۔ اور بیل بولتا ہے تو کیا کہتا ہے۔ اور گھوڑا جب ہنہناتا ہے تو کیا کہتا ہے۔ اور اونٹ جب بولتا ہے تو کیا کہتا ہے۔ اور مور جب بولتا ہے تو کیا کہتا ہے۔ اور تیتر اپنی آواز میں کیا کہتا ہے۔ اور بلبل اپنی آواز میں کیا کہتی ہے۔ اور مینڈک اپنی آواز تسبیح میں کیا کہتا ہے۔ اور سنکھ جب بجتا ہے تو وہ کیا کہتا ہے۔ اور بتلاؤ کہ وہ کون قوم ہے جس پر اللہ تعالےٰ نے وحی کی نہ وہ جنوں میں ہے نہ آدمیوں میں ہے اور نہ فرشتوں میں۔ اور بتلاؤ رات کہاں جاتی ہے جب دن [illegible] ہے اور جب رات ہو جاتی ہے دن کہاں چلا جاتا ہے۔ (جب ربان یہہ سوالات کر چکا) تو حضرت بایزیدؒ نے پوچھا کہ کوئی اور سوال بھی باقی ہے؟ ربان نے جواب دیا کہ نہیں۔ تب حضرت نے فرمایا کہ اگر میں نے جوابات ان سوالوں کے دیدئیے تو تم

اللہ تعالےٰ اور اسکے رسول محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لاؤگے ؟ تب سب نے اقرار کرکے کہا کہ ہم ایمان لاوینگے پس فرمایا حضرت بایزید نے کہ اے اللہ تو گواہ ہے اسبات کا جو کچھ یہہ لوگ کہتے ہیں ۔

تو سنو اپنے سوالوں کے جوابات ۔ جو سوال کیا تم نے کہ ایک ہے دوسرا اس کا کوئی نہیں پس وہ اللہ تعالےٰ عزوجل ہے ۔ اور جو دو ہیں تیسرا انکے ساتھ نہیں وہ رات اور دن ہیں بموجب قول اللہ تعالےٰ کے وجعلنا الّیل والنّہار اٰیتین ۔ اور جو تین ہیں چوتھا اس کے ساتھ نہیں وہ عرش اور کرسی اور قلم ہیں اور جو چار ہیں پانچواں انکے ساتھ نہیں وہ چار کتابیں توریت اور زبور اور انجیل اور قرآن مجید ہیں اور جو پانچ ہیں چھٹا انکے ساتھ نہیں وہ پانچ فرض ہیں نماز پنجوقتہ جو تمام مسلمانوں مردوں اور عورتوں پر فرض ہیں ۔ اور جو چھ ہیں ساتواں انکے ساتھ نہیں وہ چھ دن ہیں جنکی بابت اللہ تعالےٰ فرماتا ہے ۔ ولقد خلقنا السّمٰوات والارض وما بینہما فی ستّۃ ایام اور جو سات ہیں آٹھواں انکے ساتھ نہیں وہ سات آسمان ہیں جیسے اللہ تعالےٰ فرماتا ہے خلق سبع سمٰوات طباقا ۔ اور جو آٹھ ہیں نواں انکے ساتھ نہیں وہ عرش عظیم کے اٹھانے والے آٹھ فرشتے ہیں جیسے اللہ تعالےٰ نے فرمایا ہے ویحمل عرش ربّک فوقھم یومئذ ثمٰنیۃ ۔ اور جو نو ہیں دسواں انکے ساتھ نہیں وہ نو آدمیوں کا گروہ ہے جنہوں نے زمین پر فساد کیا تھا ۔ جیسے اللہ تعالےٰ نے اس کی خبر دی ہے وکان فی المدینۃ تسعۃ

رهط یفسدون فی الارض ولا یصلحون ۔ اور جو **دس کاملہ** کا سوال ہے وہ دس **فرائض ہیں** جو مکہ معظمہ میں حاجیوں پر واجب ہیں جبکہ وہ حرم میں ہوں جیسے اللہ تعالےٰ فرماتا ہے۔ فصیام ثلثۃ ایام فی الحج وسبعۃ اذا رجعتم تلک عشرۃ کاملۃ۔ اور جو **گیارہ ہیں** وہ حضرت یوسف علیہ السلام کے **گیارہ بھائی ہیں** اور جو **بارہ ہیں** وہ **بارہ مہینے** سال کے ہیں ۔ اور جو **تیرہ ہیں** وہ حضرت یوسف علیہ السلام کی خواب ہے جیسے اللہ تعالےٰ فرماتا ہے انی رأیت احد عشر کوکبا والشمس والقمر۔ اور جو تمہارا سوال ہے کہ وہ **قوم کون ہے** جس نے جھوٹ بولا اور بہشت میں داخل ہوئی وہ حضرت یوسف علیہ السلام کے **بھائی ہیں**۔ جیسے فرمایا اللہ تعالےٰ نے وجاؤا علیٰ قمیصہ بدم کذب اور وہ **قوم** جسنے سچ بولا اور دوزخ میں ڈالی گئی وہ یہود اور نصاریٰ ہیں جیسے خبر دی اللہ تعالےٰ نے وقالت الیہود لیست النصرٰی علیٰ شیئ وقالت النصرٰی لیست الیہود علیٰ شیئ فھم صدقوا والدخلوا النار اور **روح** کا سوال کہ بدن میں کس جگہ رہتی ہے سو وہ تیرے دونوں کانوں کے بیچ موتھ کی صورت میں ہے۔ اور ذاریات ذرا چار ہوائیں ہیں اور حاملات وقرا بادل ہیں۔ اور جاریات یسرا وہ دریا میں چلنے والی کشتیاں ہیں۔ اور مقسمات امرا وہ فرشتے ہیں جو نصف شب شعبان کو لوگوں پر رزق تقسیم کرتے ہیں۔ اور جو چودہ چیزیں خدا کے ساتھ کلام کرتی ہیں وہ سات **آسمان** اور سات **زمینیں ہیں** جیسے فرمایا اللہ تعالےٰ نے فقال لھا وللارض ائتیا طوعا او کرھا قالتا اتینا طائعین۔ اور وہ **قبر جو اپنے قبر والے کو لئے پھرتی تھی**

وہ یونس علیہ السلام کی مچھلی ہے۔ اور جو سوال کہ اللہ تعالےٰ نے کتنے نبی پیدا کیئے اور کتنے مرسل اور کتنے غیر مرسل سو اللہ تعالےٰ نے ایک لاکھ کئی ہزار نبی پیدا کیئے انمیں سے تین سو تیرہ مرسل ہیں۔ اور وہ چیز جو بغیر روح کے سانس لیتی ہے وہ صبح ہے۔ اور وہ پانی جو نہ آسمان سے ہے اور نہ زمین سے نکلا ہے وہ شیشہ ہے جس میں بلقیس نے حضرت سلیمان علیہ السلام کے پاس گھوڑے کا پسینا بھیجا تھا۔ اور وہ چار چیزیں جو نہ جن ہیں نہ آدمی نہ فرشتہ نہ باپ کی پشت سے اور نہ ماں کے شکم سے وہ چار ہیں۔ ایک اون میں دُنبہ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کا۔ دوسری اونٹنی حضرت صالح علیہ السلام کی تیسرے آدم علیہ السلام۔ چوتھی مائی حوّا علیہا السلام ہیں۔ اور یہ سوال کہ وہ کیا چیز ہے جس کو اللہ تعالےٰ نے پیدا کیا اور پھر اس سے کراہت کی وہ گدھے کی آواز ہے جیسے فرمایا اللہ تعالےٰ نے ان انکر الاصوات لصوت الحمیر۔ اور یہ سوال کہ سب سے پہلے قتل یا خون زمین پر کس نے کیا وہ خون ہے جو قابیل نے اپنے بھائی ہابیل کو قتل کیا۔ اور یہ کہ وہ کونسی چیز ہے جس کو اللہ تعالےٰ نے پیدا کیا اور اسکو عظیم فرمایا۔ وہ عورتوں کا مکر ہے جیسے اللہ تعالےٰ نے فرمایا۔ ان کیدکن عظیم۔ اور یہ سوال کہ عورتوں میں افضل کون ہے سو وہ یہ ہیں حوّا اُم البشر۔ حضرت خدیجہ حضرت عائشہ۔ حضرت آسیہ۔ حضرت مریم۔ بنت عمران رضی اللہ عنہن۔ اور دریاؤں میں افضل سیحون۔ جیحون۔ فرات۔ نیل مصر۔ اور پہاڑوں میں افضل طور ہے اور چارپائوں میں افضل گھوڑا ہے اور مہینوں میں افضل

رمضان ہے۔ اور الطامۃ قیامت کا دن ہے ۔اور یہ سوال
کہ وہ کون درخت ہے جس کی بارہ[۱۲] ٹہنیاں ہیں۔ اور ہر ٹہنی
کے تیئس[۳۰] پتے ہیں۔ اور ہر پتہ میں پانچ شگوفے ہیں۔ اور
دو اُنمیں دھوپ میں ہیں۔ اور تین سائہ میں سو وہ ایک
سال ہے ٹہنیاں اُس کی بارہ ماہ ہیں اور پتے اُس کے ہر ماہ
میں تیئس[۳۰] دن ہیں اور پانچ شگوفے پانچ نمازیں ہیں دو
دن کے وقت اور تین رات کو۔ اور یہ سوال کہ وہ کیا
چیز ہے جس نے مکہ معظمہ کا حج اور طواف کیا مگر اُس میں روح
نہیں ہے اور نہ اُسپر حج فرض ہے۔ سو وہ نوح علیہ السلام کی کشتی ہے
اور یہ کہ وہ چار چیزیں کیا ہیں جن کا مزہ اور رنگ جدا جدا ہے لیکن اصل
ایک ہے وہ دونوں آنکھیں اور دو کان اور ناک اور مونھ
ہیں۔ یعنے آنکھوں کا پانی نمکین۔ اور کانوں کا پانی کڑوا ہے اور ناک
کا پانی ترش ہے اور مونھ کا پانی شیرین۔ اور نقیر وہ ہے جو
گٹھلی خرما کے پشت پر ہے اور فتیل وہ ہے جو اسکے اندر ہے اور قطمیر
اسکو کہتے ہیں جو اوپر کا چھلکا ہے اور سبد اور لبد بھیڑوں اور بکریوں
کے بال ہیں اور طم اور رم وہ امتیں ہیں جو حضرت آدم علیہ السلام
سے پہلے تھیں۔ اور یہ سوال کہ گدھا جب ہینگتا ہے کیا کہتا ہے سو
وہ شیطان کو دیکھکر کہتا ہے۔ لعن اللہ العشار۔ اور کتا اپنے
بھونکنے میں کہتا ہے ویل ہے دوزخیوں کے لئے اور غضب الجبار۔
اور گھوڑا اپنے ہنہنانے میں کہتا ہے۔ اللہ تعالےٰ میرا حافظ ہے
جسوقت جھوٹ پھیلے اور مرد مرد کے ساتھ مشغول ہو۔ اور اونٹ
اپنی آواز میں کہتا ہے حسبی اللہ وکفیٰ باللہ وکیلا۔ اور بلبل

کہتی ہے پاک ہے اللہ جب صبح ہو اور شام ہو۔ اور مینڈک اپنی تسبیح میں کہتا ہے سبحان المعبود فی البراری والقفار سبحان الملک الجبار۔ اور سنکھ اپنی آواز میں کہتا ہے سبحان اللہ حقاً حقاً۔ انظر یا ابن آدم فی ھذہ الدنیا غرباً و شرقاً ما تری فیہا احداً یبقی۔ اور یہ سوال کہ وہ کون قوم ہے جسکی طرف وحی کی گئی نہ وہ جن ہیں نہ آدمی اور نہ فرشتے وہ شہد کی مکھی ہے۔ جیسے فرمایا اللہ تعالےٰ نے واوحیٰ ربك الی النحل الآیہ۔ اور یہ سوال کہ رات کہاں جاتی ہے جب دن نکلتا ہے اور دن کہاں جاتا ہے جب رات ہوجاتی ہے سو وہ دونو اللہ تعالےٰ کے علم کے گڑھے میں پوشیدہ ہوجاتے ہیں۔ (جوابات ختم ہوئے) تب پوچھا حضرت بایزید علیہ الرحمۃ نے کہ کیا کوئی اور سوال باقی ہے؟ تب اُن سب نے کہا کہ نہیں۔ اب حضرت نے سوال کیا کہ اب تم بتاؤ کہ مفتاح الجنۃ اور مفتاح السمٰوات کیا ہے یعنے بہشت اور آسمانوں کی کُنجی کیا ہے تب ربان نے اپنے لوگوں سے کہا کہ چپ رہو بات نہ کرو۔ پس فرمایا بایزید علیہ الرحمۃ نے کہ تم نے مجھ سے بہت سے سوالات کیئے اور مینے انکے جوابات دئے۔ اور اب مینے تم سے صرف ایک سوال کیا اور تم جواب نہیں دیتے۔ کیا تم جواب دینے سے عاجز ہو تب سب نے کہا کہ ہاں ہم جواب دینے سے عاجز ہیں تب وہ سب لوگ اپنے بڑے سردار ربان کی طرف متوجہ ہوئے اور کہا کہ کیا تو بھی جواب دینے سے عاجز ہوگیا ہے۔ ربان نے کہا کہ میں جواب دینے سے عاجز نہیں ہوں لیکن میں ڈرتا ہوں کہ تم میری موافقت نہ کروگے۔ سب نے کہا کہ ہم بیشک تیری موافقت کرینگے کیونکہ تم ہمارے بڑے سردار ہو۔ جو کچھ آپ کہینگے ہم اس کو سُنینگے اور

اُسپر آپ کی موافقت کرینگے تب ربّان نے کہا کہ کنجی بہشت اور آسمانوں کی مسلمانوں کیلئے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ہے۔ یہہ سُنتے ہی سب لوگوں کی زبان پر کلمہ طیبہ جاری ہوگیا اور اسیوقت سب کے سب دین اسلام پر ایمان لائے اور بہت اچھا ہوا اون کا اسلام اور بُت خانہ سے نکل گئے اور اُس کو گرادیا اور اپنے زنار توڑ ڈالے اور اس بُت خانہ کو مسجد بنادیا۔ اُسی وقت حضرت بایزید علیہ الرحمۃ کو الہام ہوا کہ تونے ہمارے لئے زنار پہنا تھا اس لئے ہم نے تیرے لئے پانچسو زنار تڑواڈالے۔ فقط

امام یافعی علیہ الرحمۃ صاحب کتاب روضۃ الریاحین فرماتے ہیں۔ کہ اے بھائی اس طرف نظر اور غور کر کہ یہہ تمام کفار لوگ تھے جو ظلمات نابینائی میں پڑے تھے۔ پس لے لیا اونکو اللہ تعالےٰ نے اندھیرے کے گڑھے سے نورہدایت (اسلام) کی طرف اور یہہ سب کچھ برکت ہمارے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہے۔ پھر غور کرو کلمہ اخلاص کیطرف کہ کتنی بڑی اُس میں برکتیں ہیں۔ جب ہم اس کو پڑھیں پس اپنی زبانیں اس سے تازہ کریں۔ تاکہ اس کی برکتوں کے احسانوں کو پہنچیں اور فتح پاویں۔ اس کے امتنان کی حلاوت سے۔ اور اسکے امان کے حرم میں داخل ہوں پس واقعی وہ قلعہ اور زرہ مضبوط ہے اور فرمایا اللہ تعالےٰ نے اپنی کتب مُنزلہ میں کہ کثرت کرو قول لا الہ الا اللہ کی کہ وہ میرا قلعہ ہے اور جو کوئی داخل ہوا میرے قلعہ میں وہ میرے عذاب سے امن میں ہوگیا۔ اور فرمایا بعض صحابہ نے کہ جسنے کہا لا الہ الا اللہ دل کے خلوص سے اور دراز کیا اسکو تو اللہ تعالےٰ اس کے چار ہزار گناہ بخش دیتا ہے

اگر اس کے گناہ نہوں تو اس کے گھر والوں اور ہمسائیوں کے گناہ بخشے جاتے ہیں
حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رات اور دن کی چوبیس
ساعتیں (گھنٹے) ہیں اور کلمہ طیبہ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے بھی
چوبیس حروف ہیں پس جو کوئی پڑھے کلمہ طیبہ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ
پس کفایت کرتا ہے اللہ تعالے بدلے ایک حرف کے ایک گھنٹہ کے گناہوں کو
پس اس پر کوئی گناہ نہیں رہتا۔

**بھائی** خیال کرو کیسا خاص کیا ہے اللہ تعالے نے اس رحمت کو پس
اس کا کثرت سے ذکر اور شغل کیا کرو تاکہ تم فلاح پاؤ۔ ختم ہوا کلام امام
یافعی علیہ الرحمۃ کا۔ (ترجمہ عربی روضۃ الریاحین صفحہ ۴۰۔)

حضرات! **میں کہتا ہوں** اور یہاں زیادہ غور فرمانے کیلئے
عرض کرتا ہوں کہ حضرت بایزید بسطامی علیہ الرحمۃ حضرت مقبول
بارگاہ حبیب رب العالمین افضل المرسلین صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے
ادنےٰ خادموں میں سے ہیں انکا تصرف ولائت انکے جوابات الہامی
کے عائنت اور ہیں کرامت معجزہ نما کی طرف توجہ فرمائیے کہ ایک آن
میں سب کے سب بت خانے کے بڑے بڑے پوجاری پانسو (۵۰۰) کلمہ طیبہ
پڑھتے ہوئے فوراً مسلمان ہوگئے۔ اور اپنے **زنار و تنار توڑ ڈالے**
اور اس **مندر کی مسجد بنادی**۔ یہہ ہے اولیاء کرام کا تصرف
خداداد۔ نہ یہہ کہ ہمارے پنجاب میں مسیلمہ کذاب ثانی پیدا ہو۔
اور بڑے دعوے روز بروز ترقی افزوں کرے۔ کہ میں **حارث**
ہوں۔ میں امام **اعظم** ہوں۔ میں امام حسین ہوں اور پھر اس سے
بھی بڑھکر ہوں۔ میں **علی** ہوں۔ میں **عمر** ہوں۔ میں مجدد ہوں
میں امام مہدی ہوں۔ میں **مثیل مسیح** ہوں۔ میں **مسیح موعود**

ہوں پھر میں ابن مریم ہوں پھر میں ابن مریم سے بڑھکر ہوں۔ پھر چھلانگ ماری کہ میں محمد ہوں۔ پھر کہا کہ میں نبی اور رسول ہوں۔ پھر کہا کہ میں تمام نبیوں اور رسولوں کا مجموعہ ہوں۔ پھر کہا کہ میں کرشن ہوں۔ پھر ادہر کودے کہا کہ میں خدا کا بیٹا ہوں پھر کہا کہ میں خود خدا ہوں اسپر بھی نہ ٹھیرے ایک ہی زینہ باقی تھا چڑھ کر کہا کہ میں خدا کا باپ ہوں۔ یہہ سب کچھ ہوا اور زمین و آسمان کے قلابے ملا دئے مگر افسوس اپنی تمام عمر میں ایک چوہڑہ یا چمار کو بھی مسلمان نہ بنا سکے انا للہ وانا الیہ راجعون۔

## حکایت دوم اختصاراً

## علم غیب پیشگوئی حضرت بایزید بسطامی نسبت پیدائش حضرت ابو الحسن خرقانی رحمۃ اللہ علیہما۔

### از مثنوی مولانا روم علیہ الرحمۃ

### نظم

این طبیبانِ بدن دانشورند
تا ز قاروره همی بینند حال
هم ز نبض و هم ز رنگ و هم ز دم
پس طبیبان الٰہی در جہاں
کالآلاب از دور نامت بشنوند
حال تو دانند یک مو بمو

بر مقام تو ز تو واقف ترند
که بدانی تو ازاں رو اعتدال
بو برند از تو بهرگونه سقم
چوں ندانند از تو بےگفت دہان
تا بقعر تار و پودت در روند
زانکہ ہم ہستند از اسرار ہو

بلکه پیش از زادنِ تو سالها — دیده باشندت بچندین حالها
آن شنیدی داستان بایزید — که ز حال بوالحسن پیشین چه دید
روزے آن سلطان تقوے میگذشت — با مریداں جانبِ صحرا و دشت
بوئے خوش را عاشقانه میکشید — جانِ او از باد باده میچشید
بوئے خوش آمد مرا ورا ناگہاں — در سوادِ رے ز حدِ خارقاں
ہم بدانجا نالۂ مشتاق کرد — بوئے را از باد استنشاق کرد
چوں درو آثار مستی شد پدید — یک مرید اورا در آمد دررسید
پس بپرسیدش که این احوالِ خوش — کز بروں ست از حجاب پنج و شش
گاه سرخ و گه زرد و گه سفید — میشود رویت چه حال است و نوید
میکشی بوئے و ظاہر نیست گل — بیشک از غیب است از گلزار کل
قطرۂ بر ریز برما زاں سبو — شمۂ زانِ گلستاں ما بگو
گفت ایندم بوے یارے میرسد — کاندریں ده شہریارے میرسد
بعد چندیں سال میزاید شہے — میزند بر آسمانہا خرگہے
رویش از گلزار حق گلگوں بود — از من و اندر مقام افزوں بود
چیست نامش گفت نامش بوالحسن — حلیه اش واگفت ز ابرو و ذقن
قد او و رنگ او و شکل او — یک بیک واگفت از گیسو و رو
بر نبشتند آں زماں تاریخ را — از کباب آراستند آں سیخ را
چوں رسید آں وقت آں تاریخ را — زاده شد آں شاه نردِ ملک باخت
از پسِ آں سالہا آمد پدید — بوالحسن بعد وفات بایزید
جملہ خوہائے او ز امساک و جود — آنچناں آمد که آنشہ گفته بود
لوح محفوظ است پیشِ اولیا — از چه محفوظ است محفوظ از خطا
نے نجوم است و نه رمل است و نه خواب — وحیِ حق واللہ اعلم بالصواب

مومنا ینظر بنور الله شدی
از خطا و سہو ایمن آمدی

حضرات!! دیکھئے حضرت بایزید بسطامی علیہ الرحمۃ کی پیشگوئی کی کرامت علم غیب میں (جو حضور سرور عالم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے معجزات میں سے ایک معجزہ ہے) کیسی روز روشن کی طرح فرمائی ہے اور حضرت ابو الحسن خرقانی رحمۃ اللہ کے پیدا ہونے کی خبر انتالیس ۳۹ سال پیشتر دیدی جب کہ آپ کی وفات ہوئی۔ یعنے حضرت بایزید بسطامی علیہ الرحمۃ نے اپنی زندگی میں یہہ پیشگوئی فرمائی اور جب حضرت کا انتقال و وصال ہؤا اُس سے انتالیس سال بعد حضرت ابو الحسن خرقانی علیہ الرحمۃ پیدا ہوئے اور پہلے انکا نام اور حلیہ جائے پیدائش بال بال کا حال اور تاریخ اور وقت فرمادیا تھا۔ مولانا روم علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ کاملان ولی سب کچھ جانتے ہیں کیونکہ لوح محفوظ انکے ہر وقت پیش نظر رہتی ہے۔ پھر غور کیجئے جب ادنےٰ خادمان حضور سرور عالم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یہہ حالت ہے تو حضور کے علم غیب کی کیا حد و غائت ہوسکتی ہے۔ حیف اور صد حیف اُن نام کے مسلمانوں پر ہے جو انکار کرکے بڑی متمردی اور گستاخی سے کہتے ہیں کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیوار کے پیچھے کا بھی حال معلوم نہیں اور شوخ چشمی سے یہہ بھی کہتے ہیں۔ کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے شیطان لعین کو علم زیادہ ہے اور جب کبھی حضور کے علم غیب کی بابت ذکر آتا ہے تو ہنستے اور استہزاء کرتے ہیں بلکہ دریدہ دہنی سے یہ بھی کہتے ہیں کہ جو کوئی حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عالم الغیب ہونے کا اعتقاد رکھے وہ کافر ہے مشرک ہے (العیاذ باللہ۔ گویا قرآن شریف جب پڑھتے ہیں تو

وعلمک[1] مالم تکن تعلم الآیۃ وما ھو علی[2] الغیب بضنین - اور وما کان[3] اللہ لیطلعکم علی الغیب ولکن اللہ یجتبی من رسلہ من یشاء اور ذلک[4] من انباء الغیب نوحیہ الیک الآیہ فاوحی[5] الی عبدہ ما اوحی - اور وتلک[6] من انباء الغیب نوحیھا الیک - وغیرہ آیات کو تلاوت ہی نہیں فرماتے - میں کہتا ہوں نہیں میں نہیں کہتا بلکہ اللہ تعالےٰ اور اُس کا رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں - کہ جو کوئی آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علم غیب پر استہزا کرکے انکار کرے جیسے آجکل ایک فرقہ وہابیہ کر رہا ہے وہ واقعی منافق اور کافر ہے - وہ یہاں تک غلو کرتے ہیں - کہ خدا کا علم غیب دیا ہوا بھی کسی کو ماننا شرک ہے - اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایک بات کا بھی غیب دان جاننا شرک ہے بات یہ ہے کہ علم غیب دو قسم کا ہے ایک حقیقی - دوسرا اضافی - علم حقیقی وہ ہے جو بلا ذریعہ اور واسطہ کے ہو جو خاصہ خدا تعالےٰ کا ہے - جو آیات علم غیب کی نفی میں ہیں وہ اسی علم حقیقی میں ہیں - علم اضافی وہ ہے جو ذریعہ اور واسطہ سے ہو جیسے علم غیب اضافی جو

---

1. اور ہم نے تمکو تمام علوم تعلیم کر دئے ہیں - ۱۲ منہ
2. حضرت محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم علم غیب کے بتہانے میں بخیل نہیں - ۱۲ منہ
3. اللہ تعالےٰ علم غیب پر تمکو مطلع نہیں کرتا - مگر جس کو اللہ پسند کرے رسولوں میں سے ۱۲
4. یہہ غیب کی خبروں میں سے ہے جو ہم آپکی طرف وحی کرتے ہیں ۱۲ +
5. پھر وحی کی اپنے بندہ کی طرف جو کچھ وحی کی - ۱۲ +
6. یہہ غیب کی خبریں جو ہم تمہاری طرف وحی کرتے ہیں ۱۲ +

خداوند تعالیٰ نے اپنے پیغمبران علیہ السلام اور اولیائے کرام کو بخشا ہوا ہے۔ اور ہمارا اہل سنت و جماعت مقلدین اربعہ مذاہب کا ایمان ہے کہ تمام علوم غیب اللہ تعالیٰ نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو عطاء فرما دئے۔ اور یہی قرآن شریف اور احادیث میں درج ہے۔ اس کا انکار کرنا گویا قرآن و احادیث کا انکار کرنا ہے میں یہاں غیب کی بحث کے لئے کھڑا نہیں ہوا ہوں بلکہ عظمت و عزت اور شان رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیان کرنے کے لئے۔ اور جو لوگ کسرِ شان کر رہے ہیں اور اہانت میں سرگرم ہو کر اپنے ایمان کا ستیاناس کر رہے ہیں اونکو ایک آیت شریف کی تفسیر اور شان نزول سناتا ہوں جس سے انکا ہنسی اور استہزا علم غیب پر کرنا اونکو بڑے زور سے اللہ تعالیٰ منافق اور کافر قرار دے رہا ہے دیکھئے سنئے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے

ولئن سئلتھم لیقولن انما کنا نخوض و نلعب ط قل اباللہ و اٰیتہ و رسولہ کنتم تستھزءون ۰ لا تعتذروا قد کفرتم بعد ایمانکم سورۂ توبہ مدنیہ۔ ترجمہ اور اگر تم انسے پوچھو تو بیشک ضرور کہینگے ہم تو یوں ہی ہنسی کھیل کرتے جاتے تھے۔ (اے رسول) آپ اُنکو کہہ دیجئے کہ کیا تم اللہ تعالیٰ اور اس کی آیتوں اور اس کے رسول سے ٹھٹھا کرتے تھے۔ بس بہانے مت بناؤ تم ایمان لانے کے بعد کافر ہو چکے (مرتد) اس آیت شریف کی تفسیر میں ابن ابی شیبہ و ابن جریر و ابن منذر ابن ابی حاتم و ابو الشیخ امام مجاہد تلمیذ خاص حضرت سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم سے روایت فرماتے ہیں انہ قال فی قولہ تعالیٰ ولئن سئلتھم لیقولن انما کنا نخوض و نلعب ہ قال رجل من المنافقین یحدثنا محمد ان ناقۃ فلان

لوادی کذا و کذا و ما یدریہ بالغیب - یعنی کسی شخص کی اونٹنی گم ہو گئی اور اس کی تلاش تھی رسول اللہ صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا کہ اونٹنی فلان شخص کی فلان جنگل میں فلان جگہ پر ہے - اسپر ایک منافق بولا کہ محمد (صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم) بتاتے ہیں کہ اونٹنی فلان فلان جگہ و جنگل میں ہے **وہ غیب کی بات کیا جانیں** اسپر اللہ تعالے نے یہ آیت شریف نازل فرمائی کہ اللہ اور اس کے رسول سے ٹھٹھا کرتے ہیں منافق لوگ - بہانے مت بناؤ تم مسلمان ہلا کر اس لفظ **محمد** صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم **غیب کی بات کیا جانیں کے کہنے سے کافر ہو گئے** (یہی بات حال کے منافق کہتے ہیں - دیکھو تفسیر امام ابن جریر علیہ الرحمۃ مطبوعہ مصر جلد دہم صفحہ ۱۰۵ اور تفسیر درمنثور امام جلال الدین سیوطی علیہ الرحمۃ جلد سوم صفحہ ۲۵۴ -

مفصل بحث علم غیب کی میری کتاب **انوار آفتاب صداقت** ۱۳۳۸ میں ہے جو قریب الاختتام ہے درج ہے یعنے علم غیب رسول اکرم صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم کا آیات و احادیث میں آفتاب کی طرح روشن ہے جب کہ ادنے خادمان اولیاء کرام صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم کے روبرو سے لوح محفوظ ہر وقت پیش نظر رہتی ہے جہاں سب کچھ علوم ما کان و ما سیکون کے لکھے ہوئے موجود ہیں - اور خود لوح محفوظ کا علم حضور سرور عالم صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم کے علموں میں سے ایک شمہ ہے جیسے حضرت شرف الدین بن محمد بوصیری علیہ الرحمۃ اپنے قصیدہ بردہ میں فرماتے ہیں -

فان من جودک الدنیا و ضرتہا + و من علومک علم اللوح و القلم

یعنی تحقیق دنیا اور آخرت آپ کے بحر عطا سے ایک قطرہ کے برابر ہے اور لوح و قلم کا علم آپ کے علموں میں سے ایک شمہ ہے - **بیت**

| | |
|---|---|
| فیضِ ام الکتاب پروردشش | لقب اُمّی ازاں خدا کردشش |
| لوح تعلیم نہ گرفتہ بہر | ہمہ ز اسرار لوح دادہ خبر |
| برخط اوست انس وجاں راسر | گر نخواندست خط ازاں چہ خطر |

## دیگر

| | |
|---|---|
| نہ مکتب میں گیا وہ سرو آزاد | معلم کی رہا منت سے آزاد |
| زہے علم وزہے عقل زہے فر | تعالیٰ شانہٗ اللہ اکبر |
| وہ اُمّی عالم علم لدنی | یعنی عالم اور ظاہر میں اُمّی |
| ہے علام الغیوب اسکا معلم | وہ آپ عالم کے عالم کا معلم |

حضرات! غور فرمائیے کہ اللہ تعالیٰ علام الغیوب جن کا اُستاد ہو اور خود فرمائے وعلمك مالم تكن تعلم۔ اور خلق الانسانٗ علمہ البیان۔ انکے علوم کا کیا حد اور ٹھکانا ہے۔ شاگرد کی علمیت و فضیلت اوستاد کیلئے فخر ہوا کرتا ہے اور اُستاد اپنے پیارے شاگرد سے کچھ چھپا کر نہیں رکھا کرتا۔ یہاں ہمارے اخیافی اسبات کا فخر کیا کرتے ہیں کہ ہمنے شیخ الکل سے پڑھا ہے۔ ہم نے فلاں فلاں کل۔ اور فاضل دہر سے علم حاصل کیا ہے۔ مگر حضور سرور عالم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھیئے کہ خود خداوند تعالیٰ سے علم اور تمام علوم ماکان و ما سیکون کے پڑھے۔ اسیواسطے حضور نے فرمایا ہے علمت علوم الاولین والاخرین۔ پھر جو کوئی آپکے علم سے انکار کرے یا شک لائے یا استہزاءً گفتگو کرے وہ واقعی بلاشبہ کافر ہے۔

حضرات یاایہا الاخوان! میں عرض کرتا ہوں کہ ان حدوان رسول صلے اللہ علیہ وسلم کی کوئی بات نہ سنیں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم

کی مدح اور ثنا جس قدر تم سے ہو سکے زور سے کئے جاؤ۔ اون لوگوں کے حصّہ میں نصیب میں قسمت میں بدقسمتی سے توہین اور اہانت رسول اکرم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم آئی ہے۔ اور خدا کے فضل وکرم سے ہمارے حصّہ اور نصیب اور قسمت میں تعظیم وتکریم اور توقیر خطیر آئی ہے الحمد للہ علےٰ ذلک۔

پس میں کہتا ہوں کہ رسول اکرم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعظیم وتکریم میں بموجب حکم خداوندی تعزّروہ وتوقّروہ کے جان قربان کریں مال قربان کریں سواء تعریف اور کوئی کلمہ ہماری زبان سے دل سے نہ نکلے۔ اور یہہ بھی کہ اسبات کا خیال رکھکر کہ حضور سرور عالم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خدا نہ کہا جائے۔ باقی تمام اوصاف جو چاہیں بیان کریں سب جائز ہے۔ جیسے کہ حضرت بوصیری علیہ الرحمۃ قصیدہ بردہ میں فرماتے ہیں

(۱) دع ما ادعتہ النصارٰی فی نبیھم ۔ فاحکم بما شئت مدحاً فیہ واحتکم

(۲) وانسب الیٰ ذاتہ ما شئت من شرف ۔ وانسب الیٰ قدرہ ما شئت من عظم

(۳) فان فضل رسول اللہ لیس لہ ۔ حدٌ فیعرب عنہ ناطق بفم

ترجمہ (۱) یعنے نصارے جو اپنے نبیؑ کے حق میں دعوے کرتے ہیں اُسکو چھوڑدے باقی جو تیرا جی چاہے حضور کی تعریف میں بیان کر اور خوب زور سے دل کھول کر بیان کر +

(۲) حضور سرور عالم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات مقدس کی طرف جس کمال اور بزرگی کو تم چاہو اور رتبہ اور قدر بالا کی طرف جس بزرگی اور علو شان کو تم چاہو نسبت دو +

(۳) کیونکہ حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بزرگی اور علو شان کی کوئی حد ہی نہیں جسکو کوئی بیان کرنے والا اپنی زبان سے ادا کر سکے +

پس میں پھر عرض کرتا ہوں کہ تعظیم و تکریم رسول اکرم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جس کی حد ہی نہیں جس قدر مسلمان دیندار سے ہو سکے نہایت شوق اور ذوق سے کرے کسی عُذر رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بابت نہ سنے خواہ کوئی کیسے ہی جبّہ اور قبہ اور عمامہ پہنے بھوئے دراز ریش پیشانی پر گٹا رکھتا ہو۔ بقول شخصے

کیا زمانہ یہ آگیا اُلٹا ✤ ڈاہریاں سیدھی عقیدۂ اُلٹا

اور اس اظہار تعظیم و تکریم و سرور و حبور حضور پر نور صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے محافل موالید شریف نہایت موزون مبارک و میمون ہیں جس کے لئے زمانہ کے حالات پر غور فرما کر بعض علما نے **فرض کفایہ** کا فتوٰے دیا ہے۔ ہر گھر میں ہمیشہ یہ محفل ہونی چاہیئے اور اس ماہ مبارک (ربیع الاول) میں بالضرور اس کا اہتمام ہونا چاہیئے۔ اور دشمنانِ رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پرواہ نہیں کرنی چاہیئے۔ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ رسول اکرم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہی خاطر تمام دنیا و مافیہا کا ظہور اور اس کے نور سے سب کا ظہور ہے۔ انکے برابر نہ تو کوئی ہوا۔ اور نہ کوئی ہو گا۔

ظہور نورِ احمد سے ہوا کون و مکاں پیدا
کہاں عالم میں احمد سا ہوا عالی مکاں پیدا
ہوئی ظلمت نہاں یکسر فروغ نورِ احمد سے
بنایا عرش خالق نے انہیں کے نور انور سے
رسول پاک کے باعث شبہ لولاک کے باعث
نہ کوئی عرش سے تا فرش تجھ سا نہ ہو دیگا

ملک پیدا فلک پیدا زمیں پیدا زماں پیدا
ہوئے ہیں جس کے باعث سے زمین و آسماں پیدا
ہوئے انجم عیاں ساری ہوئے سب آسماں پیدا
ہوئے لوح و قلم ظاہر ہوئے کروبیاں پیدا
ہوئے دو نو جہاں پیدا ہوئے سب انس و جاں پیدا
نہ نوری میں نہاں پیدا نہ خاکی میں یہاں پیدا

## دیگر

یارسول اللہ حبیبِ خالقِ یکتا توئی
برگزیدہ ذوالجلال پاک بے ہمتا توئی

نازنین حضرتِ حق صدر و بدرِ کائنات
نورِ چشمِ انبیا و چشم و چراغِ ما توئی

در شبِ معراج بودے جبرائیل اندر رکاب
پا نہادہ بر سرِ گنبدِ خضرا توئی

یارسول اللہ تو دانی اُمتانت عاجزاند
عاجزاں را رہنما و جملہ را ماوا توئی

شمس تبریزی چہ دم در نعتِ والاکت زند
مصطفےٰ و مجتبےٰ و سیدِ اعلےٰ توئی

## مژدہ یا خوشخبری

بشریٰ لنا یا معشر الاسلام ان لنا
من العنایۃ رکنا غیر منھدم

ترجمہ: اے مسلمانو! یہ مژدہ خاص ہمارے لئے ہے کہ خدا کے فضل سے حضور سرورِ عالم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے لئے ایک ایسا ستون ہے جو کبھی لغزش کرنے یا ہمارے سے جدا ہونیوالا نہیں ہے بلکہ ہمیشہ کے لئے (حیاتُ النبی) مستحکم اور مضبوط ہے۔ (قصیدہ بردہ)

## نظم

ہمارے واسطے مژدہ ہے اے مسلمانو
ہمارے واسطے رکن کرم ہے مستحکم

اگرچہ ہول ہے محشر کا اور دوزخ کا
یہ آسرا ہے ہمارا قوی نہیں کچھ غم

اگرچہ غرق ہیں ہم بحر معصیت میں لیک
طفیل حضرتِ خیر البشر نبیِ امم

خدا کے فضل سے ہوگا ہمارا بیڑا پار
رہینگے جنتِ ماویٰ میں ہم خوش و خرم

## درود سلام

اے خدا سب دم درود سلام
اپنے پیارے نبیؐ پہ بھیج مدام

کچھ خدا کے سوا نہ تھا موجود
تب سے ہے نورِ مصطفےؐ موجود

پہلے پیدا خدا نے اُن کو کیا
سب سے اعلےٰ خدا نے انکو کیا

خلق اُنسے نہیں کوئی اوّل
اوّلوں سے بھی ہیں وہی اوّل

کل زمانہ ہے مصطفےؐ کے بعد
سب سے افضل ہیں وہ خدا کے بعد

اِس نبیؐ پر ہوں بار بار سلام
پہنچیں ہر پل میں سو ہزار سلام

لیجئے حضرات! اب میں آپ صاحبان سے رخصت ہوتا ہوں اور دُعا کرتا ہوں ۔

## دُعا

اے اللہ تعالےٰ تو اپنے فضل سے بطفیل حضرت محمد مصطفےٰ اور احمد مجتبےٰ شفیع المذنبین خطیب المرسلین صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم سب مسلمانوں کو خواہ وہ مشرق میں ہوں یا مغرب میں شمال میں ہوں یا جنوب میں اپنے حبیب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت اور دلوں میں عظمت عطا فرما ۔ اور بالخصوص بانئے جلسہ اور تمام حاضرین جو محض محبت دینی کیوجہ سے بغرض حصول ثواب تشریف لائے ہوئے ہیں اُنکے مقاصد دینی اور دُنیاوی اور تمام مرادیں نلی پوری کر اور اس انجمن کو روز افزوں ترقی بخش تاکہ اسمیں سے علمائے حقانی تعلیم پا کر مسلمانوں کی ہدایت کا باعث ہوں اور تمام فرق باطلہ کی صحبت

سے بچا اور گستاخیوں اور بے ادبیوں سے ہم کو دور رکھ۔ اور اس
رباعی پر ہمارا عمل درآمد ہو۔ رباعی

بندۂ پروردگارم اُمتِ احمد نبی + دوستدارِ جملہ یاراں تا باولادِ علی
مذہبِ حنفیہ دارم ملتِ حضرت خلیل + خاکپائے غوثِ اعظم زیرِ سایہ ہر ولی

اور یارب دلِ ما رو بہدایت بادا + دور از روشِ اہلِ ضلالت بادا
یارب ہمگی زیستن و مُردنِ ما + بر مذہبِ اہلِ سنت و جماعت بادا

اے پروردگار عالم ہم کو آفات ارضی و سماوی سے محفوظ رکھ ہمارے دلوں کو خیانت نفس اور غرور اور نخوت اور تکبر سے امن میں رکھ اور بادشاہ وقت کی بغاوت اور غداری سے دور رکھ اور ہماری اولادوں کو نیک کر اور جاں کنی کے وقت کلمہ طیبہ ہماری زبانوں پر جاری کر اور خاتمہ بالخیر فرما۔ اور بہ طفیل حضور صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارا حشر نیکوں میں کر۔ اور ربنا لا تزغ قلوبنا بعد اذ ھدیتنا وھب لنا من لدنک رحمۃ انک انت الوھاب وصلی اللہ علی خیر خلقہ محمد و آلہ واصحابہ واھلبیتہ وازواجہ وذریتہ و اتباعہ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین۔ امین

ثم امین

راقم خاکسار

فقیر قاضی فضل احمد سُنی حنفی نقشبندی مجددی صادقی

کورٹ انسپکٹر پولیس پنشنر لودھیانہ۔ محررہ ۱۹۔ صفر ۱۳۴۳ھ

حال لاہور۔ ۵۔ ربیع الاول ۱۳۴۳ھ تاریخ بیان انشاء اللہ تعالےٰ

بخدمت جناب والاشان سکریٹری انجمن نعمانیہ ہند لاہور

نہ تھا۔ اگر اس کو مانتے ہیں تو اونکو ماننا پڑیگا کہ آپ نور تھے اور نور کا سایہ نہیں ہوتا۔ علاوہ ازیں قرآن کریم میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو سراج منیر کہا گیا ہے جو اس بات کا قطعی ثبوت ہے کہ آپ سراسر نور تھے۔ اگر مولوی صاحب کو حدیث و قرآن سے انکار ہو تو علیحدہ بات ہے ورنہ اُن کو تسلیم کرنا پڑے گا۔ کو ہمارے سیّد و مولےٰ حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نور تھے۔ اور آپ ہی باعث ایجاد عالم ہیں۔ پھر یہ مضمون کہ آپ خدا کے نور سے ہیں اور تمام مخلوق آپ کے نور سے ہے بالکل صحیح ہوگا۔ اور احادیث صحیحہ سے ثابت ہے کہ اگرچہ آپ کا وجود سب انبیاء سے آخر ہے لیکن آپ کا نور سب سے اول موجود تھا۔ جیسا کہ ترمذی کی حدیث ہے۔ عن ابی ھریرۃ قال قالوا یا رسول اللہ متی وجبت لك النبوۃ قال و آدم بین الروح والجسد (مشکوۃ ص۲۲۴) اس حدیث سے ثابت ہے کہ آپ اُس وقت بھی نبیؐ تھے جب آدم علیہ السلام کا وجود بین الروح والجسد تھا۔ یعنی اس کی تخلیق کامل نہ ہوئی تھی اگر آپ نور نہیں ہیں۔ تو آدم کے وجود سے پہلے آپ کیونکر نبیؐ تھے۔ رہا یہ کہ حدیث انا من نور اللہ والخلق کلھم من نوری کس کتاب میں ہے سو حدیث کی تمام کتابیں کسی کے پاس موجود نہیں ہیں۔ تاکہ اس کا پتہ دیا جاوے۔ ہاں مضمون اس کا صحیح ہے۔ جیسا کہ اوپر بیان کر دیا گیا ہے۔ والسلام

محمد کرم الدین عفا عنہ از بھیں تحصیل چکوال
ضلع جہلم۔

جناب مولوی صاحب۔ آپ کے فتوے کا حرف حرف غلط ہے کس
کس حرف کی درستی یا اصلاح کی جاوے۔ سوال یہہ ہے کہ
سیدنا حضرت رسول اکرم خدا کے نور سے ہیں یا نہ۔ آپ فرماتے
ہیں جب ہر ایک شے خدا کے نور سے ہے تو رسول اللہ کیوں نہیں
مولوی صاحب جب ہر ایک چیز خدا کے نور سے ہے مثلاً چمار
سکھ۔ بھنگی۔ ہندو۔ کتا۔ بلا نعقو خیرہ تو حضرت
رسول اللہ اس گندہ ساجھ کھاتہ میں شریک ہونا نہیں چاہیے
یہہ عقیدہ آپ کو مبارک رہے۔ اللہ تعالےٰ بے شک آسمان زمین
کا نور ہے باقی ہر شے کتے بلے درندہ پرندہ یا موذی حیوانات
کس طرح نور ہو گئے سبحان اللہ کیا جواب ہے۔ خدا خیر ایسا علم
مبارک آپنے کس مقدس معلم یا مدرسہ میں سے پڑھا ہے۔ آپ
مدعی ہیں کہ آپ خدا کے نور سے ہیں اس مضمون کی صاف حرفوں
میں کوئی آیت یا حدیث یا قول فقہا پیش کریں یا پتہ دیویں
کہ حدیث انا من نور اللہ والخلق کلھم من نوری۔
کس کتاب میں ہے زیادہ طویل طویل تقریریں یا الٹ پلٹ
غلط قیاسات سے کچھ فائدہ نہیں جاہلوں کو سنانا۔ یا پھر کسی
موقعہ یہہ غلط معنے کام آویں گے آپکا سایہ ہونا نہ ہونا الگ
بات ہے آپ کا خدا کے نور سے ہونا الگ بات ہے جن چیزوں کا
سایہ نہیں کیا وہ سب خدا کے نور سے ہیں مثلاً ہوا۔ جن۔ بھوت
تمام علمائے کا دین ایمان ہے کہ آں رسول اللہ صلعم کا جسم
خاکی تھا۔ اگر یقین نہہ تو گواہوں کی گواہی سن لو۔ گواہی

خداوند عالم رب العلمین قل انما انا بشر مثلکم یوحی الیّ
۱ پارہ سورۂ کہف کی آخری آیت۔ حضرت رسول کی اپنی گواہی
انما انا عبد اللہ ورسولہ۔ مشکوۃ باب الفخر والعصبیہ ص
امام اعظم صاحب کی گواہی نبیہ وعبدہ فقہ اکبر ص
اگر یہ گواہ منظور ہوویں تو بہتر ورنہ جواب سے اطلاع دینا۔
ضرور مہربانی ہوگی تاکید ہے۔
مسئلہ مولوی صاحب قرآن حدیث سے بندہ کو انکار ہے یا آپکو
ذرا انصاف سے کہنا۔ منصف مزاج کو اشارہ کافی ہے۔ آئندہ
مالک ہو۔ اگر کچھ لکھا ہووے تو بیشک تحریر کریں۔ اگر آپ سے یہ
مسئلہ حل نہ ہو سکے تو کسی عالم سے امداد لے لینا۔ زیادہ والسلام

دعاگو نیاز مند

محمد فاضل امام مسجد چک ۲۸۷ شمالی گوگیرہ براننچ ڈاکخانہ
چک ۲۵۵ براستہ تحصیل ٹوبہ ٹیک سنگھ ضلع لائل پور ۲۸ء
مہر (محمد فاضل)

باسمہ تعالےٰ

مولوی صاحب۔ السلام علیکم۔ آپکی تحریر جس کو ایک ہندو کی تحریر کہا
جائے تو بجا ہے مسلمان کی تحریریں جو مسلمان کی طرف ہو پہلے خدا کا نام
ہوتا ہے۔ پھر دعا، سلام۔ لیکن مولوی محمد فاضل کی تحریر ان باتوں سے
پاک ہے۔ یا للعجب۔
مولوی صاحب میرے دلائل کا تو کیا جواب دیتے اولٹی سیدھی سنانے
لگے ہیں۔ پھر حضور انور صلے اللہ علیہ وسلم کے نور پاک کے متعلق جو تشبیہ

بیان کی گئی ہے اس سے ایک مسلمان کی روح لرزتی ہے۔ ایسے مولویوں سے الاماں۔ آپ کہتے ہیں کہ جب ہر ایک چیز خدا کے نور سے ہے۔ تو چمار۔ سکھ۔ بھنگی وغیرہ بھی نور ٹھیرے حضرت رسول اللہ اس ساجھ کھاتہ میں شریک ہونا نہیں چاہتے۔ مولوی صاحب اپنی اس دلیل پر اپنے جامہ میں پھولے نہ سماتے ہوں گے۔ لیکن آپ کی یہہ منطق "بہ پشیزے نیرزد" کی مصداق ہے۔ مولوی صاحب ذرا غور کیجئیگا۔ مولوی محمد فاضل صاحب کے جسم میں بھی جان ہے اور کتا۔ گیدڑ وغیرہ میں بھی جان ہے۔ کیا اس وجہ سے مولوی محمد فاضل صاحب اس ساجھ کھاتا میں تو شریک نہ ہو جائینگے۔ واہ چہ خوش۔

آپ نے میرے دلائل قرآن و حدیث کا کوئی جواب نہ دیا۔ اور کیا دیں بقول شخصے "نہ لکھے نہ پڑھے نام محمد فاضل"۔ آپ کا مبلغ علم معلوم ہو گیا ہے۔ ؎ اے ترک من متاز کہ ترکی تمام شد۔

آپ نے اس بات کی دلیل کا کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا سایہ نہ تھا یہہ جواب دیا ہے کہ ہوا اور جن بھوت کا بھی سایہ نہیں۔ مولوی صاحب ہوا جن بھوت مرئی نہیں ملیکن حضور پُرنور کا وجود اطہر مرئی تھا۔ کسی ایسی چیز کی مثال دی ہوتی جو مرئی بھی ہو اور سایہ نہ رکھتی ہو۔ آپ تو فرماتے ہیں کہ آپ کا جسم خاکی تھا پھر سایہ کیوں نہ تھا۔ کچھ ہوش کی بات کیجئے۔ آپ کہتے ہیں کہ آپ بشر تھے عبد تھے۔ پھر جسم خاکی کیوں نہ مانا جاوے۔

مولوی صاحب میری اور آپ کی بشریت اور حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کی بشریت ایک نہ تھی ؎ کار پاکاں را قیاس از خود مگیر۔ آپ کے وجود اطہر کا سایہ نہ تھا۔ کیا آپ کا وجود بھی بے سایہ ہو سکتا ہے

آپ جیسے آگے سے دیکھتے تھے پیچھے سے بھی دیکھتے تھے۔ کیا آپ میں بھی یہ سکت ہے۔ آپکا وجود مبارک ایک آن کے آن میں فلک الافلاک سے گذر کر اُس مقام پر پہنچا جہاں نوری فرشتوں کے بھی پر جلتے ہیں۔ آپ ذرہ دو گز تو اونچے پھاند کر دکھائیں۔

مولوی صاحب اگر آپ نور نہ ہوتے تو آسمانوں سے نہیں عرش معلے سے بھی اوپر کس طرح جا سکتے تھے۔ کیا آپ معراج نبوی کے بھی قائل ہیں یا نہ۔ الغرض ایک راسخ الایمان مسلمان کو تو حضور صلے اللہ علیہ وسلم کے نور ہونے میں ہرگز کلام نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ جیسا قرآن میں حق سبحانہ و تعالے نے سورج کو جس کو آپ سراسر نور مانتے ہوں گے۔ بھی سراج وہاج فرمایا ہے ویسا ہی حضور پر نور کو بھی سراج منیر سے تعبیر کیا گیا ہے۔ پھر ماننا پڑیگا کہ آپ بھی نور علے نور ہیں۔ کیا آپ نے میری پیش کردہ حدیث مشکوٰۃ صـــ ۴۲۳ کا بھی کوئی جواب دیا ہے۔ اُس کو تو آپ بالکل ہی کھا گئے۔ مجھے تو خدا کے فضل سے کسی مولوی سے امداد لینے کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ جیسے کئی ...... میرے نام سے ڈرتے ہیں۔ ہاں آپ کو اجازت ہے جس مولوی کو چاہیں ساتھ ملا کر میرے دلائل کو توڑیں۔ اور جو کچھ لکھیں ذرہ سنبھل کر لکھا کریں۔ کہیں اپنے اسلام کو بھی نہ گنوا بیٹھیں۔ والسلام۔

خاکسار

راقم

محمد کرم الدین عفا عنہ از بھیں۔ چکوال۔ ۱۲۔ مارچ سنہ ۱۹۲۰ء

---

مشفقی ام مکرم بندہ مولوی کرم الدین صاحب سلمہ ربہٗ

بعد السلام علیکم آنکہ آپ کا جواب الجواب ۳۰۔ مارچ سنہ ۱۹۲۰ء پہنچا۔

ہر ایک کلمہ بلکہ حرف حرف سے لیاقت اور تہذیب درخشاں ہے مولوی
صاحب آجکل ایسا نازک زمانہ بے انصافی وطوفان بے تمیزی کا آگیا
ہے کہ ہندؤں کو مسلمان بھی ہندو نظر آئے کیوں نہو کل مرء
یقیس علیٰ نفسہ - آپ کا یہ جملہ کہ جب ہر شئے خدا کے نور سے ہے -
میرے ذمے لگانے ہو یہ مبارک الفاظ آپ کے ہیں - اس کا نام انصاف
یا دیانتداری نہیں - ومَن یکسب خطیئۃ او اثماً ثم یرم بہ
بریئاً الےٰ آخرہ پارہ ۵ سورہ نساء اپنے حق میں لگالو -
آپ فرماتے ہیں کہ مولوی محمد فاضل کے جسم میں جان ہے اور کُتا اور
گیدڑ میں بھی جان ہے کیا اس وجہ سے مولوی محمد فاضل اس ساجھ کھانا
میں شریک تو نہو جائیں گے -
مولوی صاحب زبان کو روکو تہذیب سے کام لو - میں اس مشترکہ
کھانا میں شریک ہونا نہیں چاہتا میری جان مدرکہ متمیزہ ذی شعور
ہے آپ یا دیگر حیوانات کی طرح نہیں جو بما لا یسمع ولا یبصر
کے مصداق ہیں - اللہ نور السمٰوات یا حدیث مندرجۂ مشکوۃ
صـ۲۳۲ کے یہ معنے نہیں کہ آنحضرتؐ کا نور خدا کے نور سے ہے - جن
حضرات کو خالی دعوٰے دلیل کی مطابقت کا بھی پتہ نہ ہو - اور
جعلوا ولٰئک کالانعام بل ھم اضل یا انظر کیف یفترون
علی اللہ الکذب میں داخل ہوں - یا عقائد باطلہ مثل جعلوا
لہ من عبادہ جزءا میں مبتلا ہوں وہ کیا کچھ علمی مقابلہ کر سکتے
ہیں ع وہ طفل کیا گرے گا جو گھٹنوں کے بل چلے -
آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم سایہ نہ تھا - یہ آیت یا حدیث
یا کس چیز کا ترجمہ ہے ... وہ کیا کہتے ہیں

رادی کیسا ہے۔ سایہ آنحضور کا شروع ولادت سے نہ تھا یا بعد پیغمبر ہونے کے۔ آپ فرماتے ہیں کہ میری اور آپ کی بشریت اور رسول اللہ کی بشریت ایک نہ تھی۔ مولوی صاحب اللہ فرماتا ہے۔ قل انما انا بشر مثلکم۔ واللہ یقول کذا وانت تقول کذا۔ کہیں اس تعصب میں دین وایمان نہ گنوا بیٹھنا۔ تین گواہ متعلق جسم خاکی آنحضرتؐ پیش کئے ہیں منظور ہیں یا نہ اگر منظور نہیں تو چندیوم پاگل خانہ کی سیر کرو۔ اور اپنا دماغ درست کراؤ۔ ایک گواہ چہارم بھی پیش کرتا ہوں اس کی گواہی سنو۔ فالقدیم لا یکون اصلا ومادۃ للحادث لان القدیم فرد واحد لا یتجزی ولا یتبعض ولا ینفصل منہ شیٔ ھذا ھو معتقد جمیع اھل الاسلام ومن اعتقد خلافہ فھو کافر مجاھر ملحد زندیق عند اھل الاسلام۔ فتاوی عبدالحی جلد ثانی صفحہ ۱۶ والذات الالھیۃ لیست مادۃ للذات النبویۃ وکیف یجوز ان یکون القدیم مادۃ للحادث فتاوی عبدالحی جلد ثانی صفحہ ۱۲

آپ پہلے پرچہ کی سطر ۹ میں فرماتے ہیں آپ خدا کے نور سے ہیں اور تمام مخلوقات آپ کے نور سے ہے بالکل صحیح ہوگیا۔ نہیں دوست بالکل غلط ہوگیا۔ کل ذلک کذب مفتری باتفاق اھل العلم بحدیثہ آثار مرفوعہ فی اخبار موضوعہ صفحہ ۱۷ / ۲۷۳ – ھذا سفسطۃ من القول فان ذات متعزۃ تبارک وتعالی من ان تکون مادۃ لغیرہ آثار مرفوعہ فی اخبار موضوعہ صفحہ ۲۷۳ – حضرت رسول اللہ کی ماہیت میں نور کا کونسا واسطہ ہے

اور واسطہ کی چند قسمیں ہیں یا آپ کی ماہیت میں نور بشرط شے ہے یا بشرط
لا شے یا لا بشرط شے - آپ فرماتے ہیں آپ جیسے میرے نام سے کئی ڈرتے
ہیں.. مکرم بندہ ہر ایک شخص خصوصًا آپ جیسے بدزبان آدمی گندہ
دہان سے ہمیشہ ڈر مانتے رہو - آپ کے مبارک الفاظ تہذیب
سے بھرے ہوئے ہیں اس جگہ پڑھ کر ڈر رہا ہوں - میں آپ کو باواز
بلند میدان میں بلا کر للکارتا ہوں اور پوچھتا ہوں - کہ
اگر آنحضور کی گواہی منظور ہے یا نہ - رسول اللہ کی ماہیت
میں نور بشرط شے ہے یا لا بشرط یا کس طرح - یا نور
کا کونسا واسطہ ہے - مولوی عبد الحی صاحب گواہ چہارم
کی گواہی مندرجہ فتاوی و آثار مرفوعہ منظور ہے یا نہ -
مشہور ہے رسول اللہ کا سایہ ہونا کسی معتبر کتاب میں ہے
شروع پیدائش سے نہ تھا - یا بعد میں - رسول اللہ عرش
کے اوپر گئے ہیں کیا ثبوت ہے کیا یہ جو آجکل لوگ ہوائی جہاز
میں پرواز کر رہے ہیں تمام نوری ہو جائیں گے - آپ فرماتے
ہیں چونکہ رسول اللہ کو سراج منیر کہا گیا ہے اسواسطے نوری
ہیں - اس قیاس پر ان آیتوں کا کیا معنے ہے - والزبر و
الکتاب المنیر - آل عمران - یہدی اللہ لنورہ - نور
اخرج قومك من الظلمات الى النور سورۃ ابراهیم
معجزے کئے خاکی یا حادث ہو تو نتیجہ قدیم یا نوری ہوگا
یا ہوگا - خدا کا نور اپنے وطن سے نکالا جاوے یا شادیاں کرے
یا کفار سے جنگ کرے اور دانت شہید ہوں اور غاروں میں
پوشیدہ رہے کیا یہ باتیں شایان شان نور خداوندی ہیں؟

فذلک عشرۃ کاملہ۔ مگر یاد رکھو نہ خنجر اُٹھیگا نہ تلوار تم سے۔ یہ بازو مرے آزمائے ہوئے ہیں۔ اب تو کرتا ہوں الوداع یار کو اَے ذوق۔ پھر ملیں گے اگر خدا نے ملایا۔ زیادہ والسلام۔

احقر العباد محمد فاضل امام مسجد چک ۲۸۲
گوگیرہ برانچ۔ ڈاکخانہ چک ۲۵۲ براستہ
تحصیل ٹوبہ ٹیک سنگھ ضلع لائل پور۔ ۲۲-۴

---

باسمہٖ تعالےٰ

مکرمی مولوی محمد فاضل صاحب سلمہٗ اللہ تعالےٰ

السلام علیکم۔ آپکی تحریر مرقومہ یکم اپریل پہنچی۔ جواب میں توقف اسوجہ سے ہوا۔ کہ پہلے تو ہمارا جہلم میں سالانہ جلسہ تھا۔ پھر میرپور میں آپکے شیر پنجاب مولوی ثناء اللہ صاحب امرتسری سے میرا مناظرہ ہوا۔ جس میں شیر پنجاب کو ہزیمت ہوئی کہ آپکے تمام پیر بھائیوں میں ماتم برپا ہے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ غالباً آپ اخبارات میں مضمون پڑھ چکے ہوں گے۔ اس زک کے اُٹھانے کے بعد آپ کا فرقہ ہم سے مخاطب ہونے کا حقدار نہیں ہے۔ لیکن آپ کا مراسلہ پہلے کا ہے اسلئے مختصراً جواب عرض ہے۔

(۱) آپ نے ذات گرامی نبی علیہ السلام کو آیت اللہ نور السموات والارض کے جواب میں جھنگی۔ چمار سے تشبیہ دی جس کے جواب الجواب

میں مولوی محمد فاضل کتا گیدڑ کی طرح جاندار ہونے میں اشتراک کی طرف توجہ دلائی گئی تو آپ اس کو خلاف تہذیب قرار دیتے ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ میری جان مدرکہ۔ متمیزہ ذی شعور ہے۔ اسلئے اس سانجھ کھاتہ میں شریک نہیں ہوں۔ تو پھر حضور علیہ السلام کی ذات اقدس چونکہ نور علی نور ہے اور عقل و ادراک کا مجسمہ تو پھر آپ ایسی مثال وہاں کیوں پیش کرتے ہیں۔

(۲) حضور علیہ السلام کا سایہ نہ تھا۔ اس کی آپ دلیل مانگتے ہیں لیکن پہلے حصہ میں آپ اس کو تسلیم کرکے ہوا کی مثال پیش کرچکے ہیں تسلیم کے بعد دلیل طلب کرنا جہالت ہے۔

(۳) بشریت میں مشارکہ آپ کا قول بعینہ کفار کا قول ہے جو رسولوں کو کہا کرتے تھے۔ ما انتم الا بشر مثلنا۔ کیا کفار کی تقلید کیوجہ سے دین وایمان آپ گنوا رہے ہیں یا ہم۔ یہی قول کفار کا نوح علیہ السلام کے متعلق تھا۔ فقال الملاء الذین کفروا من قومہ ما نرٰک الا بشرا مثلنا۔ اور یہی قول فرعون اور اسکی قوم کا موسے وہارون کی نسبت تھا۔ وقالوا انؤمن لبشرین مثلنا

(۴) القدیم لایکون اصلا ومادۃ للحادث۔ اسکو مانحن فیہ سے کیا تعلق۔ خلل دماغ کا علاج کرائیے۔ ایسا نہ ہو کہ پاگل خانہ بھیجے جائیں۔ کیا آپ اللہ تعالے کو علۃ العلل اور اصل ہرشئے نہیں کہتے۔ پھر کیا آپ کافر یا زندیق ہوں گے۔

(۵) آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ کا نور ہونا۔ بشرط شئے یا لابشرط شئے یا بشرط لاشئے کی بحث کا بیان کوئی تعلق نہیں۔ ہاں آپ پوچھتے ہیں۔ تو ہم اس کو قسم اول میں داخل کرتے ہیں۔ فرمائیے کیا اعتراض ہے

(۶) بد زبان آدمی سے ڈرتا ہوں۔ دیکھنے والے دیکھ سکتے ہیں کہ بد تہذیبی کے الفاظ کی ابتدا کس طرف سے ہے۔ یہ آپ کی مہربانی ہے۔ والبادی اظلم۔ آیہ لایحب اللہ الجہر بالسوء الا من ظلم کی طرف توجہ کریں۔

(۷) رسول اللہ عرش کے اوپر گئے ہیں۔ کیا ثبوت ہے۔ حضور علیہ السلام کے معراج بجسمہ الاطہر پر مسلمانوں کا اجماع ہے۔ نصوص قرآن و حدیث اسپر شاہد عدل ہیں۔ میرے خیال میں غیر مقلدین بھی اس سے منکر نہیں البتہ میرزائی اس کے قائل نہیں۔ کیا آپ میرزاجی کی امت میں داخل ہیں۔ یا غیر مقلد۔ پہلے صاف طور پر بتلایئے پھر جواب مفصل لیجئے۔

(۸) ہوائی جہاز کے ذریعہ انسان ضعیف البنیان تو انسان کو ہوا پر اُڑا سکتا ہے۔ تو کیا خدائے قدیر کی قدرت سے آپ مستحیل سمجھتے ہیں کہ وہ ایک نوری جسم کو عرش معلے تک لے جائے۔

(۹) سراج منیر کے متعلق جو اعتراضات پیش کئے ہیں۔ اُنکی تشریح کرو۔ آیات پیش کردہ میں تو کوئی استحالہ نہیں ہے۔ کوئی بشر خدا کے نور کا منکر نہیں ہے۔ اور کتاب منیر کا خدا کا نور سے ہونا مسلمات سے ہے

(۱۰) خدا کا نور وطن سے نکالا جائے۔ شادیاں کرے۔ کفار سے جنگ کرے الخ۔ کیا ایک مسلمان کی قلم سے ایسے کلمات توہین نکل سکتے ہیں جو مخالفین اسلام یہود و نصاریٰ کہا کرتے ہیں۔ آپ معذور ہیں۔ اسی طرح سے آپ کے بھائی بند پیغمبروں کی نسبت کہا کرتے تھے۔

ما ھذا الا بشر مثلکم یاکل مما تاکلون منہ و یشرب مما تشربون۔ مہربان من۔ حضور علیہ السلام بیشک خدا کے نور ہیں اسی وجہ سے آپ کا سایہ نہ تھا۔ اور آپ آگے پیچھے سے برابر دیکھتے تھے۔

اور آپ عرش معلےٰ تک جا پہنچے۔ جہاں نوری فرشتوں کے پر جلے۔
اور ان کو سراج منیر کہا گیا۔ دوسری آیت میں قد جاءکم
من اللہ نور وکتاب مبین۔ نور کہا گیا۔ پھر اگر آپ نہ مانیں
تو یہی کہا جائیگا ؎
گر نہ بیند بروز شپرہ چشم ؛ چشمۂ آفتاب را چہ گناہ۔

## آخری حجت

اب تک تو آپ کا عقیدہ دریافت کرنے کے ہم نے طرز بحث دوسری اختیار رکھی۔ اب ثابت ہوگیا۔ کہ آپ لا مذہب غیر مقلد ہونے کے باوجود میرزائی بھی ہیں۔ اور باوجود اس کے چک میں امام بھی ہیں۔ اگر مقتدی بھی آپ کے مذہب کے ہیں تو خیر۔ اگر مقتدی اہل السنۃ والجماعۃ حنفی مسلمان ہیں۔ تو اُن کو ایسے امام سے قطع تعلق کرلینا چاہیئے۔ وما علینا الا البلاغ۔

اب میں وہ حدیث لکھتا ہوں جس کا آپ نے پہلے مطالبہ کیا تھا کہ آنحضرتؐ کا نور خدا سے ہونا اور جملہ کائنات کا آپ کے نور سے ہونا کس حدیث سے ثابت ہے۔ وہ حدیث کونسی معتبر کتاب میں ہے سو واضح ہو کہ یہہ حدیث مولانا جلال الدین سیوطی رح نے اپنی کتاب نزہتہ المجالس کے صفحہ پر یوں درج کی ہے۔

روی عبدالرزاق بسندہ عن جابر ابن عبداللہ الانصاری قال قلت یا رسولؐ اللہ بابی انت وامی اخبرنی عن اول شیئ خلقہ اللہ تعالےٰ قبل الاشیاء قال نور نبیک من نورہ فجعل النور یدور بالقدرۃ حیث شاء اللہ تعالےٰ۔ ولم یکن فی ذالک

الوقت لوح ولا قلم ولا جنة ولا نار ولا ملک ولا سماء ولا ارض ولا شمس ولا قمر ولا انس ولا جن فلما اراد الله ان یخلق الخلق قسم ذلک النور اربعة اجزاء فخلق من الجزء الاول القلم ومن الثانی اللوح ومن الثالث العرش ثم قسم الجزء الرابع اربعة اجزاء فخلق من الاول حملة العرش ومن الثانی الکرسی ومن الثالث باقی الملائکة ثم قسم الرابع اربعة اجزاء فخلق من الاول نور ابصار المومنین ومن الثانی نور قلوبهم وھی المعرفة بالله ومن الثالث نور السنتهم وھو التوحید لا اله الا الله محمد رسول الله (ترجمہ عبد الرزاق نے پوری سند کے ساتھ جابر بن عبد اللہ انصاری سے روایت کی ہے اس نے کہا میں نے کہا یا رسول اللہ میرے ماں باپ فدا ہوں۔ مجھے بتائیے پہلی چیز سب اشیاء سے اول خدا نے کیا پیدا فرمائی۔ فرمایا تیرے رسول کا نور پہلے اپنے نور سے پیدا کر دیا پھر وہ نور پھرتا رہا۔ جہاں خدا نے چاہا اور اسوقت لوح و قلم نہ تھی نہ جنت و دوزخ نہ زمین و آسمان نہ چاند سورج نہ آدمی نہ جن تھے پھر جب خدا نے مخلوق پیدا کرنی چاہی اس نور (محمدی) کو چار اجزاء پر تقسیم فرمایا۔ پہلی سے قلم دوسری سے لوح۔ تیسری سے عرش پیدا کیا۔ چوتھی جزء کے چار اجزاء کئے۔ پہلی سے حاملین عرش۔ دوسری سے کرسی۔ تیسری سے باقی فرشتے پیدا کئے۔ پھر چوتھی جزء کے چار اجزاء بنائے۔ پہلی سے مومنوں کی آنکھوں کا نور۔ دوسری سے دلوں کا نور (معرفت الٰہی) تیسری سے زبان کا نور پیدا کیا۔ جو توحید الٰہ اور کلمۃ التوحید ہے)

امید ہے کہ اب مولوی محمد فاضل کو اگر اُن کے دلمیں کچھ بھی انصاف ہے چون و چرا کی گنجائش نہ رہیگی۔ کیونکہ حدیث صریح ہم نے دکھا دی ہے۔ جو ایک ایسے مصنف کی کتاب میں ہے جو مانے ہوئے محدث اور مفسر ہیں۔ ہاں ضد کا کوئی علاج نہیں ہے۔ اگر مولوی محمد فاضل نہیں تو باقی مسلمانوں کی اب تسلی ضرور ہو جائیگی اور اس کے بعد ہمیں اور کسی تحریر کی ضرورت باقی نہیں ہے۔ واٰخر ناد عوانا ان الحمد للہ ربّ العٰلمین۔ والسّلام ۔

محمد کرم الدین عفاعنہ از بھیں۔ ضلع جہلم
۲۰۔ مئی ۱۹۲۰ء

---

باسمہ سبحانہ تعالےٰ
بخدمت مولوی کرم الدین صاحب

بعد سلام مسنون الاسلام آنکہ آپ کا جواب الجواب ۲۷۔ مئی کو پہنچا۔ اول یہ ظاہر کرنا ضروری ہے کہ میرا مذہب کیا ہے۔ میں اہل سنت والجماعت سنی المذہب ہوں قرآن مجید حدیث فقہ میرا دین و ایمان ہے اگر ان کتابوں پر عمل کرنے سے آدمی کافر ہو جاتا ہے تو مجھکو وہ دوسرا طریقہ یا مذہب جو آپ کا ہے بتلایا جاوے۔ جو دل آزار الفاظ میری نسبت لکھے ہیں میں اُن کے جواب میں کچھ نہیں لکھتا خداوند عالم آپ کو نیک بدلہ دیگا۔ آخر کار کل اناء یترشح بما فیہ۔ مسئلہ متنازعہ انا من نور اللہ والخلق کلھم من نوری کے متعلق آپ کا دعوے ہے کہ یہ حدیث ہے صحیح ہے اور میرا دعوے اس کے برعکس ہے۔ اس کے متعلق جو ثبوت آپنے دئے ہیں تمام بے ربط اور غلط ہیں

سنو آپ کہتے ہیں نمبر ۱ جب آیت اللہ نور السمٰوات والارض
کے عموم میں ہر شے خدا کے نور سے ہے تو رسول اللہ کیوں نہیں۔
یہ قیاس بمعہ معنے دونو غلط دیکھو تفسیر خازن جلد ۳ صفحہ ۳۵۳
قال ابن عباس معناہ اللہ ہادی السمٰوات والارض
فہم بنورہ الی الحق یہتدون وقیل معناہ اللہ منور
السمٰوات والارض نور السماء بالملائکۃ ونور الارض
بالانبیاء وقیل معناہ مزین السمٰوات والارض زین السماء
بالشمس والقمر والنجوم وزین الارض بالانبیاء والعلماء
والمومنین۔ نمبر ۲ رسول اللہ کا سایہ نہ ہونا۔ نمبر ۳ حضرت آدم
علیہ السلام کی پیدائش سے پہلے نبی ہونا۔ نمبر ۴ یا آنحضرت کا شب
معراج عرش کے اوپر جانا یہ تمام ثبوت باوجود آپ سے نہ ثابت
ہونے کے آپکے دعوے کہ آنحضرت کا نور خدا کے نور سے ہے کہاں تک
تائید کرتے ہیں یا کیا تعلق یا ربط ہے۔ نمبر ۵ قد جاءکم من اللہ
نور وکتاب مبین کے معنے آپ غلط سمجھے ہیں دیکھو تفسیر خازن
جلد ۱ صفحہ ۴۴۴ وانما سماہ اللہ نورا یعنی محمدا صلعم لانہ
یہتدی بہ کما یہتدی بالنور فی الظلام وقیل النور
ھو الاسلام۔ اگر میں زید کی صفت شجاعت میں شیر سے تشبیہ دوں
تو آپ کہیں یہ سوال تو نہ کریں گے کہ زید میں تمام لوازمات حیوانیہ
کا الذنب وغیرہ ہونے ضروری ہیں کیونکہ وہ شیر ہے۔ مکرم بندہ
رسول اللہ نور اس جہت سے ہیں کہ آپکے آنے سے تمام اندھیرے
شرک کفر گمراہی چلے گئے نہ یہ معنے کہ آپ خدا کے نور سے ہیں کیا آپ
کسی معتبر تفسیر [illegible] معنے اس آیت کے دکھا [illegible]

متفق اللفظ ہوکر گواہی دیتے ہیں کہ آنحضرت کا جسم مبارک خاکی تھا مگر آپ ہیں کہ ضد پر تلے ہوئے ہیں پھر کیا علاج ہے اس سے اگلے پرچہ کی فہرست سوالات جن کا آپنے کوئی جواب نہیں دیا اور نہ آئندہ امید ہے۔

اول چار گواہ پیش کردہ کے متعلق آپ نے کچھ لب کشائی یا جواب نہیں دیا ہے اُن کی گواہی درست ہے یا قابل جرح ہے تو لکھو۔ ہے رسول اللہ کا سایہ نہ ہونا کس کتاب میں ہے۔ شروع ولادت سے نہ تھا یا بعد میں۔ یا کل ذالک کذب مفترا باتفاق اہل العلم بحدیثہ یا رسول اللہ کی ماہیت نور کا کونسا واسطہ ہے اور واسطہ کی چند قسمیں ہیں بشری کپڑے خاکی ہو وے تو نتیجہ حادث ہوگا یا قدیم۔ یا خدا کا نور اپنے وطن سے نکالا جاوے۔ شادیاں کرے ان تمام سوالات کے متعلق آپنے کوئی جواب دیا ہے یا آئندہ میں کچھ امید رکھوں۔ آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ کی ماہیت نور خدا بشرط شے ہے۔ تو پھر آنحضرت کے قدیم ہونے میں کیا کلام ہے۔ اہل اسلام و نصاریٰ کا مابہ الامتیاز بتلایا جاوے۔ آپ پر ایک اعتراض لاینحل یا عجیب گورکھ دھندا آپ فرماتے ہیں کہ جب ہر ایک شئے کی خلقت خدا کے نور سے ہے تو رسول اللہ کی خلقت خدا کے نور سے کیوں نہیں۔ یا کتاب منیر کا خدا کے نور سے ہونا مسلمات سے ہے۔ اعتراض یہہ ہے کہ جب ہر شئے اور کتاب مظہر خدا کے نور سے ہے تو اُن کا سایہ کیوں ہے۔ آپکا دعویٰ ہے کہ جو خدا کے نور سے ہے اُن کا سایہ نہیں ہے پھر ان کا

سایہ کیوں ہے میرے خیال میں تو آپ کی ہی قلم سے مسئلہ طے ہو گیا
کہ آنحضرت خالی تھے۔ نیز بندہ نے کس جگہ لکھا ہے کہ آنحضرت
معراج پر نہیں گئے۔ پھر آپ نے بندہ کو مرزائی لامذہب غیر مقلد
ہندوؤں کا بھائی بند کس قانون اور قاعدے سے لکھا ہے کیا
اسلامی قانون اسی سلوک کا نام ہے۔ یا میں نے کس جگہ تسلیم کیا ہے
کہ آنحضرت کا سایہ نہ تھا جو آپ کا جواب اور رنگ اگر فرماتے
ہیں کہ تسلیم کے بعد دلیل طلب کرنا جہالت ہے۔ بالفرض والمحال
صحت نقل کا بندہ کو کیوں حق حاصل نہیں۔ صاف لکھو کہ میرے
پاس کوئی ثبوت نہیں۔ اگر ہے تو پیش کرو۔ آپکی تحریر میں تعارض
آپ فرماتے ہیں کہ ہر شے کی خلقت خدا کے نور سے ہے تو
رسول اللہ کی خلقت خدا کے نور سے کیوں نہیں۔ پھر اُسی پرچہ
میں رقمطراز ہیں کہ آپ خدا کے نور سے ہیں اور تمام مخلوق آپکے
نور سے ہے۔ یہ دونوں عبارتیں آپس میں متعارض ہیں۔ آپ
کس عبارت کے متعلق غلط سلط رطب یابس حوالے یا ثبوت
یا تضییع اوقات فرمارہے ہیں جو کچھ لکھو اس پرچہ کے جواب
میں ہو تہذیب اور لیاقت سے کام لینا۔ باربار تاکید ہے
کہ جو جو عبارتیں در بارہ جسم خاکی آنحضرت پیش خدمت ہیں
تسلیم کریں یا معقول طریق سے مدلل طور پر رد کریں میرا ارادہ
ہے کہ اس پرچہ کے جواب پر جو آپ کی طرف سے آئیگا بحث ختم ہونی
چاہیئے اور ہر ایک فریق اپنا اپنا منصف مقرر کر لیوے جو حلفیہ
فیصلہ لکھیگا اور ایک غیر مذہب ثالث مقرر ہوگا۔ جسکے منصف
کا ثالث کے ساتھ اتفاق ہوگا فریقین کو منظور کرنا ہوگا پرچہ کا

جواب براہِ راست میرے پاس آنا چاہیئے۔ اس پرچہ کا جواب بصیغۂ بیرنگ یا رجسٹری آنا چاہیئے اطلاع ہووے اور یہ پرچہ بجنسہٖ واپس کیا جاوے اپنے پاس نہ رکھ لیا جاوے۔ اب بس آپ کو رخصتی یا الوداعی سلام علیکم کرکے تمام مضمون کو ایک بیت پر ختم کرتا ہوں۔ ؎

اولٰئک اٰبائی فجئنی بمثلھم
اذا جمعتنا یا مولوی کرم الدین الجامع

زیادہ والسلام۔ آپ کا تابعدار محمد فاضل بقلم خود امام مسجد چک نمبر ۲۸۲ شمالی گوگیرہ برانچ ڈاکخانہ چک نمبر ۲۵۶ براستہ تحصیل ٹوبہ ٹیک سنگھ ضلع لائل پور۔ مورخہ ۱۴ رمضان المبارک شریف مطابق ۶/۲۰ ۲ فقط مہر (محمد فاضل)

باسمہٖ عزّ اسمہٗ

(آخری پرچہ) اِنَّ الرَّسُوْلَ لَنُوْرٌ یُسْتَضَاءُ بِہٖ
مُھَنَّدٌ مِّنْ سُیُوْفِ اللّٰہِ مَسْلُوْلٌ

مولوی صاحب۔ السلام علیکم۔ آپکی آخری چٹھی مجھے دیر سے ملی کیونکہ میں جہلم گیا ہوا تھا۔ اور ابھی واپس ہوا ہوں۔ آپ کہتے ہیں کہ میں اہل سنت والجماعۃ حنفی المذہب ہوں۔ مجھے اس کے ماننے میں تامل ہے۔ اسی طرح تو مرزا قادیانی بھی اپنے آپ کو حنفی کہتا تھا۔ مولوی محمد حسین بٹالوی آخری عمر میں اہلحدیث حنفی کہلاتا تھا۔ اگر آپ حنفی المذہب ہوتے تو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی نورانیت سے بھی منکر نہ ہوتے۔ حضور علیہ السلام کے بے سایہ ہونے آپ کے معراج جسمانی پر آپ کا ایمان ہوتا۔ حضور علیہ السلام کے متعلق چار نگشنگھ

بھنگی ہندو کتا بلا تھو وغیرہ امثال پیش کرنے سے انکو شرم آتی آپ لکھتے ہیں کہ بیٹے آپکی نسبت دل آزار الفاظ استعمال کئے ہیں۔ کلا وحاشا میرا ہرگز وطیرہ نہیں ہے کہ کیسی کی نسبت دل آزار الفاظ لکھوں۔ ہاں جب کہ آپکی طرف سے ایسا سلوک ہو تو ٹالک ٹناک سنانے سے دریغ نہیں۔ عوض معاوضہ گلہ ندارد۔ بھلا مجھے اولٹی سیدھی سنانے سے آپ کیوں دریغ کرتے۔ جب آپ سرور کائنات (فداہ ابی وامی) کی بے ادبی سے نہیں جھجکتے۔

آپ نے اپنی ایک چٹھی میں یوں گہر افشانی فرمائی ہے۔ "خدا کا نور اپنے وطن سے نکالا جاوے یا شادیاں کرے یا کفار سے جنگ کرے اور دانت شہید ہوں۔ اور غاروں میں پوشیدہ رہے۔ کیا یہ باتیں شایان نور خداوندی ہیں۔ کیا ایسے طنزیہ الفاظ رسول پاک کی نسبت ایک مومن شخص لکھنے کی جرأت کر سکتا ہے ہرگز نہیں۔ صرف کور مغز وہابی ہی ایسی جرأت کر سکتا ہے کہ وہ الفاظ جو کفار انکار رسالت کے وقت حضور علیہ السلام کی نسبت کہا کرتے تھے لکھنا گوارا کرے۔

از خدا خواہیم توفیق ادب ۔ بے ادب محروم ماند از لطف رب

آیت اللہ نور السموات کے جواب میں آپ لکھتے ہیں کہ خازن میں ہے۔ قیل معناہ اللہ منور السموات والارض نور السماء بالملائکۃ ونور الارض بالانبیاء۔ بندۂ خدا اس تفسیر سے تو ثابت ہے کہ انبیاء علیہم السلام بھی ملائکہ کی طرح نور ہیں۔ آسمان کی روشنی نور ملائکہ سے اور زمین کی روشنی نور انبیاء سے ہے پھر آپ حضور علیہ السلام کی نورانیت سے کیوں منکر ہوتے ہیں۔ دقس

علیٰ ہٰذا البواقی ۔

پھر آپ لکھتے ہیں کہ "رسول اللہ کا سایہ نہ ہونا۔ آدم علیہ السلام کی پیدائش سے پہلے نبی ہونا۔ آنحضرتؐ کا شب معراج عرش کے اوپر جانا یا وجود آپ سے نہ ثابت ہونے کے آپکی کہانتک ثابت کرتے ہیں"۔ سو واضح ہو کہ حضور علیہ السلام کا پیدائش آدم سے پہلے نبی ہونا حدیث صحیح سے ثابت ہے جو بحوالہ مشکوٰۃ صفحہ ۲۳۴ درج ہو چکی ہے جو اس بات کی بیّن دلیل ہے کہ آپ نور ہیں اور آپ کا نور سب سے پہلے پیدا ہوا ۔ ورنہ جب آپکا جسم اطہر موجود نہ تھا۔ تو آپ اسوقت نبی کیونکر تھے جب کہ ہنوز آدمؑ بین الماء والطین تھے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا شب معراج عرش معلیٰ سے اوپر جانا تمام مسلمانوں کا ایمان ہے۔ اگر آپ اس سے منکر نہیں تو پھر آخری چٹھی میں کیوں لکھتے ہیں کہ جناب نے کس جگہ لکھا ہے کہ آنحضرتؐ معراج پر نہیں گئے"۔ رہی یہ بات کہ حضور علیہ السلام کا سایہ نہ تھا آپ اس سے انکار کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ یہ کس کتاب میں ہے۔ سو میں کیا کہوں کہ آپ مجھ فاضل کہلانے ہوئے اس بدیہی الثبوت بات سے بھی جاہل ہیں۔ مبسوط کتابوں کی طرف آپکو کیوں لے جاؤں۔ مولانا جامی علیہ الرحمۃ کے تحفۃ الاحرار کا شعر ہی سنادوں شاید آپکو سمجھ آجائے ۔

سایہ ندیدست بزمین ہیچکس ۔ نور بود سایہ خورشید و بس

جانت از آلائش تن پاک بود ۔ سایہ نیندا خست برین خاک تود

اس سے بھی تسلی نہیں ہوئی۔ تو مولانا شیخ عبد الحق محدث دہلوی کا پاکیزہ خیال جو آپ نے مدارج النبوت میں بیان فرمایا ہے سن لیں۔

فتادہ سایہ زان خورشید رخ دور ۔ کہ با ہم راست ناید ظلمت و نور ۔

اندراں بالا قرآید پائے او ۔ کر افتد مرتبہ پارسایہ او
آپ لکھتے ہیں کہ حدیث نزہتہ المجالس صفحہ قابل استدلال نہیں۔
کیونکہ اسناد بیان نہیں۔ سو افسوس کہ آپ کو علامہ سیوطی جیسے
حفاظ حدیث پر بھی اعتبار نہیں۔ حالانکہ آپ لکھتے ہیں کہ فقہ پر
میرا ایمان ہے کیا مسائل فقہ میں آپ کو پورا اسناد ملتا ہے۔ اگر
نہیں تو اُسپر آپ کو کیونکر ایمان ہوگا۔ آجتک سوائے آپ کے علامہ
سیوطی رحمۃ اللہ پر کسی نے بے اعتباری نہیں کی۔ بلکہ آپ کی شہرت لکھا
ہے کہ ستر بار آپ نے خواب میں پیغمبر علیہ السلام کی زیارت کی۔ اور
احادیث کی صحت پر مہر کرائی۔ مولوی صاحب سند کے بیان نہ کرنے
سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ راوی کے پاس سند نہ تھی۔ بلکہ حدیث
کے ابتداء میں صاف لکھا ہے۔ روی عبد الرزاق بسندہٖ عن جابر
ابن عبد اللہ الانصاری۔ جس سے پایا جاتا ہے کہ راوی کے پاس
پوری سند موجود تھی۔ غرض حدیث مندرجہ نزہتہ المجالس نے تو
مسئلہ کا ایسا فیصلہ کردیا ہے کہ خصم کو اب چون و چرا کی مطلق
گنجائش نہیں ہے اس حدیث میں اول ما خلق اللہ نوری
کا مضمون بڑی شرح و بسط سے بیان کیا تھا۔ یہی آپ کا تقاضا
کہ کس کتاب میں یہ حدیث مذکور ہے۔ کتاب بھی وہ جس کے مصنف
حافظ حدیث علامہ سیوطی رحمۃ اللہ ہیں۔ اگر اب بھی نہ مانو تو ضد کا علاج
ہی کیا ہے۔

یہ حدیث ایسی مشہور ہے کہ گویا تواتر کے درجہ تک پہنچ گئی ہے۔
مسلمانان خاص و عام کا یہ عقیدہ ہے کہ حضور علیہ السلام کا
نور سب سے پہلے پیدا ہوا۔ اور آپ کے نور سے سب چیز پیدا ہوئی

[illegible] بچہ بچہ کی زبان
پر ہے۔ اور جس کو [illegible] ہیں ابھی
حدیث کی شرح [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
عبد اللہ قال قلت یا رسول اللہ صلی اللہ [illegible] وسلم
اخبرنی عن اوّل شیئ خلقہ اللہ قبل الاشیاء قال نور نبیک
من نورہ الحدیث۔ کیوں صاحب [illegible] کہتے ہوئے
شرم نہ آئے گی کہ علامہ سیوطی کو جو مولوی عبد الحی نے صحابہ میں
موضوعات کا لکھنے والا بیان کیا ہے۔ اور یہ نور والی حدیث بھی
موضوع ہے۔ مولانا عبد الحی نے تو اس حدیث کی صحت پر موہر
کر دی ہے جیساکہ آثار مرفوعہ میں درج ہے۔ کیا آپ کا علم مولانا
لکھنوی سے بڑھا ہوا ہے کہ وہ تو حدیث مذکور کو صحیح قرار دیکر
اپنی کتاب میں بطور استدلال پیش کرتے ہیں۔ اور آپ اس کو
موضوع قرار دیتے ہیں۔
اور سنئے۔ تفسیر نیشا پوری میں بتفسیر آیت وجئنا بک علی ھؤلاء
شہیدا لکھا ہے۔ لان روحہ صلی اللہ علیہ وسلم شہید علی
جمیع الارواح والقلوب والنفوس لقولہ اوّل ما خلق اللہ
روحی۔ غرض مسئلہ تو صاف ہوگیا ہے ہاں مولوی محمد فاضل
کی ہدایت خدائے مطلق کے ہاتھ میں ہے۔ یضل من یشاء و
یھدی من [illegible]
اس سے بعد آپ شریعت کا مسئلہ پیش کرتے ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ

متعدد آیات میں رسول پاک کو خدا تعالیٰ نے بشر کہا ہے۔ یا حضورؐ نے خود بشریت کا اقرار کیا ہے [illegible] کہتا ہوں کہ [illegible] حضورؐ کی الوہیت کے قائل [illegible]

[illegible]

[illegible] شتن شیر و شیر

ہمسری با انبیا برداشتند ٭ اولیا را ہم چو خود پنداشتند

گفتہ اینک ما بشر ایشاں بشر ٭ ما و ایشاں بستۂ خوابیم و خور

ایں ندانستند ایشاں از عمیٰ ٭ ہست فرقے درمیاں بے منتہا

ایں خورد گردد پلیدی زو جدا ٭ واں خورد گردد ہمہ نورِ خدا

ایں خورد زاید ہمہ بخل و حسد ٭ واں خورد زاید ہمہ نورِ احد

ایں زمین پاک واں شور است و بد

ایں فرشتہ پاک واں دیو است و دد

مولوی صاحب۔ توبہ کریں اپنا ایمان نہ گنوائیں۔ آپ کا قول کہ خدا کا نور وطن سے نکالا جائے۔ شادیاں کرے الخ حد درجہ کی گستاخی ہے۔ آپ بتلائیں کہ آپ کے قول اور کفار کے قول ما انتم الا بشر مثلنا۔ یاکل مما تاکلون ویشرب مما تشربون وغیرہ میں کیا فرق ہے۔ بلکہ گستاخی میں آپ ان سے بھی بڑھ گئے ہیں معاذ اللہ اللہ تعالیٰ کا رسول پاک کو بشر کہنا یا حضور علیہ السلام کا خود کو بشر کہنا [illegible] اور ہے اور آپ کا بشر کہنا [illegible] امر دیگر [illegible]

اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کی نسبت فرمایا ہے۔ فعصیٰ آدم ربہ فغوی۔ کیا اب بھی اس آیت کو پڑھکر حضرت ابو البشر کو معاذ اللہ عاصی اور غوی کہہ سکینگے۔ یا آدم علیہ السلام نے فرمایا ربنا ظلمنا انفسنا الخ کیا آپ بھی انکو ظالم خاسر کہہ سکتے ہیں۔ اگر نہیں تو آیات بالا کو پڑھکر رسول پاک کو اپنے جیسا بشر بھی آپ نہیں کہہ سکتے۔ نہ آپکے جسم اطہر کو تم نوری نہیں خاکی کہہ سکتے ہو۔ دیکھو تو والدین اپنے بچے کو نادان بچہ کہہ سکتے ہیں کیا بیٹا بھی والدین کو ایسا کہہ سکتا ہے۔ ہوش کرو۔ اس بارہ میں جس قدر آیات آپنے لکھی ہیں یا تفاسیر کے حوالے دئے ہیں سب کا یہی جواب سمجھو۔ خیر الکلام ما قل ودل۔ خلاصہ یہہ کہ حضور علیہ السلام کا نور ہونا قرآن وحدیث سے پایہ ثبوت کو پہنچ چکا۔ آپ کا سایہ نہ ہونا شب معراج میں عرش کے اوپر جانا۔ باوجودیکہ جبرئیل علیہ السلام نوری فرشتہ ہونے کے باوجود یہہ مرحلہ طے نہ کرسکے۔ آپ کا آگے پیچھے سے یکساں طور پر دیکھنا قرآن پاک میں آپ کو سراج منیر سے تعبیر کیا جانا۔ حالانکہ سورج کو سراج وہاج کہا گیا ہے۔ آیت قد جاءکم من اللہ نور وکتاب مبین میں آپ کو نور کہا جانا۔ حضورؐ کا پیدائش آدمؑ سے پہلے نبی ہونا یہ ساری دلائل ہیں کہ آپ نور تھے۔ اور یہہ بات کہ آپ کا نور سب سے مقدم اور باقی اشیاء آپ کے نور سے مخلوق ہیں صریح حدیث سے جو نزہۃ المجالس اور آثار مرفوعہ کے حوالہ سے لکھی گئی پایہ ثبوت کو پہنچ گیا۔ اب مولوی محمد فاضل کی ساری عمارت بنیاد سے اکھڑ گئی۔ اور یہہ بھی ظاہر ہوگیا کہ آپ

ہرگز اہل سنت والجماعت حنفی المذہب نہیں ہیں۔ بلکہ آپ وہابی یا مرزائی یا اُن سے بھی کچھ درجہ بڑھے ہوئے ہیں۔ رسول پاکؐ کی عزت اور عظمت آپ کے دل میں ہرگز نہیں ہے۔ ورنہ چمار۔ بھنگی۔ کتا۔ بلا وغیرہ کی مثال پیش کرنے کی جرأت نہ کرتے۔ نہ یہ پھبتی اڑاتے کہ آپ جسارت کرتے کہ "خدا کا نور وطن سے نکالا جائے یا تعدیاں کرے یا کفار سے چھپتا پھرے اور جا بجا شب بسر ہوں اور غاروں میں پوشیدہ رہے" یہ کلمات حضور اقدسؐ کی نسبت استہزاءً بطریق طنز و استہزاء لکھے گئے ہیں جو ایک مومن کی شان سے بعید ہے کہ یوں کہے۔

مولوی صاحب کی بحث ہم سے ختم ہو چکی وہ اپنی چٹھی کو آخری پرچہ لکھ چکے ہیں۔ اور ہماری یہ تحریر بھی آخری ہے۔ اُن کی تحریرات کے ملاحظہ سے علاوہ اس کے کہ آپ کے اعتقاد و مذہب کا پتہ مل گیا حسب ذیل باتیں بھی ظاہر ہوئیں

(۱) آپ اپنی تحریرات کی ابتداء خدا کے نام پاک سے کرنا غیر ضروری سمجھتے ہیں۔ (ملاحظہ ہو پرچہ نمبر ۱ و نمبر ۲)

(۲) مکتوب الیہ کو السلام علیکم لکھنا بھی آپ کے لئے عار ہے (پرچہ جات مذکورہ) ماشاء اللہ آپ شعر خوانی کی بھی قابلیت رکھتے ہیں۔ جیسا کہ پرچہ نمبر ۲ میں ذوقؔ کی طرف منسوب کر کے یہ شعر لکھتے ہیں۔ ؎ اب تو کرتا ہوں الوداع یار کو اے ذوق۔ پھر ملیں گے اگر خدا نے ملایا۔ کوئی بتلائے کہ اس شعر کا کیا حذف ہے ذوق نے اس طرح کہاں لکھا۔ اگر آپ کو اس کوچہ میں دخل نہیں تھا۔ تو کاہے کو من گھڑت شعر لکھ کر اپنی

پردہ دری کی خیر یہہ تو اُردو وہئے عربی شعر بھی سُنئے

اولئک اشھادی فجئنی بمثلھم + اذا جمعتنا یا مولوی کرم الدین المجامع - سبحان اللہ کیا کہنا ایک مصرع ایک [illegible] شان [illegible] کہہ - ایسے قابلیت کے شخص [illegible] [illegible] بڑی بات ہے - لیکن آپ [illegible] [illegible] آپ لیپٹے ہیں کیوں [illegible] آپ کا وہ [illegible] صادق نہیں ہے وہ طفل کیا پڑھے گا جو گھٹنوں کے بل چلے - امید ہے کہ منصف صاحب مولوی محمد فاضل کی شاعرانہ قابلیت کی بھی ضرور داد دیں گے -

منصف کون ہو -

چونکہ آپ حنفی المذہب کہلاتے ہیں - میں بھی حنفی ہوں تو [illegible] [illegible] حنفی المذہب [illegible] [illegible] ہوگا [illegible]

[illegible]

[illegible] [illegible] کی تحریرات اونکی خدمت میں بذریعہ ڈاک بھیجی جاتی ہیں اُن کا فیصلہ ناحق نہوگا - میں یہہ عرض کر دوں کہ مولانا ممدوح میرے ہرگز آشنا نہیں ہیں - نہ اس سے پہلے اون سے کوئی خط و کتابت ہے - اونکا فیصلہ بے رو و رعایت ہوگا - اور یہہ بات کہ منصف اپنا فیصلہ حلفیہ لکھے - یہہ آپ نے عجب لکھا ہے - آجتک منصف کو کسی نے حلف نہیں دی - یہ قانون اور شریعت منصف کو حلف پر مجبور کر سکتی ہے - قاضی یا جج گواہ کو تو حلف دے سکتے ہیں [illegible] [illegible] جج خود بھی فیصلہ لکھتے کے وقت [illegible] امید ہے کہ آپ

پر صاد کریں گے - جواب آنے پر طرفین کی تحریرات بذریعہ رجسٹری اُنکی
خدمت میں بھیجدی جائے گی - والسلام

[illegible] محمد کرم الدین عفا عنہ از بھیں تحصیل چکوال [illegible]

---

مشفقی [illegible] صاحب - السلام علیکم

[illegible] حال معلوم ہوا منصف کو جانے دیجئے اگر کوئی حکم شرعی ہو تو یہ بات کی جائے - جب یہ نہیں تو پھر [illegible] منصف کو پیش کیا جا سکتا ہے - رہا یہ امر کہ آپ دیوبندی مولوی صاحب کو منصف کروانا چاہتے ہیں - [illegible] علمائے دیوبند کے خلاف صادر ہو چکا ہے - آپ [illegible] میں وقت گذارنا چاہتے ہیں - اگر آپ حنفی ہیں تو مولوی [illegible] خاں صاحب کو منصف مان لیں - نہیں تو انجمن نعمانیہ ہند لاہور [illegible] سمجھے گئے [illegible] نہیں تو آپ خاموش رہیں - آپکے [illegible] مشتہرہ اشتہارات سے بخوبی ظاہر ہو گیا ہے - آپ کا عقیدہ بالکل وہابیت ہے یا دیوبندیوں کے آپ حلقہ بگوش ہیں - والسلام - محمد کرم الدین عفا عنہ از بھیں
تحصیل چکوال ضلع جہلم

---

بخدمت جناب اراکین انجمن نعمانیہ ہند لاہور

بعد السلام علیکم گزارش ہے - چونکہ ان دنوں میں بعض مولوی کرم الدین صاحب جہلمی [illegible] پوری [illegible] سائل [illegible]

اختلاف ہے جس میں مولوی کرم الدین صاحب نے انجمن نعمانیہ ہند کے فیصلہ کو منظور فرمایا ہے۔ مجھے بھی وہی فیصلہ منظور ہے کوئی انکار نہ ہوگا۔

بقلم خود محمد فاضل امام مسجد چک نمبر ۲۸۷
شمالی گ۔ ب تحصیل ٹوبہ ٹیک سنگھ ضلع لائل پور
۱۳۔ ربیع الاول ۱۳۳۹ھ = 25 11/20

**انتباہ** - مذکورہ بالا تحریرات جو انجمن میں بذریعہ فریق مدعی موصول ہوئی ہیں لفظ بلفظ نقل کی گئی ہیں۔ ان کی صحت وغیرہ کے اصل راقم ذمہ وار ہیں۔ یہ تحریرات سب سے پہلے علمائے انجمن کی خدمت میں بھیجی گئیں۔ جس پر مولوی حافظ غلام مرشد صاحب نے فتوے ذیل تحریر فرمایا۔ اور دیگر علماء نے ان سے اتفاق کیا۔

مدیر رسالہ

# اقول وبہ التوفیق

نور کا ایک تو عام فہم معنی ہے۔ واعلم ان لفظ النور موضوع فی اللغة لهذه الكيفية الفايضة من الشمس والقمر والنار۔ تفسیر کبیر جلد ۶ صفحہ ۳۷۴ النور الضوء المدرك بالبصر۔ بحر المحیط جلد ۶ صفحہ ۴۵۵۔

کیفیت قائمۃ من النیرین۔ بیضاوی پارہ ۷ صنٹ
والنور ضوء المنار۔ مدارک ج ۱ صف۱۹ کیفیۃ مختصۃ
خازن ج ۲ صفحہ ۲۵۵ جس کا مصداق سرور عالم فداہ ابی و امی
یا شمس یا کسی جسم نوری یا ناری عنصری یا فلکی کو قرار دینا
ہرگز صحیح نہیں۔ شعاع انما تحصل من الشمس بل هو
جسم او عرض والحق انہ هو عرض۔ ج ۲ خازن ۲۵۵
والضوء عرض لا جسم۔ شرح مواقف صفحہ ۲ والنور
اما ان یکون جسما او قائمۃ بالجسم والاول محال
لانا نعقل جسما مع الذهول عن کونہ نیرا و
لان الجسم قد ینیر بعد ان کان مظلما فثبت الثانی
مفاتیح الغیب ج ۶ صفحہ بلکہ حقیقت واجب پر بھی
اس کا اطلاق محال ہوگا۔ وهذہ الکیفیۃ یستحیل
ان یکون الہا لوجوہ۔ مفاتیح الغیب ج ۶ صفحہ
وهو بهذا المعنی لا یصح اطلاقہ علی اللہ تعالٰی۔
بیضاوی ج ۲ صنٹ واما العرض فلاحتیاجہ فی وجودہ
الی المحل والواجب مستغنی عن جمیع ما عداہ۔ شرح
مواقف صفحہ ۵۲۰

بنا بریں وہ تمام آیات اور احادیث جن سے سرور انبیاء
الوجود کا نور ہونا ثابت ہوتا ہے۔ اللہ نور السموات
والارض پارہ ۱۸ وفی حدیث ابی ذر نور انی
اراہ وفی روایۃ رأیت نورا مسلم باب الرویۃ
فی المعراج صفحہ ۹۹ وغیرہ کسی طریقے سے منقول ہوتی

اختلاف ہے جس میں مولوی کرم الدین صاحب نے انجمن نعمانیہ ہند کے فیصلہ کو منظور فرمایا ہے۔ مجھے بھی وہی فیصلہ منظور ہے کوئی انکار نہ ہوگا۔

بقلم خود محمد فاضل امام مسجد چک نمبر ۲۸۶
شمالی گ ب تحصیل ٹوبہ ٹیک سنگھ ضلع لائل پور
۱۳ ربیع الاول ۱۳۳۹ھ = 25 11/20

**انتباہ** - مذکورہ بالا تحریرات جو انجمن میں بذریعۂ فریق مدعی موصول ہوئی ہیں لفظ بلفظ نقل کی گئی ہیں - ان کی صحت وغیرہ کے اصل راقم ذمہ وار ہیں - یہ تحریرات پہلے علمائے انجمن کی خدمت میں بھیجی گئیں - جس پر مولوی حافظ غلام مرشد صاحب نے فتوے ذیل تحریر فرمایا - اور دیگر علما نے ان سے اتفاق کیا -

مدیر رسالہ

# اقول وبہ التوفیق

نور کا ایک تو عام فہم معنی ہے - واعلم ان لفظ النور موضوع فی اللغۃ لھذہ الکیفیۃ الفایضۃ من الشمس والقمر والنار - تفسیر کبیر جلد ۶ صفحہ ۳۷۴ النور الضوء المدرک بالبصر بحر المحیط جلد ۶ صفحہ ۴۵۵ -

کیفیت فائضة من النیرین - بیضاوی پارہ ۷ صفحہ
والنور ضوء المنام - مدارک ج ۱ صفحہ ۱۹ کیفیت مخصوصہ
خازن ج ۲ صفحہ ۲۵۵ جس کا مصداق سرور عالم فداہ ابی و امی
نہ شمس یا کسی جسم نوری یا ناری عنصری یا فلکی کو قرار دینا -
ہرگز صحیح نہیں - شعاع الفائض من الشمس بل ہو
جسما او عرض والحق انہ ہو عرض - ج ۲ خازن ۲۵۵
والضوء عرض لاجسم شرح مواقف صفحہ ۲۰۰ والنور
اما ان یکون جسما او قائمة بالجسم والاول محال
لانا نعقل جسما مع الذہول عن کونہ نیرا و
لان الجسم قد ینیر بعد ان کان مظلما فثبت الثانی
مفاتیح الغیب ج ۶ صفحہ ... بلکہ حقیقت واجب پر بھی
اس کا اطلاق محال ہوگا - وہذہ الکیفیة یستحیل
ان یکون الہا لوجوہ مفاتیح الغیب ج ۶ صفحہ ...
وہو بہذا المعنی لایصح اطلاقہ علی اللہ تعالی الخ -
بیضاوی ج ۲ صفحہ ... واما العرض فلاحتیاجہ فی وجودہ
الی المحل والواجب مستغنی عن جمیع ما عداہ - شرح
مواقف صفحہ ...

بنا بریں وہ تمام آیات اور احادیث جن سے حضرت واجب
الوجود کا نور ہونا ثابت ہوتا ہے - اللہ نور السموات
والارض پارہ ۱۸ وفی حدیث ابی ذر نور انی
اراہ وفی روایة رأیت نورا مسلم باب الرویة
فی المعراج صفحہ ۹۹ وغیرہ کسی طریقے سے منقول ہوئی

ثبت انہ لا بد من التاویل والعلماء ذکروا فیہ وجوہا۔ کبیر ج ۶ ص ۲۷۵ اور اسی طرح وہ تمام آیات اور احادیث بھی واجب التاویل ہوں گی۔ جن سے سرور عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا نور ہونا ثابت ہوتا ہے۔ قد جاءکم من اللّٰہ نور۔ محمد علیہ السلام نیسا فوری ج ۶ ص ۸ عن جابر رض ان اللّٰہ تعالے خلق قبل الاشیاء نور نبیک حجۃ العالمین ص ۲۸ علیٰ ہذا القیاس وہ آیات اور احادیث بھی واجب التاویل ہونگی جن سے قمر یا کسی جسم نوری یا ناری کا نور ہونا ثابت ہوتا ہے والقمر نورا۔ یعنی ذا نور۔ خازن ج ۲ ص ۲۸۵ والقمر ذا نور مفاتیح ج ۴ ص ۵۴۴ وجعل القمر فیھن نورا ای منورا تفسیر ابی السعود ج ۸ ص ۵۸۔

دوسرا معنے جسے علماء اشراقیہ اور امام غزالی جیسے محققین متکلمین اور ابن العربی جیسے مدققین صوفیین نے اختیار فرمایا ہے۔ قال الامام حجۃ الاسلام النور فی الحقیقۃ اسم لکل ما ھو ظاہر بذاتہ ومظہر لغیرہ نیسا فوری ج ۱۸ ص ۹۲ کمالین ص ۲۰۶ تفسیر ابن العربی ج ۲ ص ۳۶ ابن السعود ج ۷ ص ۲۰۲۔

ا مصداق ذات حقہ اور سید الکونین اور قمر اور قرآن شریف بلکہ تمام وہ حقائق جو ظاہر اور مظہر لغیرہ ہوں بلا تاویل بنص صریحہ سے ہوں گے۔ والنور یطلق علیہ تعالیٰ۔ اللّٰہ نور السموات والارض وعلی الرسول

علیہ الصلوٰۃ والسلام قد جاءکم من اللہ نور۔ والقرآن
واتبعوا النور الذی انزل معہ والاسلام یریدون ان
یطفئوا نور اللہ۔ والعدل واشرقت الارض بنور ربہا۔
والقمر وجعل القمر فیھن نورا والنہار وجعل
الظلمات والنور والمعجزہ۔ انا انزلنا التوراۃ فیہا
ھدی ونور اور الانبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام نور
علی نور۔ والمعرفۃ مثل نورہ۔ کبیر ج ۲ ص ۲۲۷۔
وما یکون ظاھرا و مظھرا لغیرہ یقال لہ النور فلہذا
یقال للسراج نورا وللشمس نورا وللقمر نورا۔ وللاجزاء
الناریۃ نورا۔ وللبصر نورا۔ وللبصیرۃ نورا۔ مفاتیح
نیسا فوری ج ۱۸ ص ۹۳۔

البتہ بلا واسطہ و بالذات اس کا مصداق۔ خالق القوے
والقدر ہے۔ جو آلائش امکانیہ اور ظلمات حدوث سے ہر طرح
پاک ہے۔ وھو النور الحقیقی۔ کبیر ج ۶ ص ۲۷۹ وھو نور الانوار
نیسا فوری ج ۱۸ ص ۹۲ کمالین ص ۲۹۶ لما وجد بوجودہ
وظہر بظہورہ کان نور السموات والارض ابن العربی
ج ۲ ص ۳۶ فانہ تعالیٰ نور الانوار خالق الاشیاء
مفاتیح ج ۶ ص ۲۷ اور باوجود شدت ظہور کے عام مخلوقات
سے مستور ہے۔ خفی لافراط الظہور تعرضت لادراک ابصار
قوما فاحش ابن العربی ج ۲ ص ۳۶ واما خفائہ
مع کونہ نورا محضا فلشدۃ الظہور وعدم الانفصال
من الاشیاء بخلاف النہار کبیر ج ۲ ص ۲۷۹ اور جیب

الہ العالمین اس نور حقیقی کے مظہر اتم۔ اور معلول اولے ہیں اور نور حقیقی سے بلا واسطہ غیر نورانیت اور وجود میں مستفیض ہیں روی عبد الرزاق بسندہٖ عن جابر ابن عبد اللہ الانصاری قال قلت یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ بابی انت و امی اخبرنی عن اول شیئ خلقہ اللہ تعالیٰ قبل الاشیاء قال یا جابرؓ ان اللہ تعالیٰ خلق قبل الاشیاء نور نبیک من نورہٖ الحدیث مواھب اللدنیہ ج ۱ صفہ حجۃ العالمین صفہ ۲۸ نزہۃ المجالس صفہ ۲ وعن علیؓ کنت نورًا بین یدی ربی قبل خلق آدم مواہب ج ۱ صفہ حجۃ العالمین صفہ ۲۱

لما تعلقت ارادۃ الحق تعالیٰ۔ بایجاد خلقہ و تقدیر رزقہ ابرز الحقیقۃ المحمدیۃ من الانوار الصمدیۃ فی الحضرۃ الاحدیۃ مواہب ج ۱ صفہ در تفسیر بحر العلوم نسفی آوردہ کہ نور حضرت سید کائنات خلاصہ موجودات پیش از تمام موجودات موجود شد۔ معارج رکن اول صفہ آپ سے پہلے کوئی جسم نوری یا ناری وغیرہ موجود نہ تھا ولم یکن فی ذٰلک الوقت لوحٌ ولا قلم ولا جنۃ ولا نارٌ ولا ملک ولا سماءٌ ولا ارضٌ ولا جنٌّ ولا انس مواہب ا صفہ حجۃ صفہ ۲۸ نزہۃ صفہ آپ ہی کو ذات باری تعالیٰ نے تمام کائنات کی علت غیر موجبہ اور محتاج الیہ فی الوجود بنایا۔ لولاک ما خلقتک ولا خلقت سماءً ولا ارضًا۔ مواہب ج ۱ صفہ

ولولا محمد ما خلقت الجنۃ والنار۔ وفی روایۃ لولاہ ما خلقت السماء والارض۔ ولا الطول ولا العرض۔ ولا وضعت ثوابًا ولا خلقت جنۃً ولا نارًا ولا شمسًا ولا قمرا حجۃ صفہ ۲۷

لولاك ماخلقت الدنیا۔ رواہ ابن عساکر عن سلمان مواہب ج ۱ صلا حجۃ صفہ ۲۹ ولولا محمد ماخلقتك رواہ البیہقی والحاکم وصححہ حجۃ صفہ ۲۹۔ پس سیادت کاملہ اور افضلیت من کل الوجوہ ظاہر کرنے کے لئے عرش اور لوح اور تمام جنتیں جیسی جزول کو اپنے حبیب "الا وانا حبیب اللہ ولا فخر مشکوٰۃ باب الفضائل صفہ ۵۱۳" سے پیدا فرمایا فخلق من الجزء الاول القلم ومن الثانی اللوح ومن الثالث العرش مواہب ج ۱ صفہ حجۃ صفہ ۲ اور ملائکہ جیسے نوری اجسام "خلقت الملائکۃ من نورٍ رواہ مسلم مشکوٰۃ صفہ ۵۰۶" کو اس معزز ترین مخلوق "وانا اکرم الاولین والاٰخرین علی اللہ تعالےٰ۔ رواہ ترمذی۔ مشکوٰۃ صفہ ۵۱۴" سے حصہ نور بخش کر ہمیشہ کے لئے مرہون احسان فرمایا۔ فخلق من الجزء الاول حملۃ العرش ومن الثانی الکرسی ومن الثالث بقیۃ الملٰئکۃ مواہب ج ۱ صفہ حجۃ صفہ ۲ اور اپنے محبوب کی اظہار کرامت کی خاطر اس سراجا منیرا کے نور سے آسمان اور زمین کو ظلمات امکانیہ سے نکال کر وجود بخشا فخلق من الاول السمٰوات ومن الثانی الارضین مواہب ج ۱ صفہ حجۃ صفہ ۲ ولقد خلقت الدنیا واھلھا لاعرفھم کرامتك منك ومنزلتك عندی مواہب ج ۱ صفہ ۱۲ حجۃ صفہ ۲۹ جب نور محمدی اور معلول قوی کے "جس کا اسم گرامی کئی ہزار سال سے آسمان اور زمین کے پیدا کرنے سے پہلے عرش مجید اور تمام علویات پر لکھا ہوا تھا۔ ان محمدًا خاتم النبیین۔ رواہ مسلم مواہب ج ۱ صفہ ۶ فانی رأیت اسمہ مکتوبًا علی ساق العرش

وانا بین الروح والطین۔ ثم انی طفت السموات فلم ار فی السموات موضعا الا رأیت اسم محمد امکتوبا الیہ وان ربی اسکننی الجنۃ فلم ار فی الجنۃ قصرا ولا عرصۃ الا اسم محمد مکتوبا الیہ ولقد رأیت اسم محمد مکتوبا علی نحور الحور العین وعلی ورق قصب آجام الجنۃ و علی ورق شجرۃ الطوبی وعلی ورق سدرۃ المنتہی و علی اطراف الحجب و بین اعین الملائکۃ ابن عساکر عن کعب عن مواھب ج ا صـ۱۸۶ حجۃ صـ۶۸۲ فرأیت علی قوائم العرش مکتوبا لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ رواہ البیہقی والطبرانی والحاکم وصححہ مواہب ج ا صـ۱۲ حجۃ صـ۶۱۲ اور جس کا ملائکہ ہر وقت ورد کرتے تھے فان الملائکۃ تذکرھا فی کل ساعاتھا۔ ابن عساکر مواہب ج ا صـ۱۸۶ ” واجب تعالے نے عالم نوری کو زیارت کروانی چاہی تو ایک قالب عنصری بے کیف تیار فرما کر اسمیں آپ کا اظہار فرمایا۔ عن کعب الاخبار لما اراد ان یخلق محمدا امر جبرائیل ان یأتیہ بالطینۃ التی ھی قلب الارض وبہاؤھا۔ لانورھا قال فھبط جبرائیل فی ملائکۃ الفردوس و ملائکۃ الرفیع الاعلی فقبض قبضۃ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم من موضع قبرہ الشریف وھی بیضاء نیرۃ فعجنت بماء التسنیم فی معین انھار الجنۃ حتی صارت کالدرۃ البیضاء لہا شعاع عظیم ثم طافت بہا الملائکۃ حول العرش والکرسی و فی السموات والارض والجبال والبحار فعرفت الملائکۃ وجمیع الخلق سیدنا

محمداً و فضلہ قبل ان تعرف آدم علیہ السلام مواہب ج ا صث وروی ابن جوزی فی کتاب الوفاء مرقاۃ علی المشکوٰۃ باب الفضائل صالا ۵ ج ۲ صلا پھر اسی ذریعہ نور محمدی کو آدم علیہ السلام کی پیدائش سے متعدد قوالب طاہرہ میں اللہ تعالےٰ ظاہر کرتا رہا۔ وتقلبک فی الساجدین۔ عن ابن عباسؓ مازال النبی علیہ السلام متقلب فی اصلاب الانبیاء حتی ولدتہ اُمہ رواہ ابو نعیم مواہب ج ا صلا بعثت من خیر قرون بنی آدم قرناً فقرناً حتی کنت من القرن الذی کنت فیہ بخاری ج ۲ صلا۵ اور اس نور حقیقی کو جس نے انبیاء علیہم السلام کے انوار کو ڈھانپ لیا تھا۔ فقالوا یا ربنا من غشینا نورہ فقال تعالےٰ ھذا نور محمد ابن عبداللہ مواہب ج ا صث اور جس کی تصدیق اور نصرت کا عہد مضبوط انبیاء اور رسل عظام سے لیا ہوا تھا۔ لتؤمنن بہ ولتنصرنہ پارۂ ۳ اور جس کے باعث ابو البشر کو مسجود ملائکہ قرار دیا تھا۔ ان الملائکۃ امروا بالسجود لآدم لاجل ان نور محمد علیہ السلام والصلوٰۃ فی جبہۃ آدم کبیر ج ۲ ص۳۰۲ اور خلیل علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی امت مسلمہ میں جس کے اظہار کو فخر سمجھا تھا۔ ربنا وابعث فیہم رسولاً منہم پارۂ ا۔ اور جس سے قوم سابقہ کا مصائب عوایصہ میں استمداد کا سلسلہ جاری تھا۔ وکانوا من قبل یستفتحون پارۂ ا۔ اور جس کے علم بالوجہ کے درجہ مشاہدات سے بڑھ

رکا تھا۔ الذین آتینٰھم الکتاب یعرفونہٗ کما یعرفون ابناءھم پارہ ۲۔ قال ابن سلام انا اعلم بہ منی بابنی مفاتیح ج ۲ صـ ۲۵۔

عالم اجسام میں عادت قدیمہ کے مطابق و لوجعلنا ہ رجلاً پارہ ۷۔ خاص قالب بشری کمشکوٰۃ فیہا مصباح المصباح فی زجاجۃ کذا جاء عن کعب الاخبار نیسا پوری جلد ۱۸ صـ ۹۵ دیگر بار افروز فرمایا۔ رأیت البیت حین وقع قد امتلاء نورًا رواہ البیہقی عن فاطمہ مواہب ج ۱ صـ ۲۲

لما انتہی الزمان باسم الباطن ظہر محمدؐ علیہ الصلوٰۃ والسلام بکلیتہ جسمًا و روحًا مواہب ج ۱ صـ ۶ جس کے ادراک میں کبار صحابہؓ تفصیل سے عاجز تھے۔ فقال اما انی ادعی ان فلا ذکرہ ابن المنیر عن خالد ابن الولید مواہب ج ۱ صـ ۱۴۹ البتہ فاما بنعمۃ ربک فحدث کو یاد رکھتے ہوئے صحابہؓ نے اجمالی تشریحات ضرور فرمائیں۔ سئل البراء اکان وجہ النبی علیہ الصلوٰۃ والسلام مثل السیف قال لا بل مثل القمر بخاری ج ۱ صـ ۵۰۲ اذا استنار وجہہ حتی کانہ قطعۃ قمر بخاری ج ۲ صـ ۶۳۲ یتلألأ وجہہ تلألؤ القمر لیلۃ البدر لہ نور یعلوہ شمائل ترمذی صـ ۲ ـ یری باللیل فی الظلمۃ کما یری فی النہار فی الضوء بخاری عن ابن عباس مواہب ج ۱ صـ ۲۴۲ اذا تکلم رئی کالنور شمائل ترمذی صـ ۲ واذا ضحک یتلألأ فی الجدر رواہ البیہقی مواہب ج ۱ صـ ۲۴۲ لما انبسطت فی انوارہ علیہ الصلوٰۃ والسلام وضعت کفی علی عینی

خوفاً من ذهاب بصری حجۃ عن حسان ابن ثابت ص۴۹
واخرج حکیم الترمذی عن ذکوان ان رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم ولم یکن یری لہ ظل فی شمس ولا قمر حجۃ
ص۵۶ قال بعضہم ویشھد لہ حدیث قولہ علیہ السلام
اللّٰہم اجعل فی قلبی نوراً الی قولہ واجعلنی نوراً مسلم
ج ا ص۲۶ " اور حقیقت میں جیسے کہ حقائق نبویہ مغائر حقائق
عوام ہوتی ہیں ۔ اسی طرح ان کے بدن اور قوے بھی عوام کے
مخالف ہوتے ہیں ۔ الانبیاء علیہم السلام لابد وان
یکونوا مخالفین بغیرھم فی القوی الجسمانیۃ مدرکۃ
او محرکۃ وفی القوی الروحانیۃ لان النفوس القدسیۃ
النبویہ فی لغتہ بماھیاتہا لسائر النفوس ومن لوازم
تلک النفس الکمال فی الذکاء والفطنۃ والحریتہ و
الاستعلاء والترفع عن الجسمانیات والشھوات واذا
کانت الارواح فی غائۃ الصفاء والشرف وکان البدن
فی غائۃ النقاء والطہارۃ کانت ھذہ القوی المحرکۃ
والمدرکۃ فی غائۃ الکمال مفاتیح ج ۲ ص۴۳۳ ۔
والعقلاء اختلفوا فی النفوس الناطقۃ البشریۃ بل ھی
مختلفۃ بالماھیۃ ام لا والمختار ھو القسم الاول والقرآن
مشعر بذالک کما فی قولہ تعالٰی قل کل یعمل علی شاکلتہ
ففی النفوس الطاھرۃ یظہر آثار الکمال وفی الخبیثۃ یظہر
آثار الضلال کما ان الشمس تبیض ثوب القصار و
تسود وجھہ ۔ وتعقد الملح وتلین الدھن مفاتیح ج ۵ ص۴۳۲

وکذالک کل میسر لما خلق له مسلم ج ۲ صفحہ ۳۳۴ کنٹی است کاحد منکم مسلم ج ۱ صفحہ ۲۵۳ -

اور چونکہ حقیقت انسانیہ بدن محسوس اور قالب جسمانی کا نام نہیں ہے لان الانسان قد یکون حیا حال مایکون البدن میتا ولا تقولوا لمن یقتل فی سبیل اللہ اموات کبیر ج ۲ صفحہ ۳۶ ولا تحسبن الذین قتلوا فی سبیل اللہ امواتا پارہ ۴ -

ثم ردوا الی اللہ مولٰهم الحق - پارہ ۷ - کبیر ج ۴ صفحہ ۶۰

اخرجوا انفسکم کبیر ج ۴ صفحہ ۵۹ النار یعرضون علیها - کبیر ج ۷ صفحہ ۳۱۷ ولا تکونوا کالذین نسوا اللہ فانساهم کبیر ج ۸ صفحہ ۱۳۵ اغرقوا فادخلوا نارا کبیر ج ۸ صفحہ ۲۲۰ -

یا ایتها النفس المطمئنة ارجعی کبیر ج ۸ صفحہ ۴۰۲

خلق اللہ الارواح قبل الاجساد مفاتیح جلد ۴ صفحہ ۶۰ -

القبر روضة من ریاض الجنة مفاتیح ج ۵ صفحہ ۴۲۶ واذا حمل المیت علی نعشه رفرف روحه فوق النعش و یقول یا اهلی ویا ولدی فثبت ان اعراض النار و الادخال فیها والنسیان والرجعة والعود الی اللہ تعالٰی والارتیاض والنداء لغیر هذه الهیکل المخصوص واعتقاد ان الانسان هذه الجسد خطاء فاحش مفاتیح مع التغیر. ج ۵ صفحہ ۴۳۹ لو کان الانسان عبارة عن هذه الجسد لکان اما ان یقوم لکل واحد من الاجزاء حیاة وعلم وقدرة علحدة واما ان یقوم بجموع الاجزاء والقسمان باطلان اما الاول فلانه لیس فی ذاتنا الا ذاتا واحدة وانه یستلزم

[illegible] الاقسمة [illegible] المثالى [illegible] بالسر [illegible]

[illegible] لايجوز بطلان [illegible]

الانسان جسمًا [illegible] صفحہ ۳۳ وان اجزاء الهيكل
ابدا فی النمو والذبول والزیادة والنقصان ولا شك
ان الانسان من حيث هو هو من اول العمر الی اخره
باق والباقی غیر ما هو غیر باق کبیر ج ۲ صفحہ ۳۶ وان الانسان
قد یکون عالما بنفسه حال ما یکون غافلا عن جمیع اجزائه
والمعلوم مغائر لما لیس بمعلوم ج ۳ صفحہ ۹۵ بلکہ حقیقت میں
جسم روحانی یا جوہر مجرد کا نام انسان ہے۔ جسم شریف
سماوی [illegible] النوری لطیف الجوهر فاذا کون البدن
وتم استعداده الذی ارید بقوله فاذا سویته
نفذ ذالك الجسم فی داخل ذالك البدن نفاذ الدهن فی
السمسم فهذا مذهب شریف یجب التأمل فیه فانه
شدید المطابقة لما ورد فی کتب الالهیات من احوال الاحیا
والممات او جوهر لیس بجسم ولا جسمانی وهو قول
الالهیین وذهب الیه جماعة عظیمة من علماء المسلمین
كالامام [illegible] موصوف بالعلم ونحوه
وما كان كذالك يكون جوهرا والجوهر لا يكون عرضا
کبیر ج د صفحہ ۳۳۹۔
البتہ بدن عنصری سے اُس کا تعلق ہے اس لئے بعض جگہ بدن
کو بھی انسان اور عبد کا اطلاق کیا جاتا ہے۔ قتل الانسان ما
اکفرہ پارہ ۳۰ ۔ انا خلقنا الانسان من نطفة ۔ پارہ ۲۹

المطلق اسم الانسان علی الجثۃ عرفاً مفاتیح ج ۵ صـ۴۴ ۔
وقد یراد بہ ھذا الجسد المخصوص۔ مفاتیح ج ۵ صـ۴۳ ۔
اور نہ کوئی قالب بشری کسی نورانی چیز کی نورانیت واقعیہ کے منافی ہے بلکہ عادت الٰہیہ ہے کہ وہ برگزیدہ آدمیوں کے پاس بھی عوام کا لحاظ رکھکر اجسام نوریہ کو انسانی صورت میں بھیجتا ہے۔ ھل اتاک حدیث ضیف ابراھیم المکرمین پارہ ۲۶ ولما جاءت رسلنا لوطا پارہ ۱۲ فتمثل لھا بشرا سویا پارہ ۱۶۔ وھل اتاک نبؤا الخصم اذ تسوروا المحراب پارہ ۲۳ واحیانا یتمثل الی الملک رجلا فیکلمنی بخاری ج ۲ صـ۱۳۵ فاتاہ رجل فقال ما الایمان حتی قال ھذا جبرائیل جاء یعلم الناس دینہم بخاری ج ۱ صـ۱۲۔ رأیت عن یمین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وعن شمالہ یوم الاحد رجلین علیہما ثیاب بیاض ما رأیتہما قبل ولا بعد یعنی جبرائیل ومیکائیل مسلم ج ۲ صـ۲۵۲ اذا اطلع علینا رجل شدید بیاض الثیاب شدید سواد الشعر لا یری علیہ اثر سفر ولا یعرفہ منا احد حتی قال فانہ جبرائیل یعلمکم دینکم مسلم ج ۱ صـ۲۷۔
اور ایسا ہی عبادت اور عبودیت کسی چیز کی نورانیت کے لئے مضر نہیں۔ بلکہ عبادت کو نور کہا گیا ہے۔ والصلوۃ نور والصبر ضیاء مشکوۃ صـ۳۰ لا الٰہ الا اللہ نور والوضوء نور مفاتیح ج ۶ صـ۲۶ اور اجسام نوریہ کی تکریم اور افضلیت کے عبادت کو سبب بتایا گیا ہے۔ بل عباد مکرمون۔ لا یستکبرون

عن عبادته ولا یستحسرون پارۂ ۱۷- اور علے القیاس کسی چیز کی مخلوقیت بھی اس کے نور کے منافی نہیں- وان الشمس والقمر لا ینخسفان لموت احد ولا لحیاتہٖ ولکنہما خلیقتان مشکوٰۃ صـ۱۳۱-

وجعل القمر فیھن نورا وجعل الشمس سراجا- پارہ ۲۹- والشمس والقمر والنجوم مسخرات بامرہٖ- خلقت الملائکۃ من نور مشکوٰۃ صـ۵۰۶- وجعل الظلمات والنور- پارۂ ۷-

پس جب کوئی قالب بشری اور صفت عبودیت اور مخلوقیت اور حدوث وغیرہ صفات امکانیہ مفارقات قدسیہ اور ملائکہ نوریہ اور کواکب دریہ کے نور ہونے کے منافی نہیں- تو اسیطرح حضور علیہ السلام کی بشریت- انما انا بشر مثلکم اور عبودیت تبارک الذی انزل الفرقان علی عبدہ اور مخلوقیت خلق الانسان- محمدًا صلی اللہ علیہ وسلم کبیر ج ۸ صـ۴۰ اور حدوث انک میت اور تمام صفات امکانیہ آپ کے نور ہونے کے ہرگز ہرگز منافی نہیں- حاشا ذاتہٗ عن ذلک- ہر دونوں علمائے دین خصوصًا مولوی محمد فاضل صاحب سے نہایت ادب سے گذارش ہے- کہ اس قسم کے تشبیہات اور قیاسات سے بموجب سورۂ حجرات باز رہیں- اور کم از کم بموجب وصیت اساتذۂ کرام راعنا کے شان نزول کو یاد کرتے ہوئے- الفاظ موہمۂ کسر شانِ حبیب الہ العالمین سے پرہیز کریں- اور یہی کہکر چپ کردیا کریں- ✦

دع ما ادعته النصارى في نبیّهم
واحکم بما شئت مدحاً فیه واحتکم

والسلام علی من اتبع الهدی۔

---

فقیر غلام مرشد کان اللہ لہٗ

---

اجاد کل الاجاد جزاہ اللہ خیرا۔

جمال الدین امام مسجد کوچہ میاں سراج الدین لاہور

---

اصاب من اجاب شکر اللہ سعیہ

عبدہ المسکین شاہ رسول عفی عنہ

---

الجواب صحیح

محمد عالم عفی عنہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ الذی تفرد بذاتہ وصفاتہ ۔ والصلوٰۃ والسلام علی حبیبہ الذی خلق من نور ذاتہ ۔ وعلی آلہ واصحابہ واتباعہ ۔ **اما بعد** مولوی محمد فاضل صاحب امام مسجد چک نمبر ۔ تحصیل ۔ ضلع لائل پور اور مولوی محمد کرم الدین صاحب ساکن موضع بھیں تحصیل چکوال ضلع جہلم کے درمیان حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کے نور پاک کی نسبت اختلاف تھا۔ جانبین میں تبادلہ خیالات بشکل تحریری باقاعدہ بصورت تحریرات مسبوق الذکر ہوتا رہا۔ آخر کار طرفین نے انجمن نعمانیہ ہند لاہور سے اپنی تحریریں بھیجکر انجمن کے محاکمہ پر رضامندی ظاہر کی۔ چنانچہ انجمن نے مذہب اہل سنت و جماعت کے مطابق اپنا فیصلہ صادر فرمایا جو ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔

## محاکمۂ انجمن نعمانیہ ہند لاہور

طرفین کی تحریرات پر غور کرنے سے پایا جاتا ہے کہ اصل نزاع اس امر میں ہے کہ آیا حضور رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم خدا کے نور سے ہیں یا نہیں۔ مولوی محمد کرم الدین صاحب اثبات کی طرف اور مولوی محمد فاضل صاحب نفی کی جانب ہیں۔ مولوی محمد کرم الدین صاحب نے حدیث جابر جو بحوالہ نزہۃ المجالس للسیوطی نقل کی ہے وہ بیشک ان کے مدعا کی مثبت ہے۔ اور یہی اہل سنت وجماعت کا مذہب ہے۔ مولوی محمد فاضل صاحب مضمون

انا من نور الله اور حدیث جابر کا مطلب سمجھ کر تسلیم کرنے سے انکار کرتے ہیں - اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جسم خاکی ہونے کے متعلق چار گواہ پیش کرتے ہیں - (۱) خدا تعالےٰ کی گواہی - قل انما انا بشر مثلکم یوحی الیّ - سورۂ کہف (۲) حضرت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی گواہی - انما انا عبد اللہ و رسولہ - مشکوٰۃ - باب الفخر والعصبیۃ صـ۴۱۲ (۳) سیدنا امام اعظم رضی اللہ تعالےٰ عنہ کی گواہی - بنبیہ و عبدہ - فقہ اکبر - صـ۲ - (۴) مولوی عبد الحی مرحوم لکھنوی کی گواہی - فالقدیم لا یکون اصلا ومادۃ للحادث الخ - اس سے پایا جاتا ہے کہ مولوی محمد فاضل صاحب حدیث نور کا مطلب یہ سمجھے ہیں کہ نور الٰہی مادہ ہے جس سے حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کا جسم اطہر بنا ہے - اور یہ محض غلط ہے - اس مقام پر مزید توضیح درکار ہے جو بطریق اختصار پیش کی جاتی ہے -

(۱) روی عبد الرزّاق بسندہٖ عن جابر بن عبد اللہ بن عبد اللہ الانصاری قال قلت یا رسول اللہ بابی انت وامی اخبرنی عن اوّل شیئ خلقہ اللہ قبل الاشیاء قال یا جابر ان اللہ تعالےٰ خلق قبل الاشیاء نور نبیک من نورہٖ فجعل ذلک النور یدور بالقدرۃ حیث شاء اللہ تعالےٰ ولم یکن فی ذلک الوقت لوح ولا قلم ولا جنۃ ولا نار ولا ملک ولا سماء ولا ارض ولا شمس ولا قمر ولا جن ولا انس فلما اراد اللہ ان یخلق الخلق قسم ذلک النور اربعۃ اجزاء فخلق من الجزء الاوّل القلم ومن الثانی اللوح ومن الثالث العرش

ثم قسم الجزء الرابع اربعة اجزاء فخلق من الجزء الاول حملة العرش ومن الثانی الکرسی ومن الثالث باقی الملائکة ثم قسم الجزء الرابع اربعة اجزاء فخلق من الاول السموات ومن الثانی الارضین ومن الثالث الجنة والنار ثم قسم الرابع اربعة اجزاء فخلق من الجزء الاول حملة العرش ومن الثانی الکرسی ومن الثالث باقی الملائکة ثم قسم الجزء الرابع اربعة اجزاء فخلق من الاول السموات ومن الثانی الارضین ومن الثالث الجنة والنار ثم قسم الرابع اربعة اجزاء فخلق من الاول نور ابصار المؤمنین ومن الثانی نور قلوبہم وھی المعرفة باللہ ومن الثالث نور السنتہم[1] وھو التوحید لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ الحدیث (مواہب لدنیہ مطبوعہ مصر۔ جزء اول۔ صفحہ ۹) **ترجمہ**۔ امام عبدالرزاق (متوفی ۲۱۱ھ) نے اپنی سند کے ساتھ حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ حضرت جابر نے کہا میں نے عرض کی۔ یا رسول اللہ میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں مجھے پہلی چیز بتائیے جو اللہ تعالیٰ نے اشیاء سے پہلے پیدا کی۔ حضور نے فرمایا۔ اے جابر تحقیق اللہ تعالیٰ نے اشیاء سے پہلے تیرے نبی کے نور کو اپنے نور سے پیدا کیا۔ پس وہ نور قدرت الٰہی سے پھرنے لگا جہاں اللہ تعالیٰ نے چاہا۔ اور اس وقت نہ لوح تھی۔ نہ قلم نہ بہشت نہ دوزخ نہ فرشتہ نہ آسمان نہ زمین نہ سورج

---

[1] مواہب مطبوعہ مصر میں السنتہم چھپا ہے ۱۲

نہ چاند نہ جن نہ انسان۔ پس جب اللہ تعالیٰ نے خلقت کو پیدا کرنا
چاہا۔ تو اس نور کے چار جزو کئے۔ پہلے جزو سے قلم اور دوسرے
سے لوح اور تیسرے سے عرش کو پیدا کیا۔ پھر چوتھے جزو کے چار
جزو کئے۔ پس پہلے جزو سے عرش اٹھانے والے فرشتے اور
دوسرے سے کرسی اور تیسرے سے باقی فرشتے پیدا کئے۔ پھر چوتھے
جزو کے چار جزو کئے۔ پس پہلے جزو سے آسمان اور دوسرے سے
زمینیں اور تیسرے سے بہشت و دوزخ پیدا کیا۔ پھر چوتھے جزو
کے چار جزو بنائے۔ پس پہلے سے مومنوں کی آنکھوں کا نور اور
دوسرے سے ان کے دلوں کا نور یعنی معرفت الٰہی اور تیسرے سے
ان کی زبانوں کا نور یعنی توحید لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ
کو پیدا کیا الحدیث انتہیٰ۔ اس حدیث کو مصنف عبد الرزاق
کے حوالے سے علامہ قسطلانی (متوفی سنہ ۹۲۳ھ) کے علاوہ علامہ
سیوطی (متوفی سنہ ۹۱۱ھ) نے نزہۃ المجالس صفحہ ۸۰ میں اور شیخ ابن
حجر مکی (متوفی سنہ ۹۷۳ھ) نے شرح ہمزیہ فی المدائح النبویہ صفحہ ۱۶ میں
اور سیدنا شیخ احمد دردیر مالکی مصری (متوفی سنہ ۱۲۰۱ھ) نے مولد
شریف (مجموعہ الانوار للنبہانی جزء ثالث صفحہ ۱۲۷۵) میں اور
مولوی عبد الحی صاحب لکھنوی نے آثار مرفوعہ صفحہ ۲۷۳ میں بطریق
استدلال نقل کیا ہے جو ہمارے مدعا کے واسطے کافی ہے۔ جس کو
اس حدیث کا پورا اسناد یا باقی حصہ دیکھنا مطلوب ہو وہ مصنف
عبد الرزاق کا مطالعہ کرے۔ امام زرقانی (متوفی سنہ ۱۱۲۲ھ) اس
حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں۔ (اس نور کا) اضافت تشریف
واشعار بانہ خلق عجیب وان لہ شانا لہ مناسبۃ ما

الى الحضرة الربوبية على حد قوله تعالى ونفخ فيه من روحه
وهي بيانية أي من شيء هو ذاته لا بمعنى انها مادة
خلق نوره منها بل بمعنى تعلق الارادة به بلا واسطة
شيء في وجوده وهذا اولى من احتمال ان المراد من نور
مخلوق له تعالى قبل خلق نور المصطفى واضافه اليه لتولي
خلقه وايجاده لما يلزم عليه من سبق مخلوق على نور المصطفى
وهو خلاف المنصوص والمراد ومن تجويز انه معنى عبر
عنه بالنور مشابهة أي خلق نور المصطفى من معنى
يشبه النور موجود ازلا كوجود الصفات القديمة القائمة
به تعالى فانها الاول لوجودها المافيه من اثبات مالم يردوا
لقلاقة بايهامه تعدد القدماء وان كان المراد التشبيه في
مطلق الوجود ... (فلما اراد الله ان يخلق الخلق قسم
ذلك النور اربعة اجزاء) أي زاد فيه لا انه قسم ذلك
النور الذي هو نور المصطفى اذ الظاهر انه حيث صوره
بصورة مماثلة لصورته التي يصير عليها لا يقسمه اليه
والى غيره (شرح الزرقاني على المواهب مطبوعه مصر
جزء اول صفحہ ٤٦) - ترجمہ - (اپنے نور سے) اضافت تشریفی
ہے اور آگاہ کرنا ہے کہ وہ نور عجیب مخلوق ہے - اور اس نور
کی بڑی شان ہے کہ جس کو حضرت ربوبیت کی طرف کچھ مناسبت
ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کے اس قول میں ونفخ فیہ من روحہ
اور یہ اضافت (علم نحو و بیان میں) بیانیہ ہے یعنی (پیدا کیا)
نور سے جو ذات الٰہی ہے - نہ یہ معنی کہ ذات الٰہی ایک مادہ ہے

جس سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا نور پیدا کیا گیا - بلکہ بدیں معنے کہ ذات باریتعالے کے ارادے نے اس نور کی ایجاد میں بلا واسطہ شئے اس سے تعلق پکڑا - کسی نے یہہ احتمال بیان کیا ہے کہ نور سے مراد ایک مخلوق ہے جو اللہ تعالےٰ نے حضرت کے نور سے پہلے پیدا کیا اور اس کو اپنی طرف مضاف کیا اس لیئے کہ خود اس مخلوق کی پیدائش و ایجاد کا متولی ہوا - مگر پہلے معنے اس احتمال سے اولے ہیں - کیونکہ اس احتمال کی رو سے لازم آتا ہے کہ حضرت کے نور سے پہلے اور مخلوق ہو اور یہہ منصوص و مراد کے خلاف ہے - اور کسی نے یہہ تجویز کیا ہے کہ اس سے مراد ایک معنے ہے جو بوجہ مشابہت نور سے تعبیر کیا گیا - یعنی اللہ تعالےٰ نے حضرت کے نور کو ایک معنے سے پیدا کیا جو نور کے مشابہ اور ازل سے موجود تھا جیسا کہ وجود صفات قدیمہ جو اللہ تعالےٰ کے ساتھ قائم ہیں - کیونکہ صفات قدیمہ کے وجود کا آغاز نہیں - مگر پہلے معنے اس تجویز سے بھی اولے ہیں کیونکہ اس صورت میں ثابت کرنا ہے اس کا جو مراد نہیں اور اضطراب اور کھٹکا ہے اس لیئے کہ تعدد قدماء کا وہم ہوتا ہے اگرچہ مراد مطلق وجود میں تشبیہ ہو ..... (پس جب اللہ تعالےٰ نے ارادہ کیا کہ خلقت کو پیدا کرے - تو اس نور کے چار جزو بنائے) یعنی اُس نور میں چار جزو کی زیادتی کر دی - یہہ معنے نہیں کہ حضرت کے نور کے چار حصے کر دئے - کیونکہ ظاہر ہے کہ چونکہ خدا نے اُس نور کو شکل میں حضرت کی اُس صورت کے مشابہ بنایا جس میں حضرت دنیا میں ہونے والے تھے - اس لئے اس نور کی تقسیم اُس نور اور غیر کی طرف نہیں ہو سکتی انتہے -

(۲) شیخ عبدالحق محدث دہلوی (متوفی ۱۰۵۲ھ) تحریر فرماتے ہیں۔ بدانکہ اول مخلوقات و واسطۂ صدور کائنات و واسطۂ خلق عالم و آدم نور محمد است صلی اللہ علیہ وسلم چنانکہ در حدیث صحیح وارد شدہ کہ اول ما خلق اللہ نوری۔ و سائر مکونات علوی و سفلی ازاں نور و ازاں جوہر پاک پیدا شدہ از ارواح و اشباح و عرش و کرسی و لوح و قلم و بہشت و دوزخ و ملک و فلک و انس و جن و آسمان و زمین و بحار و جبال و اشجار و سائر مخلوقات۔ و در کیفیت صدور ایں کثرت ازاں وحدت و بروز و ظہور مخلوقات ازآں جوہر عبارات و تعبیرات غریب آوردہ اند (مدارج النبوۃ مطبوعہ نولکشور۔ جلد دوم۔ ص ۲) شیخ موصوف دوسری جگہ فرماتے ہیں۔ و حقیقت صفت نوریت منحصر است در وے و نور از اسمائے اوست صلی اللہ علیہ وسلم۔ و اگرچہ انبیاء و اولیاء متصف اند بایں صفت و متحقق اند بداں و لیکن وے صلی اللہ علیہ وسلم حقیقت ایں صفت است و فرق است میان حقیقت شے و کسیکہ متحقق است بداں و ہمہ اشیاء مظاہر آں نور و مجلائے آں ظہور اند۔ و قول وے صلی اللہ علیہ وسلم انا من نور اللہ و المومنون من نوری و فی روایۃ انا من اللہ والمومنون منی اشارت بآنست۔ و تخصیص مومنین اتفاقی و بموافقت مقام است (مدارج النبوۃ۔ جلد دوم۔ ص ۶۶۲)

(۳) فاضل کامل شیخ اسماعیل حقی (متوفی ۱۱۳۷ھ) قد جاءکم من اللہ نور و کتاب مبین (مائدہ۔ ۶۔ ۱۵) کے تحت میں لکھتے ہیں۔ واعلم ان اللہ تعالٰی بعث النبی صلی اللہ علیہ وسلم،

نوراً مبین حقیقۃ حظ الانسان من اللہ تعالٰی وانہ تعالٰی
سمی نفسہ نوراً بقولہ تعالٰی اللہ نور السّمٰوات والارض
لانہما کانتا مخفیتین فی ظلمۃ العدم فاللہ تعالٰی اظہرہما
بالایجاد وسمی الرسول نوراً لان اوّل شئ اظہرہ الحق بنور
قدرتہ من ظلمۃ العدم کان نور محمد صلی اللہ علیہ وسلم
کما قال اوّل ما خلق اللہ نوری ثم خلق العالم بما فیہ من نورہ
بعضہ من بعض فلما ظہرت الموجودات من وجود نورہ سماہ
نوراً وکل ما کان اقرب الی الاختراع کان اولی باسم النور
کما ان عالم الامر اقرب الی الاختراع من عالم الاجسام
فلذلک سمی عالم الارواح والعلویات نورانیا بالنسبۃ الی
السفلیات واقرب الموجودات الی الاختراع لما کان نور النبی
علیہ السلام کان اولی باسم النور ولہذا کان یقول انا من اللہ
والمومنون منی وقال تعالٰی قد جاءکم من اللہ نور (روح
البیان جزء اوّل ص ۳۶۲) ترجمہ۔ جان لے کہ اللہ تعالٰی
نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو نور بنا کر بھیجا جو اللہ تعالٰی سے
انسان کے حظ کی حقیقت ظاہر کرتا ہے۔ اللہ تعالٰی نے اپنا نام
نور رکھا۔ چنانچہ فرمایا۔ اللہ نور السّمٰوات والارض
کیونکہ آسمان وزمین نیستی کی ظلمت میں پوشیدہ تھے۔ اللہ تعالٰی
نے ان کو ایجاد کر کے ظاہر کر دیا۔ اور اپنے رسول کا نام بھی
نور رکھا۔ چنانچہ حضرت نے فرمایا۔ اوّل ما خلق اللہ نوری
پھر اللہ تعالٰی نے جہان کو سب ان چیزوں کے جو جہان میں ہیں
آپ کے نور سے بعض کو بعض سے پیدا کیا۔ پس جب موجودات

آپ کے نور کے وجود سے ظاہر ہوئی۔ تو آپ کا نام نور رکھا۔ اور جو شے اختراع کے زیادہ قریب ہے وہ نور کے نام کے لیے اولیٰ ہے۔ چنانچہ عالم ارواح جو عالم اجسام سے اختراع کے زیادہ نزدیک ہے عالم انوار کہلاتا ہے اور علویات کو سفلیات کی نسبت نورانی کہتے ہیں۔ لہٰذا چونکہ نبی علیہ السلام کا نور موجودات میں سے اختراع کے زیادہ نزدیک ہے اس لئے آپ نور کے لئے اولیٰ ہوا اسی لئے آپ فرماتے تھے۔ انا من اللہ والمؤمنون منی۔ اور اللہ تعالےٰ نے فرمایا۔ قد جاءکم من اللّٰہ نور الخ۔

بیان بالا سے اظہر من الشمس ہے کہ مولوی محمد فاضل صاحب کا حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کے جسم خاکی کے متعلق چار گواہ پیش کرنا بالکل بے سود ہے۔ کیونکہ حضور اقدس اہل ہو دامی کے من نور اللہ ہونے اور آپ کے جسم اطہر کے خاکی ہونے میں کوئی منافات نہیں۔ حضور کا نور آپ کے آبا کی پشتوں اور امہات کے رحموں میں منتقل ہوتا ہوا آپ کے والدین تک پہنچا ہے۔ چنانچہ حدیث ذیل سے ثابت ہے۔ حدثنا محمد بن سلیمان الہاشمی قال ثنا احمد بن محمد بن سعید المروزی قال محمد بن عبد اللہ حدثنی انس بن محمد قال ثنا موسےٰ بن عیسےٰ قال ثنا یزید بن ابی حکیم عن عکرمۃ عن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم لم یلتق ابوای فی سفاح لم یزل اللہ عز وجل ینقلنی من اصلاب طیبۃ الی ارحام طاہرۃ صافیا مہذبا لا تتشعب شعبتان الا کنت فی خیرھما (دلائل النبوۃ للحافظ ابی نعیم

الاصبہانی المتوفی ۴۳۰ھ - مطبوعہ مجلس دائرۃ المعارف النظامیہ حیدر آباد دکن - ص۱۱) -

ترجمہ (بحذف اسناد) حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے ماں باپ زنا میں جمع نہیں ہوئے - اللہ عزوجل مجھے پاک پشتوں سے پاک رحموں کی طرف صاف و مہذب نقل کرتا رہا - کوئی دو گروہ جدا نہ ہوتے تھے - مگر میں ان کے بہتر میں تھا انتہے -

اس حدیث کو قاضی عیاض (شفا - جزء ثانی ۱۱۱) اور قسطلانی (مواہب - جزء اول - ص۱۳) اور جلال الدین سیوطی (خصائص کبرے - جزء اول - ص۳۷) اور شیخ ابن حجر مکی (شرح ہمزیہ ص۲۱) اور شیخ عبد الحق دہلوی (مدارج النبوۃ - جلد ثانی - ص۶) نے نقل کیا ہے اور اس سے استدلال کیا ہے - دیگر احادیث صحیحہ سے اسی مضمون کی تائید ہوتی ہے - چنانچہ بخاری شریف میں ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا - بعثت من خیر قرون بنی آدم قرنا فقرنا حتی کنت من القرن الذی کنت منہ (مشکوۃ - باب فضائل سید المرسلین صلے اللہ علیہ وسلم) یعنی میں بنی آدم کے بہترین طبقات سے بھیجا گیا ایک قرن بعد دوسرے قرن کے یہانتک کہ میں اس قرن سے ہوا کہ جس سے ہوا - بقول ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما قرآن کریم سے بھی یہی ثابت ہے - حدثنا ابو بکر محمد بن الحسن قال ثنا الحسن بن بشر ثنا سعدان بن الولید عن عطاء عن ابن عباس و تقلبک فی الساجدین مازال النبي

صلی اللہ علیہ وسلم یتقلب فی اصلاب الانبیاء حتی ولدتہ امہ۔ (دلائل النبوۃ للحافظ ابی نعیم صفحہ ۱۱)

ترجمہ (بحذف اسناد) حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ وتقلبک فی الساجدین سے یہ مطلب ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نبیوں[1] کی پشتوں میں منتقل ہوتے رہے یہاں تک کہ آپ اپنی والدہ ماجدہ کے شکم مبارک سے پیدا ہوئے انتہی۔ الغرض حضور اقدس بابی ہو وامی کا نور اطہر آپ کے آباء کرام کی پشتوں میں یکے بعد دیگرے منتقل ہوتا رہا۔ اور اسی نور کو پاک وصاف رکھنے کے لیے وہ شرک کی نجاست اور زنا کی آلودگی سے پاک رہے۔ اور اسی کی برکت حضرت آدم علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام ملائکہ[2] کے مسجود بنے۔

---

[1] اس سے یہ مراد نہیں کہ حضور اقدس بابی ہو وامی کے آباء کرام میں کوئی غیر نبی نہ تھا۔ بلکہ مراد یہ ہے کہ آپ کے نسب شریف میں انبیاء ہوئے ہیں
وھذا لاینافی وقوع من لیس نبیا فی آبائہ فالمراد وقوع الانبیاء فی نسبہ (روح البیان جزء ثانی۔ صفحہ ۲۹۷) ۱۲

[2] چنانچہ تفسیر کبیر (جزء ثانی۔ صفحہ ۱۲۲) میں ہے۔ ان الملائکۃ امروا بالسجود لآدم لاجل ان نور محمد علیہ الصلوٰۃ والسلام فی جبہۃ آدم یعنی فرشتوں کو حضرت آدم کے لیے سجدہ کرنے کا حکم اس لیے دیا گیا کہ حضرت محمد علیہ الصلوٰۃ والسلام کا نور ان کی پیشانی میں تھا۔ ۱۲

اور اسی کی برکت سے حضرت ابراہیم علےٰ نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام نے نمرود کی آگ سے نجات پائی۔ چنانچہ خصائص کبرےٰ للسیوطی (جزء اول۔ صـ۳۹) میں ہے۔ اخرج الحاکم والطبرانی عن خریم بن اوس قال هاجرت الی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم منصرفه من تبوك فسمعت العباس یقول یا رسول اللہ انی ارید ان امتدحك قال قل لا یفضض اللہ فاك فقال

من قبلها طبت فی الظلال وفی - مستودع حیث یخصف الورق

ثم هبطت البلاد لا بشر - انت ولا مضغة ولا علق

بل نطفة ترکب السفین وقد - الجم نسرا واهلہ الغرق

تنقل من صالب الی رحم - اذا مضی عالم بدا طبق

وردت نار الخلیل مکتتما - فی صلبه انت کیف یحترق

حتی احتوی بیتك المهیمن من - خندف علیا تحتها نطق

وانت لما ولدت اشرقت الار - ض وضاءت بنورك الافق

فنحن فی ذالك الضیاء وفی ال - نور وسبل الرشاد نخترق

ترجمہ۔ حاکم اور طبرانی نے روایت کی کہ حضرت خریم بن اوس نے کہا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے غزوہ تبوک سے واپس تشریف لانے پر میں ہجرت کرکے مدینہ منورہ میں آیا۔ وہاں میں نے حضرت عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہ کو یوں کہتے سُنا۔ یارسول اللہ میں آپ کی مدح کرنا چاہتا ہوں۔ آپ نے فرمایا۔ کہہ۔ اللہ تیرا مُنہ نہ توڑے[سلہ]۔ پس حضرت عباس نے یہہ شعر کہے۔

سلہ یعنی اللہ تعالےٰ تیرے مُنہ کو دانتوں کے گرنے اور دیگر خلل سے محفوظ رکھے ۱۲

## (ترجمۂ اشعار)

آپ زمین پر نزول سے پہلے طیب تھے بہشت کے سایوں میں اور
اُس قرارگاہ میں جہاں پتوں پر پتے جوڑے جاتے تھے[1]
پھر آپ اترے (پشتِ آدم میں) زمین پر اس حال میں کہ نہ تھے
آپ بشر نہ پارۂ گوشت نہ پھٹکی خون کی
بلکہ نطفہ تھے اور (پشتِ سام میں) کشتی پر سوار تھے
درآنحالیکہ غرق نے نسر[2] اور نسر پوجنے والوں کو آلیا تھا
آپ پشتوں سے رحموں کی طرف منتقل ہوتے رہے
جب ایک قرن (جس میں آپ ہوتے) گزرتا۔ تو دوسرا ظاہر ہوتا
آپ آتشِ خلیل میں پوشیدہ داخل ہوئے۔
آپ خلیل اللہ کی پشت میں تھے وہ کیونکر جل سکتے تھے

---

[1] یہ اشارہ ہے اس آیت کے مضمون کی طرف۔ فَلَمَّا ذَاقَا الشَّجَرَةَ بَدَتْ لَهُمَا سَوْآتُهُمَا وَطَفِقَا يَخْصِفَانِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ (اعراف ع ۲)
ترجمہ۔ پھر جب چکھا دونوں نے درخت۔ کھل گئے ان پر عیب اُن کے اور لگے جوڑنے اپنے اوپر پتے بہشت کے

[2] حضرت نوح علیٰ نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام کی قوم جن بتوں کو پوجتی تھی۔ اُن میں سے ایک کا نام نسر تھا جیسا کہ قرآن کریم (سورہ نوح ع ۱) میں مذکور ہے

یہاں تک کہ آپ کے شرف و نسب نے جو آپ کی بزرگی پر شاہد ہے
خِندِف[1] کے نسب سے اعلیٰ درجہ پایا کہ جس کے نیچے دامنہائے کوہ ہیں
آپ جب پیدا ہوئے تو زمین روشن ہو گئی
اور آپ کے نور سے آفاقِ عالم روشن ہو گئے
ہم اُس روشنی اور اُس نور میں ہیں۔
اور ہم راستی کے رستے چل رہے ہیں

اشعار مذکورہ بالا کو علامہ سیوطی کے علاوہ ابن عبد البر مالکی (متوفی ۴۶۳ھ) نے کتاب الاستیعاب (مطبوعہ مجلس دائرۃ المعارف حیدر آباد۔ جزء اول۔ ص۱۲۵) میں اور قاضی عیاض مالکی (متوفی ۵۴۴ھ) نے شفا (نسیم الریاض۔ جزء ثانی۔ ص۱۱۲) میں اور علامہ دمیری شافعی (متوفی ۸۰۸ھ) نے حیوۃ الحیوان (مطبوعہ مصر جزء ثانی۔ ص۲۹۱) میں اور علامہ قسطلانی نے مواہب لدنیہ (جزء اول۔ ص۱۱۳) میں نقل کیا ہے۔ اور حافظ ابن حجر عسقلانی (متوفی ۸۵۲ھ) نے اصابہ (مطبوعہ مصر۔ جزء ثانی۔ ترجمہ خریم بن اوس)

---

[1] خِندِف نام ہے الیاس بن مضر کی عورت کا جو اچھے نسب والی تھی۔ اس لئے نسب عالی میں ضرب المثل ہے۔ نُطُق (نطاق واحد) کے معنے ہیں نواحیٔ کوہ۔ یا دامن کوہ جو سیکے بر دیگرے کمر کہ پٹکوں کی طرح ہوں۔ مطلب یہ ہے کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کا نسب شریف اپنی قوم میں سب سے اعلیٰ ہے اور دوسروں کے نسب اس کے نیچے ہیں جیسا کہ پہاڑ کے نیچے نواحیٔ کوہ ہوتے ہیں ۱۲ +

میں ان کی طرف اشارہ کیا ہے۔ ان اشعار کا مضمون حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے بھی مروی ہے۔ چنانچہ علامہ سیوطی لکھتے ہیں۔ اخرج ابن عمر العدنی فی مسندہ عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما ان قریشا کانت نورا بین یدی اللہ عز وجل قبل ان یخلق آدم بالفی عام یسبح ذلک النور و تسبح الملائکۃ بتسبیحہ فلما خلق اللہ آدم القی ذلک النور فی صلبہ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاھبطنی اللہ الی الارض فی صلب آدم و جعلنی فی صلب نوح و قذف بی فی صلب ابراھیم ثم لم یزل اللہ ینقلنی من الاصلاب الکریمۃ الی الارحام الطاھرۃ حتی اخرجنی من بین ابوی لم یلتقیا علی سفاح قط (خصائص کبری۔ جزء اول۔ صفحہ ۳۹) ترجمہ محمد بن عمر عدنی (متوفی ۲۴۳ھ) نے اپنی مسند میں حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ قریش حضرت آدم کی پیدائش سے دو ہزار برس پہلے اللہ عز وجل کے آگے ایک نور تھے۔ وہ نور تسبیح کرتا تھا اور فرشتے اس کی تسبیح کے ساتھ تسبیح کرتے تھے۔ جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم کو پیدا کیا تو وہ نور اس کی پشت میں ڈال دیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پھر اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم کی پشت میں مجھے زمین پر اتارا۔ کیا مجھے حضرت نوح کی

پشت میں رکھا۔ اور مجھے حضرت ابراہیم کی پشت میں ڈالا۔ پھر اللہ تعالےٰ مجھے شریف پشتوں سے پاک رحموں کی طرف منتقل کرتا رہا۔ یہانتک کہ میرے والدین سے مجھے دنیا کی طرف نکالا حالانکہ وہ کبھی زنا پر جمع نہ ہوئے انتہے۔ یہہ حدیث شفاء قاضی عیاض (نسیم الریاض۔ جزء اول۔ صفحہ ۳۵۹) میں بھی موجود ہے۔ خلاصہ کلام یہہ کہ حدیث نور صحیح ہے۔ اور اس کا وہی مطلب ہے جو اوپر بیان ہوا۔ مولوی محمد فاضل صاحب کے مزید اطمینان کے لئے ذیل میں اُنہی کے گواہ چہارم کی پوری شہادت نقل کی جاتی ہے۔ **وھی ھذہ**

**سوال** ما قولکم ایہا العلماء السادات فی ذات اللہ عز وجل فھل یکون اصلا ومادۃ لذات نبینا صلے اللہ علیہ وسلم ام لا وما معنی کونہ صلے اللہ علیہ وسلم من نور اللہ تعالے وایضا ذاتہ صلے اللہ علیہ وسلم ھل ھو حادث ام قدیم بینوا ماجورین رحمکم اللہ۔

**جواب** ان ذاتہ سبحانہ وتعالےٰ قدیم وذات نبینا صلے اللہ علیہ وسلم حادث فالقدیم لا یکون اصلا و مادۃ للحادث لان القدیم فرد واحد لا یتجزی ولا یتبعض فلا ینفصل منہ شئ فالذی لا یتجزی ولا ینفصل منہ شئ لا یکون اصلا لشئ کما یفھم من کتب العقائد و وقال الزرقانی فی شرح المواھب اللدنیہ فی شرح من نورہ

اى من نور هو ذاته لا بمعنى انها مادة خلق نوره
منها بل بمعنى تعلق الارادة به بلا واسطة شئ فى
وجوده انتهى- واما معنى كونه صلى الله عليه وسلم
من نور الانوار انه منه دون واسطة كما فيه
ايضا واما القديم فهو قديمان قديم حقيقى وهو
الذى لا ابتداء لوجوده فهو الحق سبحانه وتعالى و
قديم مجازى وهو ما لوجوده ابتداء لكن باعتبار
اصلية كل شئ وطولية العمر يطلق عليه القديم مجازا
فهو ذات نبينا صلى الله عليه وسلم كما قال الزرقانى
فى شرح المواهب اللدنية الازل القدم ليس له ابتداء
ويطلق مجازا على ما طال عمره والوجود ثلاثة لا رابع
لها ازلى وابدى وهو الحق سبحانه وتعالى ولا ازلى ولا
ابدى وهو الدنيا وابدى غير ازلى وهو الآخرة انتهى
ملخصا نعم ان لشانه المناسبة ما الى الحضرة الربوبية
كما فيه ايضا والله اعلم بالصواب كتبه خادم الطلبة
شيخ يوسف بن قادر احمد عفى عنهما وعن اسلافهما
ما احسن هذا الجواب لقد فاز المجيب بالصواب وهذا
هو معتقد جميع اهل الاسلام ومن اعتقد خلافه فهو
اما كافر مجاهر او ملحد وزنديق عند اهل الاسلام
راقمه [illegible] الراجى عفو ربه القوى ابو الحسنات محمد
عبد الحى تجاوز الله عن ذنبه الجلى والخفى-

# استفتا

بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام
علی اشرف المرسلین سیدنا محمد وآلہ وصحبہ اجمعین

سوال :- ما قولکم ایہا العلماء السادات فی ذاتہ
سبحانہ وتعالیٰ هل یمکن ان یکون مادۃ لذات نبینا
صلی اللہ علیہ وسلم ام لا - وما معنی ان لہ شانا المناسبۃ
ما الی الحضرۃ الربوبیۃ وایضا ما قولکم فی ذات نبینا
صلی اللہ علیہ وسلم هل هو حادث ام قدیم بینوا ماجورین
یرحمکم اللہ - هو المصوب

ذات النبی صلی اللہ علیہ وسلم حادثۃ والقدم بمعنی الازلیۃ
وعدم سبق العدم مختص بالحق سبحانہ وتعالیٰ عند اهل
الاسلام خلافا للفلاسفۃ حیث قالوا بقدم العقول زمانا
کما ان القدم بمعنی عدم الاحتیاج الی الغیر مختص بالواجب
اتفاقا وقد دلت الاخبار الصحیحۃ علی انہ کان اللہ ولم یکن
معہ شئ والذات الالٰہیۃ لیست مادۃ للذات النبویۃ
وکیف یجوز ان یکون القدیم مادۃ للحادث وما
اشتہر من ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم خلق من نور اللہ
فلیس المراد بہ کون النور الالٰہی مادۃ للنور المحمدی بل
الاضافۃ فیہ تشریفیۃ کما یقال للکعبۃ بیت اللہ ولسیدنا
عیسیٰ روح اللہ ولما کان النور المحمدی مخلوق قبل

انوار جمیع الانبیاء وکان مشمولا فی ذلک الوقت بالعنایۃ الربانیۃ والمواهب الربانیۃ قیل انہ من نور اللہ واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی۔

# ترجمہ

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلے میں کہ آیا اللہ عزوجل کی ذات ہمارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات کے لئے اصل اور مادہ بن سکتی ہے یا نہیں۔ اور اس کے کیا معنی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالے کے نور سے پیدا ہوئے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات حادث ہے یا نہیں۔ بینوا توجروا رحمکم اللہ

## جواب

اللہ سبحانہ وتعالے کی ذات قدیم ہے اور ہمارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات حادث ہے پس قدیم حادث کے لئے اصل و مادہ نہیں بن سکتا۔ کیونکہ قدیم ایک ذات ہے جو جزء اور ٹکڑے نہیں ہو سکتا۔ پس اس سے کوئی چیز جدا

نہیں ہو سکتی۔ لہٰذا وہ جو جزو نہیں ہو سکتا اور جس سے کوئی چیز
جدا نہیں ہو سکتی کسی شے کے لئے اصل نہیں بن سکتا جیسا کہ کتب
عقائد سے پایا جاتا ہے۔ امام زرقانی نے شرح مواہب لدنیہ میں من
نورہ (اپنے نور سے) کی شرح میں فرمایا ہے۔ یعنی نور سے
جو ذات باری تعالیٰ ہے۔ نہ یہ معنے کہ وہ ذات مادہ ہے
جس سے ان حضرت کا نور پیدا کیا گیا بلکہ بدیں معنے کہ ارادہ
ذات باری تعالیٰ نے حضرت کے نور سے اس کے وجود میں بلا
واسطہ شے تعلق پکڑا انتہٰی۔ اور معنے اس عبارت کے کہ نبی
صلے اللہ علیہ وسلم اللہ کے نور سے ہیں یہ ہیں کہ آپ کو
اللہ تعالیٰ نے بلا واسطہ پیدا کیا ہے جیسا کہ اسی شرح زرقانی
میں ہے۔ نا قدیم ہونا۔ سو اس کی دو قسمیں ہیں۔ ایک قدیم
حقیقی کہ جس کے وجود کی ابتدا نہ ہو وہ حق سبحانہ و تعالیٰ ہے
اور دوسرے قدیم مجازی کہ جس کے وجود کی ابتدا ہو۔ مگر اس
اعتبار سے کہ وہ طویل العمر اور ہر شے کی اصل ہو اس پر مجازاً
قدیم کا اطلاق ہوتا ہے اور وہ ہمارے پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ
وسلم کی ذات پاک ہے۔ کیونکہ امام زرقانی نے شرح مواہب لدنیہ
میں فرمایا ہے کہ ازل کے معنے قدم ہیں کہ جس کی ابتدا نہ ہو۔
اور مجازاً اس پر بھی بولا جاتا ہے کہ جس کی عمر دراز ہو۔ اور
وجود کی تین قسمیں ہیں کہ جن کے سوا چوتھا نہیں۔ ازلی و ابدی
اور وہ حق سبحانہ و تعالیٰ ہے۔ نہ ازلی نہ ابدی اور وہ دنیا
ہے۔ ابدی غیر ازلی اور وہ آخرت ہے انتہٰی ملخصاً۔ ہاں حضرت

کے لئے ایک شان ہے جسے حضرت ربوبیت سے کچھ مناسبت ہے
جیسا کہ زرقانی ہی میں ہے واللہ اعلم بالصواب۔ کتبہ فقیر اللہ
شیخ یوسف بن قادر احمد عفی عنہما وعن اسلافہما۔ یہ جواب کیسا
اچھا ہے۔ بے شک جواب دینے والے نے صحیح جواب دیا ہے۔
اور یہی تمام اہل اسلام کا عقیدہ ہے۔ جو اس کے خلاف عقیدہ
رکھے۔ وہ اہل اسلام کے نزدیک کافر یا فاجر یا ملحد یا زندیق
ہے۔ واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات
محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی۔

# استفتا

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ الحمد للہ رب العالمین والصلوۃ
والسلام علی اشرف المرسلین سیدنا محمد وآلہ وصحبہ
اجمعین۔

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ میں کہ ذات اللہ سبحانہ و تعالیٰ کی
کی ذات ہمارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی [illegible]
حادث ہے یا نہیں۔ اور اس کے کیا معنی ہیں [illegible]
شان ہے جسے حضرت ربوبیت سے کچھ مناسبت ہے
اور نیز ہمارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات قدیم ہے یا
حادث۔ بینوا توجروا رحمکم اللہ۔

ھو المصوب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات حادث ہے

اور وہ قدم جس کے معنے ازلی ہونا اور مسبوق بالعدم نہ ہونا ہیں
اہل اسلام کے نزدیک حق سبحانہ و تعالے سے خاص ہے بخلاف
فلاسفہ کے کہ وہ عقول کے قدم زمانی کے قائل ہیں جیساکہ
قدم بمعنے عدم احتیاج الے الغیر بالاتفاق واجب تعالے سے
خاص ہے۔ اور صحیح حدیثیں اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ
اللہ تعالے تھا اور اس کے ساتھ کوئی شے نہ تھی۔ اور
اللہ تعالےٰ کی ذات نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی ذات کے لئے
مادہ نہیں اور یہ کیونکر جائز ہوسکتا ہے کہ قدیم حادث کے
لئے مادہ ہو۔ اور یہ جو مشہور ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم
اللہ کے نور سے پیدا کئے گئے ہیں۔ اس سے یہ مراد نہیں کہ
نور الٰہی نور محمدی کے لئے مادہ ہے۔ بلکہ اس میں اضافت تشریفی
ہے جیساکہ کعبہ کو بیت اللہ اور حضرت عیسےٰؑ کو روح اللہ
کہا جاتا ہے۔ چونکہ نور محمدی تمام نبیوں کے نور سے پہلے پیدا
کیا گیا اور اُسی وقت میں مشمول عنایت ربانیہ و عنایات
ربانیہ تھا۔ اس لئے کہا گیا کہ وہ اللہ کے نور سے ہیں واللہ
اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی
تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی انتہیٰ۔

اس بحث کے ضمن میں کئی اور مسئلے پیش آگئے ہیں جن میں طرفین
میں اختلاف ہے۔ ان میں سے ایک یہ حدیث ہے۔ عن ابی
ھریرۃ قال قالوا یا رسول اللہ متی وجبت لک النبوۃ

قال وآدم بین الروح والجسد (مشکوٰۃ - ص۵۱۳)

ترجمہ - حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ بعض صحابہ کرام نے عرض کی - یا رسول اللہ آپ کے لئے نبوت کب ثابت ہوئی - آپ نے فرمایا - جس حال میں کہ آدم روح وجسم کے درمیان تھے اُنتہے - اس حدیث سے مولوی محمد کرم الدین صاحب کے نزدیک حضور علیہ الصلاۃ والسلام کا حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش سے پہلے نبی ہونا ثابت ہوتا ہے - مگر مولوی محمد فاضل صاحب اسے تسلیم نہیں کرتے - عند التحقیق مولوی محمد کرم الدین صاحب کا قول راجح بلکہ صحیح ہے جیسا کہ عبارات ذیل سے ظاہر ہے -

(۱) علامہ شہاب خفاجی حنفی (متوفی ۱۰۶۹ھ) حدیث زیر بحث کے تحت میں تحریر فرماتے ہیں - ولیس المعنی انہ کان نبیا فی علم اللہ کما قیل لانہ لا یختص بہ بل ان اللہ خلق روحہ قبل سائر الارواح وخلع علیہا خلعۃ التشریف بالنبوۃ اعلاما للملاء الاعلی بہ واذا کانت النبوۃ صفۃ لروحہ علم انہ صلی اللہ علیہ وسلم بعد موتہ نبی رسول ولا یضر انقطاع الاحکام والوحی وقد اکمل دینہ وانکار ذلک جہل فاحفظہ فانہ نفیس جدا وھذا ھو المراد بقولہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ تعالیٰ خلق نورہ قبل ان یخلق آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام باربعۃ عشر الف عام کما رواہ

ابن القطان وفی روایۃ یسبّح ذلک النّور وتسبّح الملائکۃ بتسبیحہ وھذا یؤید انّہ صلی اللہ علیہ وسلم مرسل للملائکۃ کغیرھم فھذا صریح فی ان نبوتہ صلی اللہ علیہ وسلم ظہرت فی الوجود العینی قبل نبوۃ آدم وغیرہ وان الملائکۃ لم تعرف نبیًا قبلہ وانّہ صلی اللہ علیہ وسلم النبی المطلق وسائر الانبیاء علیھم الصّلوۃ والسّلام خلفاؤہ والشرائع شریعتہ ظھرت علی لسان کل نبی بقدر استعداد اھل زمانہ فھو صلی اللہ علیہ وسلم اوّل الانبیاء وآخرھم ولا یمکن ان یجری علی شریعتہ فلم نسخ والبینیۃ فی ھذا الحدیث الظاھر انّ المراد بھا عدم الطرفین الرّوح والجسد أی لاروح ولاجسد کما صرح بہ فی الروایۃ السّابقۃ لا آدم ولاماء ولاطین لانّک اذا قلت مسکنی بین البصرۃ والکوفۃ علم انّہ لیس بھما فاریدبہ لازمہ معناہ بطریق الکنایۃ ولیس المراد انہ قریب منھما کما یقال لون بین البیاض والحمرۃ ومزاج بین الصحۃ والمرض کما قیل ولیس معنی بین الماء والطین انہ لم یکن ماء صرفا ولاطینا صرفا لنبو المقام عنہ وعدم ملائمتہ لما قررناہ وقد حققنا ھذا المقام بما لم نسبق الیہ وللہ الحمد انتھی ملخصا (نسیم الرّیاض شرح الشفا للقاضی عیاض جزء ثانی صفحہ ۲۱۶)

ترجمہ - اس حدیث کے یہہ معنے نہیں کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اللہ تعالے کے علم میں نبی تھے جیسا کہ کہا گیا ہے کیونکہ علم الٰہی میں نبی ہونا حضرت سے خاص نہیں بلکہ یہہ معنے ہیں کہ اللہ تعالے نے آپ کی روح کو سب روحوں سے پہلے پیدا کیا - اور اُسے نبوت کا خلعت پہنایا تاکہ ملاء اعلےٰ کو اس امر کی آگاہی ہو جائے - چونکہ نبوت آپ کی روح کی صفت تھی - اس لئے معلوم ہوا کہ آپ کی وفات کے بعد کسی نبی رسول کا آنا اور احکام و وحی کا بند ہو جانا ضرور نہیں جس حال میں کہ اللہ تعالے نے آپ کا دین کامل بنا دیا ہے - اس کا انکار کرنا نادانی ہے - تو اسے یاد رکھ کیونکہ یہہ بہت نفیس بات ہے - اور یہی معنے ہیں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے اس قول کے کہ اللہ تعالے نے حضرت آدم عم کی پیدائش سے چودہ ہزار برس[ملہ] پہلے آپ کا نور پیدا کیا جیسا کہ حافظ ابن القطان (متوفی ۶۲۸ھ) نے روایت کی ہے - اور ایک روایت میں ہے کہ وہ نور تسبیح پڑھتا تھا اور اس کی تسبیح کے ساتھ فرشتے بھی تسبیح پڑھتے تھے - اور یہہ تائید ہے اس امر کی کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم فرشتوں کے لئے بھی پیغمبر ہیں جیسا کہ اوروں کے لئے ہیں - اس یہہ صریح ہے اس بات میں کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی نبوت حضرت آدم وغیرہ کی نبوت سے پہلے وجود

---

[ملہ] دیکھو مواہب لدنیہ - جزء اول - صفحہ ۱۲

عینی میں ظاہر ہوئی اور آپ سے پہلے فرشتوں کا کوئی نبیؐ نہ تھا۔ اور آپ نبی مطلق ہیں اور باقی انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام آپ کے خلیفے ہیں۔ اور اُن کی شریعتیں آپ کی شریعت ہے جو ہر نبی کی زبان سے اہل زمانہ کی استعداد کے مطابق ظاہر ہوئی۔ پس آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سب نبیوں سے پہلے اور اخیر ہیں۔ اور ممکن نہیں کہ آپ کی شریعت پر منسوخ کرنے کا قلم پھیرا جائے۔ اور اس حدیث میں بینیت سے مراد بظاہر روح وجسد ہر دو کا عدم ہے۔ یعنی (آپ نبیؐ تھے جبکہ) نہ آدمؑ کی روح تھی نہ جسد تھا جیسا کہ روایت سابقہ میں تصریح آئی ہے کہ نہ آدم تھا نہ پانی نہ مٹی۔ کیونکہ جب تو کہتا ہے کہ میرا مکان بصرہ اور کوفہ کے درمیان ہے۔ تو معلوم ہو جاتا ہے کہ وہ نہ بصرہ میں ہے نہ کوفہ میں۔ پس اس سے بطریق کنایہ لازم معنے مراد ہے۔ اور یہہ مراد نہیں کہ وہ ان دونوں کے قریب ہے جیسا کہ کہا کرتے ہیں سفیدی اور سرخی کے درمیان رنگ اور صحت ومرض کے درمیان مزاج۔ اور بین الماء والطین کے یہہ معنے نہیں کہ حضرت آدمؑ نہ خالص پانی نہ تھے اور نہ خالص مٹی تھے۔ کیونکہ یہہ معنے مقام اور تقریر بالا کے مخالف ہیں۔ ہم نے اس مقام کی جو تحقیق کی ہے وہ ہم سے پہلے کسی نے نہیں کی۔ وللہ الحمد انتہے۔

علامہ موصوف اسی حدیث کے متعلق دوسری جگہ تحریر فرماتے ہیں۔ وھھنا بحث وھو ان بین ظرف مکان معنا

بمکان توسط بین شیئین اضیف لهما وقد یکون للزمان وهو فی الاصل مصدر بمعنی افتراق ویتجوز بہ عن معان آخر کما یقال بین الخوف والرجاء أی متردد بینهما یکون تارۃ خائفًا وتارۃ راجیًا وبین الحلو والحامض أی متز والکلمۃ بین اسم وفعل وحرف أی منقسمۃ لہا۔ وقولہ فی الحدیث بین الروح والجسد لیس بمعناہ الحقیقی لاقتضائہ وجود روح آدم علیہ الصلوۃ والسلام وجسدہ حین بعث نبینا صلی اللہ علیہ وسلم ولا یصح ھذا ولا شیٔ من المعانی السابقۃ فالظاھر انہ ظرف زمان أی فی زمان کان بین خلق روحہ وجسدہ فیفید ظهور نبوتہ بعد خلق روحہ وقبل خلق جسدہ علی انہ نبأہ فی عالم الارواح واطلع الارواح علی ذلک وامرھا بمعرفۃ نبوتہ صلی اللہ علیہ وسلم والاقرار بہا و ھذا المعنی یفیدہ قولہ بین الماء والطین أی بعد خلق عناصرہ غیر مرکبۃ ولا منفوخ فیها الروح فهو بمعنی الحدیث الذی صححوہ فیکون روایۃ بالمعنی ان لم یثبت بہذا اللفظ وھذا مما لم یحم احد حول حماہ والحمد للہ الذی ھدانا لہذا وما کنا لنهتدی لولا ان ھدانا اللہ (نسیم الریاض جزء اول صـ۳۰۳) ترجمہ۔ اور اس مقام پر ایک بحث

ہے اور وہ یہ ہے کہ لفظ بین ظرف مکان ہے۔ جس کے معنے ایک مکان ہے جو دو چیزوں کے درمیان اور ان کی طرف مضاف ہو۔ اور کبھی ظرف زمان کے لئے آتا ہے۔ اصل میں یہ مصدر ہے بمعنے افتراق۔ اور مجازاً اور معنے کے لئے بھی آتا ہے۔ مثلاً کہا جاتا ہے۔ خوف وامید کے درمیان یعنی دونوں میں متردد کہ کبھی خائف ہو اور کبھی امید وار۔ اور شیریں اور ترش کے درمیان یعنی ترش شیریں۔ اور کلمہ اسم و فعل و حرف کے درمیان ہے یعنی اس کی تین قسمیں ہیں۔ اور حدیث میں جو بین الروح والجسد ہے وہ حقیقی معنے میں نہیں کیونکہ حقیقی معنے تو ہمارے پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے وقت حضرت آدم علےٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی روح اور جسد کے وجود کے مقتضی ہیں اور یہ صحیح نہیں۔ اور نہ پہلے معنوں میں سے کوئی معنے درست ہو سکتے ہیں۔ لہٰذا ظاہر یہ ہے کہ یہ کلمہ ظرف زمان ہے۔ یعنی (آپ نبی تھے) اس زمانے میں جو حضرت آدمؑ کی روح اور جسد کے پیدا کرنے کے درمیان تھا۔ پس اس سے پایا جاتا ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نبوت حضرت آدم علیہ السلام کی روح کی پیدائش کے بعد اور جسد کی پیدائش سے پہلے ظاہر ہوئی بدیں طور کہ اللہ تعالےٰ نے آپ کو عالم ارواح میں نبی بنایا اور ارواح کو اس سے آگاہ کیا اور ارواح کو حکم دیا کہ حضرت کی نبوت کو پہچانیں اور اس کا اقرار کریں۔ یہی معنے ہیں بین الماء والطین کے یعنی حضرت

آدم ہوئے عناصر کی پیدائش کے بعد در انحالیکہ وہ عناصر مرکب نہ ہوئے تھے اور ان میں روح نہ پھونکی گئی تھی۔ پس یہ (وآدم بین الماء والطین) اس حدیث کے معنے میں ہوا جس کو حفاظ حدیث نے صحیح کہا ہے۔ اسی طرح یہ روایت بالمعنے ہوئی اگر ان الفاظ سے ثابت نہ ہو۔ اور اس بحث کو کسی نے بیان نہیں کیا۔ والحمد للہ الذی ھدانا لھذا وما کنا لنھتدی لولا ان ھدانا اللہ انتھی۔

(۴) امام شرف الدین بوصیری رحمہ اللہ تعالیٰ (متوفی ۶۹۴ھ) اپنے قصیدہ بردہ میں فرماتے ہیں۔

وکل آی اتی الرسل الکرام بھا — فانما اتصلت من نورہ بھم

(اور تمام آیات معجزات جو بزرگ رسول لائے — وہ صرف حضور کے نور سے ان کو پہنچے)

علامہ شہاب خفاجی اس بیت کے متعلق لکھتے ہیں۔ اقول الحق ان نقول ان اللہ خلق روحہ صلی اللہ علیہ وسلم قبل الارواح وخلع علیھا خلعۃ النبوۃ ثم خلق ارواح البشر وامر ارواح الانبیاء بان یؤمنوا واخذ علیھم المیثاق باتباعہ ان ادرکوہ کما نطق بہ الکتاب العزیز فلما اجابوہ اشرق علیھم نورہ الروحانی الربانی وصارت فی ارواحھم قوۃ مستعدۃ لاظھار المعجزات کما الاولیاء امتہ اذا اظھروا الکرامات لما اشرق علیھم نورہ وھذا ھو الذی قصدہ

الابوصیری رحمہ اللہ تعالے فاعرفہ (نسیم الریاض-
جزء ثانی صفحہ ۱۳۱)- ترجمہ میں کہتا ہوں کہ حق یہ ہے کہ ہم
کہیں کہ اللہ تعالےٰ نے سب روحوں سے پہلے حضور
اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کی روح پیدا کی - اور اُسے
نبوت کا خلعت پہنایا - پھر انسانوں کی روحیں پیدا
کیں - اور پیغمبروں کی روحوں کو حکم دیا کہ حضرت پر ایمان
لائیں - اور ان سے آپ کی پیروی کا عہد لیا اگر وہ آپ
کے زمانے کو پائیں جیسا کہ قرآن[1] کریم سے ظاہر ہے - جب
انہوں نے اقرار کر لیا - تو حضرت کا روحانی ربانی نور ان پر
چمکا - اور ان کی روحوں میں معجزے ظاہر کرنے کی قوتیں پیدا

---

[1] اس آیت کی طرف اشارہ ہے - واذ اخذ اللہ میثاق
النبیین لما اٰتیتکم من کتٰب وحکمۃ ثم جآءکم
رسول مصدق لما معکم لتؤمنن بہ ولتنصرنہ ط
قال ءاقررتم واخذتم علٰی ذلکم اصری ط قالوا اقررنا ط
قال فاشھدوا وانا معکم من الشٰھدین (آل عمران - ع ۹)
ترجمہ - اور جب وقت اللہ نے پیغمبروں کا عہد لیا - البتہ جو کچھ میں
تم کو کتاب اور حکمت سے دوں - پھر تمہارے پاس رسول آوے تصدیق
کرنے والا اُس کو جو تمہارے ساتھ ہے - اس پر ضرور ایمان لائیو اور
ضرور اس کو مدد دیجو - کہا کیا تم نے اقرار کیا اور اس پر میرا بھاری
عہد لیا - انہوں نے کہا - ہم نے اقرار کیا - کہا پس تم شاہد رہو اور میں
تمہارے ساتھ شاہدوں میں سے ہوں انتہی - ۱۱۲ ✦

ہوگئیں جیساکہ اولیاے اُمت نے کرامات ظاہر کیں جب ان پر حضرت کا نور چمکا - اور یہی مقصود ہے امام بوصیری رحمہ اللہ تعالےٰ کا۔ پس تو اسے جان لے انتہے -

(۳) شیخ عبدالحق محدث دہلوی فرماتے ہیں - و فضیلت اعلےٰ و اکمل وے صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم آنست کہ پروردگار تعالےٰ روح او را پیشتر از ارواح خلائق پیدا کردہ و ارواح سائر مکونات را از نور روح وے منشعب گردانیدہ ہمہ را از نور وے آفریدہ و وے صلے اللہ علیہ وسلم نبی بودہ و آدم ہنوز میان روح و جسد بود کما رواہ الترمذی عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ - و در عالم ارواح نیز فیض بارواح انبیا از روح او رسیدہ شعر -

وکل آی اتی الرسل الکرام بہا - فانما اتصلت من نورہ بہم

فانہ شمس فضل ھم کواکبہا - یظہرن انوارھا للناس فی الظلم

یعنی آنکہ آفتاب روح او در پردہ غیب بود کواکب ثواقب حضرات انبیا کہ متنور بنور او بودند ظہور نمودند - و چوں آفتاب نبوت وے ظہور کرد محو و مختفی شدند بعینہ در رنگ ظہور کواکب در شب و اختفاے ایشاں نزد طلوع آفتاب چنانکہ ابوہریرہ روایت کردہ کہ فرمود آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم من اول انبیا ام در خلق و آخر ایشانم در بعث (مدارج النبوۃ -

جلد اول۔ صفحہ ۱۴۴)

(۴) شیخ ابن حجر مکی تحریر فرماتے ہیں۔ وصح خبر متی کنت او کتبت نبیا قال وآدم بین الروح والجسد ولیس المراد من ذٰلک التقدیر لان غیرہ کذلک بل الاشارۃ الی کون روحہ العلیۃ ثبت لہا ذٰلک الوصف دون غیرہا فی عالم الارواح اذ ورد ان الارواح خلقت قبل الاجساد بالفی عام (شرح ہمزیہ۔ صفحہ ۱) ۔ ترجمہ یہ حدیث ثابت ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے دریافت کیا گیا کہ آپ کب نبی تھے یا کب نبی لکھے گئے۔ آپ نے فرمایا۔ جس حال میں کہ آدمؑ روح وجسم کے درمیان تھے۔ اس سے مراد علم وتقدیر الٰہی نہیں کیونکہ دوسرے انبیاءؑ بھی ایسے ہی تھے۔ بلکہ اس امر کی طرف اشارہ ہے کہ آپ کی روح شریف کے لئے یہ وصف عالم ارواح میں ثابت تھا جو دوسروں کے لئے نہ تھا۔ کیونکہ حدیث میں وارد ہے کہ روحیں دو ہزار[1] سال جسموں سے پہلے پیدا کی گئیں انتہے۔

(۵) امام تقی الدین سبکی (متوفی ۷۵۶ھ) اپنے رسالہ التعظیم والمنۃ فی لتؤمنن بہ ولتنصرنہ میں لکھتے ہیں۔ وتبین بذلک معنے قولہ صلے اللہ علیہ وسلم کنت نبیا وآدم

---

[1] بعض روایتوں میں چار ہزار آیا ہے۔ وروی باربعۃ الاف اھ ابن قاسم رحاشیہ شرح الھمزیۃ۔ صفحہ ۱)

بین الرّوح والجسد وان من فسرہ بعلم اللہ بانہ سیصیر نبیا لم یصل الی ھذا المعنی لانّ علم اللہ محیط بجمیع الاشیاء ووصف النبی صلے اللہ علیہ وسلم بالنبوۃ فی ذلک الوقت ینبغی ان یفھم منہ انہ امر ثابت لہ فی ذلک الوقت ولھذا رأی آدم اسمہ مکتوبا علی العرش محمد رسول اللہ فلا بد ان یکون ذلک معنے ثابتا فی ذلک الوقت ولو کان المراد بذلک مجرد العلم بما سیصیر فی المستقبل لم یکن لہ خصوصیۃ بانہ نبی وآدم بین الرّوح والجسد لان جمیع الانبیاء یعلم اللہ نبوتھم فی ذلک الوقت وقبلہ فلا بد من خصوصیۃ للنبی صلے اللہ علیہ وسلم لاجلھا اخبر بھذا الخبر اعلاما لامتہ لیعرفوا قدرہ عند اللہ تعالی (خصائص کبریٰ للسیوطی جلد اول صک) - **ترجمہ** اور اس سے حدیث (کنت نبیا وآدم بین الرّوح والجسد) کے معنے ظاہر ہو جاتے ہیں اور یہ بھی ظاہر ہو جاتا ہے کہ جس شخص نے اس حدیث کے یہ معنے لئے ہیں کہ اللہ تعالےٰ کو علم تھا کہ حضرت نبی ہوں گے وہ اس مطلب کو نہیں پہنچا - کیونکہ اللہ تعالےٰ کا علم تو تمام اشیاء کو محیط ہے - اس وقت میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو نبوت کے ساتھ متصف کرنے سے یہ ضرور سمجھا جانا چاہئے کہ یہ وصف آپ کے لئے اس وقت میں ثابت تھا - اسیواسطے حضرت آدمؑ نے آپ کا اسم گرامی عرش پر محمد رسول اللہ لکھا دیکھا - پس ضرور ہے

کہ وہ وصف آپ کے لئے اس وقت ثابت ہو۔ اگر اس سے مُراد فقط اسی قدر ہو کہ اللہ تعالےٰ کو علم تھا کہ حضرت، زمانہ آئندہ میں پیغمبر ہوں گے۔ تو آپ کے لئے یہ خصوصیت نہ ہوئی کہ آپ پیغمبر تھے اُس حال میں کہ حضرت آدمؑ روح وجسد کے درمیان تھے۔ کیونکہ تمام پیغمبروں کی نبوتوں کو اللہ تعالےٰ اُس وقت اور اس وقت کے بعد جانتا تھا۔ اس لئے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے لئے کوئی ایسی خصوصیت ہونی چاہیئے جس کے لئے آپ نے اس حدیث کے ساتھ اپنی امت کو آگاہ کر دیا تاکہ وہ اللہ تعالےٰ کے نزدیک آپ کی قدر کو پہچانیں انتہے۔

(۶) مولانا علی القاری (متوفی ۱۰۱۴ھ) تحریر فرماتے ہیں۔

یدل حدیث کنت نبیا وآدم بین الروح والجسد علی انه متصف بوصف النبوة فی عالم الارواح قبل خلق الاشباح وھذا وصف خاص له لا انه محمول علی خلقه للنبوة واستعداده للرسالة کما یفھم من کلام الامام حجة الاسلام فانه حینئذ لا تمیز عن غیره حتی یصلح ان یکون ممدوحا بھذا النعت بین الانام (شرح فقہ اکبر مطبوعہ لاھور ص۴۲) ترجمہ حدیث کنت نبیاً دلالت کرتی ہے کہ حضرت اجسام کی پیدائش سے پہلے عالم ارواح میں صفت نبوت کے ساتھ متصف تھے۔ اور یہ وصف آپ کے لئے خاص تھا اس کے یہ معنے نہیں کہ آپ نبوت ورسالت کے لئے پیدا کیے گئے جیسا کہ امام حجۃ الاسلام غزالی کے کلام سے سمجھا جاتا ہے

کیونکہ اُس صورت میں آپ کے لئے غیر سے کوئی امتیاز نہیں رہتا کہ جس سے آپ لوگوں میں اس وصف کے سبب ممدوح ہونے کے قابل ہوں انتہی۔ مواہب لدنیہ اور شرح دلائل الخیرات للعلامہ الفاسی میں بھی یہی مضمون موجود ہے۔ مگر نظر بر اختصار یہاں نقل نہیں کیا گیا۔

ایک اور مسئلہ جو ضمن بحث میں مذکور ہے یہ ہے کہ آیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا سایہ تھا یا نہ۔ اس میں بھی مولوی محمد فاضل صاحب ثبوت طلب کرتے ہیں۔ مولوی محمد کرم الدین صاحب نے یہ درست فرمایا ہے کہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام چونکہ نور تھے اس لئے آپ کا سایہ نہ تھا۔ مگر یہاں بھی مزید توضیح درکار ہے۔ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کی نسبت جب کسی امر کی بحث ہو تو حضور کی شان والا کو مدنظر رکھنا فرض ہے۔ کوئی کلمہ موہم تنقیص شان نہ ہونا چاہیئے۔ اس میں شک نہیں کہ ہر انسان کو خدا نے جسم دیا ہے۔ مگر حضور اقدس بابی ہو و اُمی کے جسد شریف سے اُسے کیا نسبت۔ علامہ قسطلانی فرماتے ہیں۔ ان من تمام الایمان بہ صلے اللہ علیہ وسلم الایمان بان اللہ تعالے جعل خلق بدنہ الشریف علی وجہ لم یظہر قبلہ ولا بعدہ خلق آدمی مثلہ فیکون ما یشاہد من خلق بدنہ آیات علی ما یتضمن من تعظیم خلق نفسہ الکریمۃ وما تضمنہ من عظیم اخلاق نفسہ آیات علی ما تحقق لہ من سر قلبہ

المقدس ( مواہب لدنیہ جزء اوّل صفحہ ۲۴۵ ) اس عبارت کا
مطلب یہ ہے کہ اگر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر ہمارا
پورا ایمان ہے ۔ تو ہمیں اعتقاد کرنی چاہیئے کہ اللہ تعالےٰ
نے آپ کے بدن شریف کو اس شکل وہیئت کا بنایا ہے کہ آپ سے
پہلے اور پیچھے کسی انسان کا بدن ایسا نہیں بنایا ۔ پس آپ
کے بدن شریف کا ظاہر حال آپ کے اخلاق حسنہ کی دلیل ہے ۔
اور آپ کے اخلاق حسنہ ان علوم و معارف کی دلیل ہیں جو
آپ کے قلب مبارک کو عطا کئے گئے ۔ اگرچہ حضور سے بیشمار
کمالات ظاہر ہوئے ۔ مگر وہ حضور کے ان کمالات کی نسبت
جو پوشیدہ رہے سمندر میں سے ایک قطرہ کی مثل تھے ۔ علامہ
شہاب خفاجی لکھتے ہیں ۔ حاصلہ ان اللہ خلقہ صلے اللہ
علیہ وسلم کامل البنیۃ مکملۃ فاقتضت الحکمۃ الربانیۃ
ان یکون جسمہ احسن الاجسام وقلبہ اقوی القلوب
کما ان روحہ صلے اللہ علیہ وسلم اعظم الارواح
وانورھا ( نسیم الریاض جزء ثانی صفحہ ۲۳۹ ) ۔
ترجمہ ۔ حاصل کلام یہ کہ اللہ تعالےٰ نے آنحضرت صلے اللہ
علیہ وسلم کو مکمل کامل الخلقت پیدا کیا ۔ پس حکمت الٰہی مقتضی
ہوئی کہ آپ کا جسم اطہر احسن الاجسام اور آپ کا قلب
شریف اقوی القلوب ہو جیسا کہ آپ کی روح پاک اعظم
الارواح اور انور الارواح ہے انتہٰی ۔ حضرت عبداللہ بن
رواحہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ ( متوفی سنہ ۸ھ ) نے کیا خوب فرمایا ہے ؎

لو لم یکن فیہ آیات مبینہ ۔ لکان منظرہ ینبئک بالخبر
(اگر آپ میں معجزات نہ بھی ہوتے ۔ تو آپ کا ظاہر ہی بتا دیتا [illegible])

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے نور پاک کے سبب آپ کے
تمام اجداد حسین و مرجع خلائق تھے ۔ اور وہ نور ان کی
پیشانیوں میں مثل نور قمر [illegible]
پایا جاتا ہے کہ جس طرح حضور کا نور پاک [illegible]
پہلے پیدا ہوا ۔ آپ کے جسم مبارک کا مادہ [illegible]

---

لہ روی ابن الجوزی فی الوفاء [illegible]
لما اراد ان یخلق محمدا صلی اللہ علیہ [illegible] جبرئیل
علیہ الصلوۃ والسلام ان یاتیہ بالطینۃ البیضاء [illegible]
فی ملائکۃ الفردوس [illegible] وقبض قبضۃ من موضع قبرہ [illegible]
[illegible] بماء التسنیم [illegible] معین الجنۃ حتی صار [illegible]
کالدرۃ البیضاء لہا شعاع عظیم ثم طافت بہا الملائکۃ
حول العرش والکرسی والسموات والارض [illegible]
الملائکۃ [illegible] قبل ان عرفت آدم علیہ الصلوۃ والسلام
(النسیم الریاض ۔ جزء ثانی ۔ [illegible]
اول ۔ ص [illegible] ۔ مرقات شرح مشکوۃ جزء خامس [illegible]
ترجمہ امام ابن جوزی نے اپنی کتاب وفا میں حضرت کعب احبار [illegible]
روایت کی کہ جب اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم [illegible]

کے مادوں سے پہلے پیدا کیا گیا۔ اور وہ بڑے سفید موتی کی مانند چمکتا تھا۔ اُسی کو آپ کے آبا کی پشتوں میں بطور امانت رکھا گیا۔ لہٰذا آپ کے جسد اطہر کا کیا بیان ہو سکتا ہے۔ آپ کا چہرہ مبارک چودھویں رات کے چاند کی مثل چمکتا تھا (شمائل ترمذی باب ما جاء فی خلق رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم)۔ آپ اندھیری رات میں روز روشن کی طرح دیکھتے تھے (خصائص کبریٰ للسیوطی بحوالہ بیہقی۔ جزء اول۔ صلا)۔ آپ نے فرمایا کہ مجھ سے تمہارا رکوع و خشوع پوشیدہ نہیں۔ میں تم کو اپنی پیٹھ کے پیچھے دیکھتا ہوں (صحیح بخاری۔ باب الخشوع فی الصلوٰۃ)۔ آپ جب کلام فرماتے۔ تو دندانہائے پیشیں میں سے نور نکلتا دکھائی دیتا تھا۔ آپ کی گردن مبارک کیا تھی گویا تصویر عاج کی گردن تھی چاندی کی مانند صاف (شمائل ترمذی۔ باب ما جاء فی خلق رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم) آپ کی پشت

---

(متعلق صفحہ سابقہ) کو پیدا کرنا چاہا۔ تو حضرت جبریل علیہ السلام کو حکم دیا کہ سفید مٹی لائے۔ پس حضرت جبریلؑ بہشت کے فرشتوں کے ساتھ اترے اور حضور کی قبر شریف کی جگہ سے ایک سفید چمکتی دمکتی مٹھی بھر خاک اُٹھالی پھر وہ مشتِ خاکِ سفید بہشت کے چشمہ میں تسنیم کے پانی سے گوندھی گئی یہانتک کہ سفید بڑے موتی کی مانند ہو گئی جس کی بڑی شعاع تھی۔ پھر وہ فرشتے اُسے لیکر عرش و کرسی کے گرد اور آسمانوں اور زمین میں پھرے یہانتک کہ تمام فرشتوں نے آپ کو حضرت آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی پیدائش سے پہلے پہچان لیا۔ انتہے۔ ۱۲ ۞

مبارک ایسی صاف۔ سفید تھی کہ گویا پگھلائی ہوئی چاندی ہے۔ (خصائص کبریٰ۔ جزء اول۔ ص۶۳)۔ جب آپ ضحک فرماتے تو دیواریں روشن ہو جاتیں۔ (خصائص کبریٰ۔ جزء اول ص۶۳)

غرض جب یہ امر مسلّم ہے کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کے جسم اقدس سا کوئی جسم لطیف پیدا نہیں ہوا۔ اور نہ ہوگا۔ تو عقلاً یہ محال نہیں کہ آپ کے جسم اطہر کا سایہ نہ ہو۔ اب عقل کے ساتھ نقل کو بھی دیکھئے۔

(۱) امام زرقانی شرح مواہب میں لکھتے ہیں۔ (ولم یکن له صلے اللہ علیه وسلم ظل فی شمس ولا قمر) لانه کان نوراً کما قال ابن سبع وقال رزین لغلبة انواره قیل وحکمة ذلك صیانته عن ان یطأ کافر علی ظله (رواه الترمذی الحکیم عن ذکوان) ابی صالح السمان الزیات المدنی او ابی عمرو المدنی مولی عائشة وکل منهما ثقة من التابعین فهو مرسل لکن روی ابن المبارك و ابن الجوزی عن ابن عباس لم یکن للنبی صلے اللہ علیه وسلم ظل ولم یقم مع الشمس قط الا غلب ضوءه ضوء الشمس ولم یقم مع سراج قط الا غلب ضوء السراج (وقال ابن سبع کان صلے اللہ علیه وسلم نوراً فکان اذا مشی فی الشمس او القمر لا یظهر له ظل) لان النور لا ظل له (قال غیره ویشهد له قوله صلے اللہ علیه وسلم فی دعائه) لما سأل اللہ تعالیٰ ان یجعل فی جمیع اعضائه وجهاته

نوراً الخ ثم بقوله (واجعلني نوراً) أي والنور لا ظل له وبه يتم الاستشهاد (شرح زرقانی على المواهب —
جزء ۵ … ترجمہ :- آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا سایہ نہ تھا (نہ آفتاب میں اور نہ چاند میں) کیونکہ آپ نور تھے جیسا کہ امام ابن سبع نے کہا ہے - اور ابن رزین نے کہا کہ آپ کے انوار کے غلبہ کے سبب آپ کا سایہ نہ تھا اور کہا گیا ہے کہ آپ کا سایہ نہ ہونے میں حکمت یہ تھی کہ آپ اس امر سے محفوظ رہیں کہ آپ کے سایہ کو کوئی کافر پامال کرے (روایت کیا ہے اس کو حکیم ترمذی نے ذکوان سے) یعنی ابو صالح سمان زیات مدنی سے جو حضرت عائشہ کے غلام تھے - اور ان دونوں میں سے ہر ایک تابعی ہے - پس یہ حدیث مرسل ہے - لیکن ابن مبارک اور ابن جوزی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کی کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کا سایہ نہ تھا - آپ جب کبھی دھوپ میں کھڑے ہوتے - تو آپ کا نور آفتاب کی روشنی پر غالب آجاتا اور جب آپ چراغ کی روشنی میں کھڑے ہوتے - تو آپ کا نور چراغ کی روشنی پر غالب آجاتا (اور ابن سبع نے کہا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نور تھے - اس لئے جب آپ دھوپ یا چاندنی میں چلتے - تو آپ کا سایہ ظاہر نہ ہوتا) کیونکہ نور کا سایہ نہیں ہوتا - (ابن سبع کے سوا اوروں نے کہا کہ اس کا شاہد ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا قول اپنی دعا میں) جب آپ نے اللہ تعالےٰ سے دعا مانگی کہ وہ

آپ کے تمام اعضا اور جہات میں نور کر [illegible]

ہوا، گویا [illegible] تصیر نور کر دیئے [illegible]

سے استشہاد پورا ہو جاتا ہے [illegible]

اور [illegible]

[illegible]

[illegible] (جلد اول [illegible]) اور مدارج النبوۃ [illegible]

(جلد اول [illegible]) اور [illegible] جلد اول [illegible]

[illegible]

[illegible] واعضائه [illegible]

[illegible]

[illegible]

بالله [illegible]

الله تعالى عليه [illegible]

وسلم [illegible]

[illegible]

